

صداقت، ثقافت اور قومی شعور کا ترجمان
کوئٹہ، گوادر، حب، اسلام آباد، کراچی اور پشاور سے بیک وقت شائع ہونیوالا اردو روزنامہ
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت A.B.C Certified بلوچستان کا کثیر الاشاعت اخبار
Daily
ASKAR INTERNATIONAL
QUETTA
MEMBER A.P.N.S
روزنامہ
عسکر انٹرنیشنل کوئٹہ
چیف ایڈیٹر: سید فاروق شاہ
رجسٹرڈ نمبر BC-A-21
Dailyaskar.com.pk Dailyaskarisb@gmail.com
جلد نمبر 24 | بروز بدھ 25 نومبر 2026ء / 14 جمادی الثانی 1448 ہجری / قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 29

حقائق مسخ کرکے احساسِ محرومی کا بیانیہ بنایا جارہا ہے، آج بلوچستان کے غریب محنت کش کا بچہ بھی ایچی سن اور لارنس کالج جیسے بڑے اداروں میں زیرِ تعلیم ہے، عام آدمی کا معیارِ زندگی بہتر بنانا ترجیح ہے

بلوچستان کو کوئی نہیں توڑ سکتا

وزیراعلیٰ بلوچستان

بیرونِ ملک بیٹھے عناصر سوشل میڈیا پر نوجوانوں کی منفی ذہن سازی کر رہے ہیں، نوجوان پروپیگنڈے اور حقائق میں فرق سمجھیں،، گورننس کی بہتری کے لیے اصلاحات جاری ہیں، 28ویں نیشنل سیکیورٹی ورکشاپ کے شرکا خطاب

کوئٹہ (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے 28ویں نیشنل سیکیورٹی ورکشاپ کے شرکا سے تفصیلی خطاب کرتے ہوئے دوٹوک الفاظ میں کہا ہے کہ بلوچستان کو کوئی نہیں توڑ سکتا اور پاکستان تا قیامت قائم و دائم رہے گا، کیونکہ بلوچستان پاکستان کا ناقابلِ تنسیخ حصہ ہے اور ملکی سالمیت و قومی یکجہتی پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا۔ انہوں نے واضح کیا کہ دہشت گردی چاہے مذہب کے نام پر ہو یا قوم پرستی کے نام پر، کسی صورت قابلِ ———(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 2پر)

صوبوں کے معاملے پر واضح موقف ہے کہ عوامی رائے لیں، وزیر اطلاعات

سیاسی استحکام کے لئے ہماری توجہ سیاسی پوائنٹ سکورنگ کی بجائے عوامی خدمت اور عملی اقدامات پر مرکوز ہونی چاہیے

عوامی رائے پارلیمنٹ میں پیش کرنے کا وقت آئے گا تو اسے پارلیمنٹ میں لے آئیں گے، عطاء اللہ تارڑ

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطااللہ تارڑ نے کہا ہے کہ سیاسی استحکام کے لئے ضروری ہے کہ ہماری توجہ سیاسی پوائنٹ سکورنگ کی بجائے عوامی خدمت اور عملی اقدامات پر مرکوز ہو۔ منگل کو یہاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ نئے صوبوں کے قیام کے معاملے پر عوامی رائے لینے میں کوئی حرج نہیں، عوامی رائے صوبوں کے قیام کے ———(بقیہ 5 اندرونی صفحہ 2پر)

باباگرونانک کا جنم دن، صدر و وزیراعظم کی سکھ برادری کو مبارکباد

آصف علی زرداری اور شہباز شریف کا امن، مساوات اور بین المذاہب ہم آہنگی پر زور

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) صدر مملکت ———(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 2پر)

190 ملین پاؤنڈز کیس، عمران خان کی سزا کیخلاف اپیلوں کی لائیو اسٹریمنگ کی درخواست

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) 190 ملین پاؤ ———(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 2پر)

فیلڈ مارشل ملائیشیا کے نیشنل ڈیفنس اسٹڈیز سینٹر کے ہال آف فیم میں شامل

وزیراعظم شہباز شریف سمیت دیگر سیاسی رہنماؤں کی فیلڈ مارشل کو مبارکباد

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) فیلڈ مارشل اور ———(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 2پر)

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی 28ویں نیشنل سیکیورٹی ورکشاپ کے شرکاء کے سوالات کے جواب دے رہے ہیں

کراچی اور گوادر کو وفاق کے ماتحت لانے کی تجویز زیر غور ہے، وزیر دفاع

27ویں آئینی ترمیم سے سب سے زیادہ فائدہ صدر آصف علی زرداری کو ہوا، بلاول بھٹو کا گن پوائنٹ والا بیان منافقت ہے

2029 کے انتخابات نئے نظام کے تحت ہوں گے، وزارت دفاع میں فوج کے نقطہ نظر کو فوقیت حاصل ہوتی ہے، خواجہ آصف کا انٹرویو

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ کراچی اور گوادر کو وفاق کے ماتحت لانے کا پروپوزل ہے اس پر بات بھی ہوئی ہے، سیاست میں مشکل سے سیکھا ہے کہ بال باہر جا رہا ہو تو نہیں کھیلنا چاہیے، رانا ثنا اللہ اور محسن نقوی دونوں ہماری کابینہ کا حصہ ہیں، میری خواہش ہے کہ وزیر اعظم شہباز شریف اس بیان بازی کو رکوائیں۔ ایک انٹرویو میں وزیر دفاع نے کہا کہ ———(بقیہ 6 اندرونی صفحہ 2پر)

دہشتگردی کا خاتمہ ہوگا، وفاق KPK ساتھ کھڑا ہے، وزیراعظم

پاکستان کشمیری عوام کی حقِ خودارادیت کے حصول تک ان کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گا، وزیراعظم کی آزاد جموں وکشمیر کے وزیراعظم سے ملاقات

خیبر پختونخوا کے عوام کو صحت، تعلیم اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام ممکنہ وسائل بروئے کار لائے جائیں،: وزیراعظم کا گورنر کے پی سے ملاقات میں اظہارِ خیال

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف سے گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کے ہمراہ ملاقات کی اور اس موقع پر صوبے میں دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور عوام کی فلاح و بہبود کے لیے وفاقی حکومت کی جانب سے مکمل تعاون کا یقین دلایا گیا۔ وزیراعظم آفس سے جاری اعلامیے کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف سے گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے ملاقات کی اور وزیراعظم نے صوبے میں دہشت گردی کے مکمل خاتمے، پائیدار امن اور عوام کی فلاح و بہبود کے لیے وفاقی حکومت ———(بقیہ 7 اندرونی صفحہ 2پر)

وزیراعظم کی زیرصدارت اجلاس میں آسان خدمت سینٹر اور تھرڈ پارٹی آڈٹ پر تبادلہ خیال

تھرڈ پارٹی کنٹریکٹر کے تحت کام کرنے والا ملازم مستقل ہونے کا حقدار نہیں، آئینی عدالت

وفاقی آئینی عدالت نے این آئی آر سی اور ہائی کورٹ احکامات کو کالعدم قرار دے دیا، جسٹس ارشد حسین کا اختلافی نوٹ

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی آئینی عدالت نے این آئی آر سی اور ہائی کورٹ احکامات کو کالعدم قرار دیتے ہوئے اہم فیصلہ جاری کیا کہ تھرڈ پارٹی کنٹریکٹر کے ذریعے کام کرنے والا ملازم مستقل ہونے کا حق دار نہیں ہے۔ جسٹس عامر فاروق نے 18 صفحات پر مشتمل فیصلہ تحریر کیا۔ جسٹس روزی خان نے جسٹس عامر فاروق کے فیصلوں سے اتفاق جبکہ جسٹس ارشد حسین نے فیصلہ سے اختلاف کیا۔ آئینی عدالت نے تحریری فیصلہ میں لکھا کہ ———(بقیہ 8 اندرونی صفحہ 2پر)

آپ اس قوم کو برباد کرنے والے ہیں، عمران خان سر جھکانے کو تیار نہیں، سلمان اکرم

مولانا کو نظر بند کر کے وکلا کو للکارا گیا، یہ ریاست برداشت نہیں کر رہی کہ آئین اور قانون کی بات ہو سکے

لاہور (جی این ایم) پی ٹی آئی کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ نے کہا ہے کہ عمران خان سر جھکانے کو تیار نہیں، ہم کھڑے ہیں، ہم نے اس ملک کو حق اور قانون کو بحال کروانا ہے، آپ اس قوم کو برباد کرنے والے ہیں۔ وہ لاہور ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن کی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ تقریب میں آل پارٹیز کانفرنس میں محمود خان اچکزئی، چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر، اسد قیصر، سلمان اکرم راجا اور راجا ناصر عباس نے شرکت کی، معروف صحافی ———(بقیہ 9 اندرونی صفحہ 2پر)

ملک کے 167 اضلاع میں سال کی آخری انسدادِ پولیو مہم 12 دسمبر سے شروع ہوگی

4 کروڑ 50 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے

اسلام آباد (جی این ایم) ملک کے 167 اضلاع میں رواں سال کی تیسری اور آخری انسدادِ پولیو مہم 12 دسمبر سے چلائی جائے گی۔ نیشنل ایمرجنسی آپریشنز سینٹر (این ای او سی) کے مطابق 7 روزہ انسدادِ پولیو مہم میں ملک بھر میں 4 کروڑ 50 لاکھ سے ———(بقیہ 16 اندرونی صفحہ 2پر)

جھینگا فارمنگ کے فروغ کیلئے سفارشات کو حتمی شکل دی جا رہی ہے، جنید انوار

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر برائے بحری امور محمد جنید انوار چوہدری نے پاکستان میں جھینگا فارمنگ کے فروغ کے لئے جامع روڈ میپ تیار کرنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس شعبے کو مضبوط بنانے، ویلیو چین بہتر کرنے اور پیداوار، سرمایہ کاری اور برآمدات میں اضافے کیلئے ———(بقیہ 10 اندرونی صفحہ 2پر)

مشرق وسطی کی صورتحال اور حوثیوں کے حملوں کے باعث فضائی آپریشن متاثر

لاہور (جی این ایم) علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے اندرون اور بیرون ملک جانے اور آنے والی 25 پروازیں تاخیر کا شکار ہوگئیں۔ ایئرپورٹ ذرائع کے مطابق پروازوں میں ایک سے پانچ گھنٹے تک تاخیر ہوئی۔ ذرائع کے مطابق ریاض کے بعد جدہ جانے والی پروازوں کی روانگی میں بھی پانچ سے سات گھنٹے کی تاخیر ریکارڈ کی گئی جبکہ متعدد ایئرلائنز ———(بقیہ 18 اندرونی صفحہ 2پر)

مستونگ میں دھماکے سے ایک اور پل تباہ، کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ ٹریفک کیلئے بند

حکام کی جانب سے مسافروں کو متبادل راستہ اختیار کرنے کی ہدایت

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان کے ضلع مستونگ کے علاقے کھڈکوچہ میں دھماکے سے ایک اور پل تباہ کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق پل کو دھماکا خیز مواد سے اڑا دیا گیا جس کے سبب کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ ٹریفک کیلئے مکمل بند ہوگئی۔ حکام کی جانب سے ———(بقیہ 11 اندرونی صفحہ 2پر)

مولانا کو بغیر نوٹس کے محصور کیا گیا، عدالتیں حقوق نہیں دیں گی تو کون دے گا، کامران مرتضی

مولانا فضل الرحمان اور غفور حیدری کو گھر سے نکلنے کی اجازت نہیں دی گئی، پولیس نے ان کے گھر کا گھیراؤ کر لیا

لاہور (اے این این) سینیٹر کامران مرتضی نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان اور مولانا غفور حیدری کو گھر سے نکلنے کی اجازت نہیں دی گئی۔ انہوں نے کہا کہ لاہور ہائیکورٹ بار کی یہ ایک اچھی کاوش ہے، آج ہم دو ایجنڈوں پر اکٹھے ہوئے ہیں، یہ درخواست کروں گا ———(بقیہ 16 اندرونی صفحہ 2پر)

وزیراعظم کی فیلڈ مارشل کو ملائیشیا کے ہال آف فیم میں شامل ہونے پر مبارکباد

فیلڈ مارشل کی قائدانہ صلاحیتیں اور دفاعِ وطن کیلئے غیر متزلزل عزم قابلِ تحسین ہے، شہباز شریف

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم شہباز شریف نے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو ملائیشیا کے نیشنل ڈیفنس اسٹڈیز سینٹر کے ہال آف فیم میں شامل ہونے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ قوم کی ثابت قدمی اور غیر متزلزل حمایت ہماری سب سے بڑی ———(بقیہ 17 اندرونی صفحہ 2پر)

لاہور، پولیس نے مولانا فضل الرحمان کی قیام گاہ کا محاصرہ کرلیا

لاہور (جی این ایم) پنجاب پولیس کی بھاری نفری نے لاہور میں امیر جے یو آئی مولانا فضل الرحمان کی قیام گاہ کا محاصرہ کرلیا۔ جے یو آئی کی جانب سے جاری بیان کے مطابق مولانا فضل الرحمان گزشتہ شب لاہور پہنچے تھے جہاں انہیں ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کی دعوت پر وکلا سے خطاب کرنا ———(بقیہ 12 اندرونی صفحہ 2پر)

پاکستان کا خلائی سفر میں تاریخی قدم، ذیشان علی چینی مشن کے ہمراہ خلا میں جائیں گے

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان خلائی تحقیق کے میدان میں ایک نئی تاریخ رقم کرنے کے قریب ہے، جہاں پہلا پاکستانی خلاباز چین کے خلائی مشن شین ژو 24 کے ذریعے خلا کا سفر کرے گا۔ پاکستان کے پہلے خلاباز کی چینی خلائی اسٹیشن روانگی کے لیے تیاریاں مکمل کرلی گئی ہیں، یہ مشن پاکستان کے خلائی پروگرام میں اک اہم پیش رفت قرار دیا جارہا ہے، ———(بقیہ 15 اندرونی صفحہ 2پر)

عمران خان کا دونوں اپوزیشن لیڈرز پر مکمل اعتماد کا اظہار

سیاسی اتحاد کو مزید وسعت دینے کی ہدایت، جیل سے پیغام، پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی اجلاس کا اعلامیہ جاری

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی خان کی زیر صدارت تحریک انصاف کی کور کمیٹی اجلاس کا اعلامیہ جاری کر دیا گیا۔ جاری اعلامیے کے مطابق کور کمیٹی کو نئے صوبوں کے قیام کے حوالے سے عمران خان کی ہدایات سے آگاہ کیا گیا، بانی پی ٹی آئی کی ہدایت ملنے پر کور کمیٹی ارکان نے اپنی رائے کا اظہار کیا۔ بیان کے مطابق نئے صوبوں کے قیام پر پارلیمانی پارٹی کے اجلاس میں تفصیلی مشاورت کی ———(بقیہ 13 اندرونی صفحہ 2پر)

بنگلا دیشی اسپیکر اعلی سطحی پارلیمانی وفد کے ہمراہ پاکستان پہنچ گئے

اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے بنگلا دیشی ہم منصب اور وفد کا پرتپاک استقبال کیا

اسلام آباد (اے این این) بنگلا دیش کے اسپیکر حافظ الدین احمد بیر بکرم اعلی سطحی پارلیمانی وفد کے ہمراہ پاکستان پہنچ گئے، وہ اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی خصوصی دعوت پر پاکستان کا دورہ کر رہے ہیں۔ اسلام آباد آمد پر اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے بنگلا دیشی ہم منصب اور وفد کا پرتپاک استقبال کیا، اس موقع پر پاک۔ بنگلا دیش پارلیمانی فرینڈشپ گروپ کی کنوینر ڈاکٹر شازیہ ثوبیہ اسلم سومرو بھی موجود تھیں۔ اس موقع پر سردار ایاز صادق ———(بقیہ 14 اندرونی صفحہ 2پر)

SOCIAL MEDIA PLATFORMS (SMPs) AND POST TRUTH ERA
OPENING SESSION
24 November 2026 · Islamabad
SDPI

اسلام آباد: وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ ایس ڈی پی آئی کے زیراہتمام بین الاقوامی سیمینار "سوشل میڈیا پلیٹ فارمز اور پوسٹ ٹروتھ ایرا" سے خطاب کر رہے ہیں۔

اسلام آباد: نائب وزیراعظم اسحاق ڈار ایس سی او فالو اپ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔ اجلاس میں آئندہ سال اسلام آباد میں ہونے والے ایس سی او سربراہی اجلاس کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا۔

فیک نیوز گولی کی طرح ایک بار چل جائے تو واپس نہیں آتی، اعظم نذیر تارڑ

سوشل میڈیا پر جھوٹی خبروں اور گمراہ کن پروپیگنڈے کی روک تھام کے لئے عالمی تعاون ناگزیر ہے، آزادی اظہار اور غلط معلومات کے فرق کو سمجھنا ضروری ہے

صحافتی دنیا میں ہر وقت بریکنگ نیوز کی دوڑ لگی رہتی ہے جبکہ ماضی میں معلومات کی اشاعت کے مختلف مراحل پر چیک اینڈ بیلنس موجود تھے، وفاقی وزیر

اسلام آبلاد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ سوشل میڈیا پر غلط اور جھوٹی خبریں پھیلانے کا چیلنج سنگین ہوتا جا رہا ہے، ایک فیک نیوز چند سیکنڈ میں دنیا بھر میں پھیل سکتی ہے۔ سوشل میڈیا پر جھوٹی خبروں اور گمراہ کن پروپیگنڈے کی روک تھام کے لئے عالمی تعاون ناگزیر ہے جبکہ آزادی اظہار رائے کے تحفظ اور شہریوں کے بنیادی حقوق کے درمیان توازن قائم رکھنا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسلام آباد میں ادارہ برائے پائیدار ترقیاتی پالیسی کے زیر اہتمام سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ موجودہ ڈیجیٹل دور میں چند سیکنڈز کے اندر غلط یا جان بوجھ کر جھوٹی خبر پھیلائی جا سکتی ہے۔ فیک نیوز بھی گولی کی مانند ہے جو ایک مرتبہ چل جائے تو واپس نہیں آتی اور اس سے کسی فرد ———(بقیہ 22 اندرونی صفحہ 2پر)

پاکستان اور اٹلی میں شعبہ ماربل و معدنی میں تکنیکی تعاون کے فروغ میں پیشرفت

اٹلی کا تکنیکی وفد 27 نومبر تک کراچی اور اسلام آباد کا دورہ کرے گا

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستانی ماربل اور پتھر کی صنعت میں تکنیکی تعاون کے امکانات کا جائزہ لینے کیلئے اٹلی کے وفد کا دورہ پاکستان جاری ہے۔ اٹلی کا تکنیکی وفد 27 نومبر تک کراچی اور اسلام آباد کا دورہ کرے گا، جہاں ماربل اور پتھر کی صنعت کا تکنیکی ———(بقیہ 22 اندرونی صفحہ 2پر)

ٹرین کوئٹہ، تفتان، تہران، تبریز اور آسترا کے راستے روس پہنچے گی، فیصل نیاز ترمذی

اسلام آباد سے ماسکو کیلئے پہلی مال بردار ٹرین رواں سال روانہ کرنے کا منصوبہ ہے، ماسکو میں پاکستانی سفیر

ماسکو (جی این ایم) پاکستان سے روس تک براہِ راست مال بردار ٹرین چلانے کی تیاریاں جاری ہیں۔ ماسکو میں پاکستانی سفیر فیصل نیاز ترمذی نے اسپتنک اردو کو خصوصی انٹرویو میں بتایا کہ اسلام آباد سے ماسکو کیلئے پہلی مال بردار ٹرین رواں سال کے ———(بقیہ 21 اندرونی صفحہ 2پر)

بشیر زیب اور رحمان گل کے سروں کی قیمت 25، 25 کروڑ روپے مقرر

حکومت بلوچستان کا انتہائی مطلوب دہشتگردوں کی فہرست جاری کردی کروڑوں روپے کے انعامات کا اعلان

مطلوب دہشتگردوں کی اطلاع دینے والوں کا نام صیغہ راز میں رکھا جائے گا: معاون برائے داخلہ بابر یوسفزئی

کوئٹہ (یو این اے) حکومت بلوچستان نے صوبے میں امن وامان کے قیام اور دہشتگردی کے خاتمے کے لیے انتہائی مطلوب دہشتگردوں کی فہرست جاری کرتے ہوئے ان کے بارے میں مستند معلومات فراہم کرنے والوں کے لیے کروڑوں روپے کے انعامات کا اعلان کیا ہے۔ جاری کردہ سرکاری اشتہار کے مطابق مختلف دہشتگردوں کے سروں پر 5 لاکھ روپے سے لے کر 25 کروڑ روپے تک انعام ———(بقیہ 23 اندرونی صفحہ 2پر)

اسلام آباد: گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات کر رہے ہیں۔ وزیراعظم نے دہشت گردی کے خاتمے، صوبے میں دیرپا امن اور عوامی فلاح کیلئے وفاقی حکومت کے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

دہشتگردی، نفرت انگیز تقاریر سمیت ہماری 4 ریڈ لائنز ہیں، محسن نقوی

سوشل میڈیا پر غلط معلومات پھیلانا خطرناک ہے۔ غلط معلومات سے عوام میں انتشار پھیلتا ہے ڈیجیٹل میڈیا پر ذمہ داری سے کام لینا ہوگا

ہم سوشل میڈیا پر ڈیجیٹل جرائم کے خاتمے کیلئے محدود وسائل سے کام کر رہے ہیں، وفاقی وزیر داخلہ کا تقریب سے خطاب

اسلام آباد (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ دہشت گردی، نفرت انگیز تقاریر سمیت ہماری 4 ریڈ لائنز ہیں۔ ایک تقریب کے دوران خطاب کرتے ہوئے محسن نقوی کا کہنا تھا کہ سوشل میڈیا پر غلط معلومات پھیلانا خطرناک ہے۔ غلط معلومات سے عوام میں انتشار پھیلتا ہے۔ ڈیجیٹل میڈیا پر ذمہ داری سے کام لینا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ہم سوشل میڈیا پر ڈیجیٹل ———(بقیہ 24 اندرونی صفحہ 2پر)

عطا تارڑ کی پریس کانفرنس، سیاسی استحکام کیلئے عوامی خدمت پر زور

سعودی عرب میں بھارتی شہری منشیات فروخت کرنے کے الزام میں گرفتار

ریاض ریجن کی پولیس نے بھارتی شہری سے منشیات اور ممنوعہ ادویات برآمد کر کے اسے گرفتار کر لیا

ریاض (جی این ایم) سعودی حکام نے ریاض میں ایک بھارتی شہری کو گرفتار کرلیا ہے، جو منشیات فروخت کرنے میں ملوث ہے۔ سعودی اخبار صدی کے مطابق ریاض کے علاقے میں مجاہدین کی جنرل ایڈمنسٹریشن کے گشتی دستوں نے ایک بھارتی شہری کو منشیات اور ممنوعہ ادویات فروخت کرنے کے الزام میں گرفتار کیا ہے۔ حکام کے مطابق ملزم کو حراست میں لے لیا گیا ہے، اور اس کے خلاف ضروری قانونی کارروائی شروع کر دی گئی ہے۔ اسے مزید قانونی کارروائی کے لیے مجاز اتھارٹی کے پاس بھیج دیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ سعودی حکام نے رواں ہفتے مکہ مکرمہ میں مقیم دو غیر ملکی شہریوں کو گرفتار کرنے کا اعلان کیا تھا، جو منشیات فروخت کرنے میں ملوث تھے۔ سعودی اخبار صدی کے مطابق مکہ ریجن میں جنرل ایڈمنسٹریشن آف دی مجاہدین کے گشتی دستوں نے غیر ملکی شہریوں کو گرفتار کیا ہے جو سرحدی حفاظتی ضوابط کی خلاف ورزی کر رہے تھے۔ ان افراد پر چرس، ایمفیٹامائنز اور ایسی ادویات کی فروخت اور پھیلا کا الزام ہے جن کی تقسیم طبی ضوابط کے تحت ممنوع ہے۔ حکام کے مطابق ملزمان کو حراست میں لے لیا گیا ہے اور ان کے خلاف قانونی کارروائی کا ———(بقیہ 32 اندرونی صفحہ 2پر)

پاکستان اپنے متنوع مذہبی اور ثقافتی ورثے پر فخر کرتا ہے، بلاول بھٹو

چیئرمین پیپلز پارٹی کی گرونانک کے 557ویں جنم دن پر سکھ برادری کو مبارکباد

کراچی (جی این ایم) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے باباگرونانک دیوجی کے جنم دن کے موقع پر پاکستان سمیت دنیا بھر کی سکھ برادری کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ بلاول ہاؤس سے جاری بیان کے مطابق، پی پی پی چیئرمین نے ———(بقیہ 26 اندرونی صفحہ 2پر)

اسٹیٹ بینک نے 2 کریڈٹ بیوروز کو لائسنس جاری کر دیا

بینکوں کو مصنوعی ذہانت کا استعمال ذمہ داری اور احتیاط سے کرنا ہوگا، ڈپٹی گورنر اسٹیٹ بینک سلیم اللہ

کراچی (جی این ایم) اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے 2 کریڈٹ بیوروز کو لائسنس جاری کر دیا کریڈٹ بیوروز قرض خواہوں کی ضروریات کی نشاندہی اور درکار قرض کی مالیت کا درست اندازہ لگا سکیں گے، اس سے نہ صرف ایس ایم ای سیکٹر کی نمو تیز رفتار ہوگی بلکہ انکے قرضوں کا حجم بڑھے گا۔ ڈپٹی گورنر اسٹیٹ بینک سلیم اللہ نے سسٹمز لمیٹڈ کے تحت بینک آف دی فیوچر فورم سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بینکنگ سیکٹر میں مصنوعی ذہانت کا استعمال وقت کی اہم ضرورت ہے، اے آئی ٹیکنالوجی سے بینکاری نظام میں جدت اور تیزی لائی جاسکتی ہے، بینکوں کو مصنوعی ذہانت کا استعمال ذمہ داری اور احتیاط سے کرنا ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ قرضوں کی منظوری، فراڈ ———(بقیہ 27 اندرونی صفحہ 2پر)

ایچ ای سی کا آن لائن ڈگری پورٹل میں وزارت خارجہ کی تصدیق کا آپشن شامل کرنے کا فیصلہ

نیا فیچر درخواست کے ابتدائی مرحلے میں ہی وزارتِ خارجہ کی تصدیق کی نشاندہی کرنے کے قابل بنائے گا

اسلام آباد (اے این این) ایچ ای سی نے آن لائن ڈگری پورٹل میں وزارت خارجہ کی تصدیق کا آپشن شامل کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ رپورٹ کے مطابق حکام نے کہا کہ ڈگری تصدیق کے لیے درخواست دیتے وقت طلبہ سے تصدیق کی ضرورت سے متعلق پوچھا جائے گا۔ نیا فیچر درخواست کے ابتدائی مرحلے میں ہی وزارتِ خارجہ کی تصدیق کی نشاندہی کرنے کے قابل بنائے گا۔ اس عمل سے ڈگری کی تصدیق اور ویریفیکیشن مزید تیز ہوجائے گی۔ ایچ ای سی حکام کا کہنا ہے کہ اس اقدام سے طلبہ کے وقت، محنت کی بچت اور غیر ضروری پریشانی کا خاتمہ ہوگا۔ یہ اقدام ———(بقیہ 31 اندرونی صفحہ 2پر)

مولانا فضل الرحمان کو خطاب سے روکنا حکومتی بوکھلاہٹ کا ثبوت ہے، جے یو آئی

جے یو آئی قائدین اور کارکنان کو اشتعال دلا کر کسی کے مذموم مقاصد کو پورا نہیں کرنے دیں گے، ترجمان

لاہور (جی این ایم) جے یو آئی (ف) کے ترجمان اسلم غوری نے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمان کو لاہور ہائی کورٹ بار سے خطاب سے روکنا حکومتی بوکھلاہٹ کا ثبوت ہے، جے یو آئی قائدین اور کارکنان کو اشتعال دلا کر کسی کے مذموم مقاصد کو پورا نہیں ———(بقیہ 25 اندرونی صفحہ 2پر)

جنوبی پنجاب میں خشک سالی کا خدشہ؛ پی ڈی ایم اے کا الرٹ جاری

کمشنر بہاولپور، سرگودھا اور ڈیرہ غازی خان سمیت 9 اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز کو باضابطہ مراسلہ جاری

لاہور (اے این این) صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) پنجاب نے آئندہ مہینوں میں معمول سے کم بارشوں کے پیشِ نظر جنوبی پنجاب کے مختلف اضلاع میں خشک سالی کے خدشے سے متعلق الرٹ جاری کرتے ہوئے تمام متعلقہ محکموں اور ضلعی انتظامیہ کو ہنگامی بنیادوں پر پیشگی اقدامات کی ہدایت کر دی ہے۔ پی ڈی ایم اے پنجاب کی جانب سے کمشنر بہاولپور، سرگودھا اور ڈیرہ غازی خان سمیت 9 اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز کو باضابطہ مراسلہ جاری کیا گیا ہے۔ مراسلے میں بہاولپور، بہاولنگر، رحیم یار خان، ڈیرہ غازی خان، لیہ، مظفر گڑھ، راجن پور، کوٹ ادو اور بھکر شامل ہیں، اس کے علاوہ محکمہ لوکل گورنمنٹ، زراعت، آبپاشی، ———(بقیہ 28 اندرونی صفحہ 2پر)

جو پنجاب مجھے ملا وہ جادو ٹونے سے چلتا تھا، کچرے سے توانائی بنائیں گے: مریم نواز

ستھرا پنجاب منصوبہ غیر معمولی کامیابی حاصل کر چکا ہے، وزیر اعلیٰ پنجاب کا خطاب

راولپنڈی (اے این این) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ جو پنجاب مجھے ملا تھا وہ جادو ٹونے سے چلتا تھا اور گزشتہ حکومت میں پنجاب کو موکل چلا رہے تھے۔ راولپنڈی میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مریم نواز شریف نے کہا کہ آج پنجاب اس مقام پر پہنچ چکا ہے جہاں ہزاروں ٹن کوڑا اٹھانے کے بعد اسے ضائع کرنے کے بجائے توانائی اور آمدن کا ذریعہ بنانے پر غور کیا جارہا ہے۔ ان کی کوشش ہے کہ کوڑے سے بائیو گیس تیار کی جائے اور وہ آئندہ ایک ہزار دنوں میں اس منصوبے کو عملی شکل دیں گی۔ انہوں نے کہا کہ ستھرا پنجاب ———(بقیہ 30 اندرونی صفحہ 2پر)

MINISTRY OF FOREIGN AFFAIRS

پاکستان کی معاشی سفارتکاری پر غیر ملکی سفیروں کو بریفنگ، اسلام آباد میں اہم اجلاس، سرمایہ کاری کے مواقع اور سہولتوں پر تفصیلی بریفنگ، ایس آئی ایف سی اور دفتر خارجہ کا مشترکہ اقدام

حکومت وزیراعظم کے ڈیجیٹل نیشن پاکستان کے وژن پر عمل پیرا

ڈیجیٹل نظام کو قابل اعتماد اور محفوظ بنانا اولین ترجیح ہے، شزا فاطمہ

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر آئی ٹی شزا فاطمہ نے کہا ہے کہ حکومت وزیراعظم کے ڈیجیٹل نیشن پاکستان کے وژن پر عمل پیرا ہے، ڈیجیٹل نظام کو قابل اعتماد اور محفوظ بنانا اولین ترجیح ہے۔ یہاں منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے شزا فاطمہ نے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی کے ساتھ سائبر سکیورٹی کے چیلنجز بھی بڑھ رہے ہیں، ڈیجیٹل دنیا میں ڈیٹا کا تحفظ اور سائبر سکیورٹی ملکی سلامتی کے اہم تقاضے بن چکے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان میں محفوظ ڈیجیٹل ماحول کے قیام اور سائبر سکیورٹی کو مزید مضبوط بنانے کیلئے اقدامات کیے جا رہے ہیں، ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے محفوظ استعمال کیلئے عوامی آگاہی ضروری ہے۔ وفاقی وزیر آئی ٹی نے مزید کہا کہ معرکہ حق میں صرف روایتی جنگ نہیں لڑی گئی بلکہ جدید ٹیکنالوجی نے بھی اہم کردار ادا کیا۔ وفاقی وزیر آئی ٹی شزا فاطمہ نے کہا ہے کہ حکومت وزیراعظم کے ڈیجیٹل نیشن پاکستان کے وژن پر عمل پیرا ہے، ڈیجیٹل نظام کو قابل اعتماد اور محفوظ بنانا اولین ترجیح ہے۔ یہاں منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے شزا فاطمہ نے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی کے ساتھ سائبر سکیورٹی کے چیلنجز بھی بڑھ رہے ہیں، ڈیجیٹل ———(بقیہ 29 اندرونی صفحہ 2پر)

بقیہ (01)

قبول نہیں ہے اور ریاست کے خلاف ہتھیار اٹھانے یا دہشت گردی کی وکالت کرنے والوں سے کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی، جبکہ ریاست مخالف سرگرمیوں میں ملوث افراد کے لیے مرد یا عورت ہونے کی کوئی رعایت نہیں ہوگی اور قانون کا اطلاق بلا امتیاز کیا جائے گا۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ آئین پرامن احتجاج کا حق دیتا ہے لیکن یہی آئین ریاست سے غیر مشروط وفاداری کا درس بھی دیتا ہے، جبکہ پرامن احتجاج اور ریاست کے خلاف مسلح کارروائی دو مختلف معاملات ہیں جنہیں ایک تناظر میں نہیں دیکھا جا سکتا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ بلوچستان میں غیر متوازن ترقی کو دہشت گردی، تشدد یا علیحدگی پسندی کا جواز نہیں بنایا جا سکتا، بلکہ بلوچستان کو اس کی تاریخ، سماجی حالات اور زمینی حقائق کے تناظر میں دیکھنے کی ضرورت ہے، جہاں حقائق کو مسخ کر کے احساسِ محرومی کا بیانیہ تشکیل دینے اور تشدد کا جواز تلاش کرنے کی کوششیں کی جاتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گرمی میں جھلستے اور سردی میں ٹھٹھرتے عام بلوچستانی کا معیارِ زندگی بہتر بنانا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے جس کے لیے گورننس میں بہتری، عوامی مسائل کے حل اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں، جبکہ آج بلوچستان کے غریب محنت کش کا بچہ بھی ایچی سن اور لارنس کالج سمیت پاکستان کے بڑے تعلیمی اداروں میں زیر تعلیم ہے اور حکومت صوبے کے ہر بچے کو معیاری تعلیم اور آگے بڑھنے کے یکساں مواقع فراہم کرنا چاہتی ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بیرون ملک بیٹھے پاکستان مخالف عناصر منظم انداز میں سوشل میڈیا کے ذریعے بلوچستان کے نوجوانوں کی منفی ذہن سازی کر رہے ہیں اور انہیں پاکستان مخالف پروپیگنڈے کا حصہ بنانے و ریاست کے خلاف اکسانے کی کوششیں کی جا رہی ہیں، تاہم بلوچستان کے نوجوان پروپیگنڈے اور حقائق میں فرق سمجھیں اور منفی ذہن سازی کرنے والے عناصر کے عزائم پہچانیں کیونکہ نوجوانوں کا مستقبل تعلیم، ترقی، امن اور قومی دھارے میں مثبت کردار ادا کرنے میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ترقیاتی منصوبوں کی مؤثر تکمیل اور سرکاری محکموں کی کارکردگی بہتر بنانے کے لیے اصلاحاتی اقدامات کر رہی ہے، اور بلوچستان کے عوام نے امن کے قیام وترقی کے لیے جو بے شمار قربانیاں دی ہیں انہیں رائیگاں نہیں جانے دیں گے۔ اس موقع پر چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے 28ویں نیشنل ورکشاپ کے شرکا کو ترقیاتی منصوبوں، گورننس اصلاحات اور صوبے کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی بریفنگ بھی دی۔

بقیہ (02)

نٹڑ کیس میں اہم پیش رفت، بانی پی ٹی آئی عمران خان نے سزا کے خلاف اپیلوں کی براہ راست نشریات کیلئے عدالت سے رجوع کر لیا گیا۔ بانی پی ٹی آئی عمران خان نے اپنے وکیل کے ذریعے اسلام آباد ہائیکورٹ میں درخواست دائر کی ہے، جس میں استدعا کی گئی ہے کہ عدالت اپیلوں کی لائیو اسٹریمنگ (براہ راست نشر کرنے) کا حکم جاری کرے۔ درخواست میں عدالت عالیہ سے استدعا کی گئی ہے کہ انصاف کی فراہمی، شفافیت اور نظامِ انصاف پر عوامی اعتماد کے اصولوں کو فروغ دینے کے لئے لائیو اسٹریمنگ کا حکم دیا جائے۔ یاد رہے کہ بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کی اپیلیں کل سماعت کے لئے مقرر ہیں۔ چیف جسٹس سردار محمد سرفراز ڈوگر اور جسٹس محمد آصف ان اپیلوں کی سماعت کریں گے، جس پر عدالت نے دلائل طلب کر رکھے ہیں۔

بقیہ (03)

چیف آف ڈیفنس فورسز سید عاصم منیر کو ملائیشیا کے نیشنل ڈیفنس اسٹڈیز سینٹر کے ہال آف فیم کے اعزاز سے نواز دیا گیا۔ سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر وزیراعظم شہباز شریف نے فیلڈ مارشل عاصم منیر کو ملائیشیا کے ہال آف فیم میں شمولیت پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر کا اعزاز پاکستان اور ملائیشیا کی دیرینہ دوستی کا مظہر ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ معرکہ حق کے دوران فیلڈ مارشل کی فیصلہ کن قیادت قابل تحسین ہے، فیلڈ مارشل عاصم منیر نے قومی دفاع اور عالمی سطح پر پاکستان کا وقار بلند کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ شہباز شریف کا کہنا تھا کہ یہ اعزاز مسلح افواج کے بہادر جوانوں اور پاکستانی عوام کی قربانیوں کا بھی اعتراف ہے، مسلح افواج کی جرا?ت اورعوام کی غیر متزلزل حمایت پاکستان کی سب سے بڑی طاقت ہے، اللہ تعالیٰ پاکستان کو ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن رکھے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو ملائیشیا کے نیشنل ڈیفنس اسٹڈیز سینٹر کے ہال آف فیم اعزاز حاصل ہونے پر اظہارِ تشکر کیا۔ انہوں نے فیلڈ مارشل عاصم منیر اور افواج پاکستان کو مبارکباد دی۔ چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو ملائیشیا کے ہال آف فیم میں 21ویں رکن کی حیثیت سے شامل کیا جانا پاکستان کی بڑی کامیابی ہے، عالمی سطح پر پاکستان کی عسکری قیادت کا اعتراف ملکی وقار اور مسلح افواج کی پیشہ ورانہ مہارت کا مظہر ہے۔

بقیہ (04)

آصف علی زرداری اور وزیراعظم محمد شہباز شریف نے سکھ مذہب کے بانی بابا گرو نانک دیو جی کے جنم دن کے موقع پر پاکستان اور دنیا بھر کی سکھ برادری کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ ایوان صدر سے جاری بیان کے مطابق اپنے پیغام میں صدر مملکت نے کہا کہ بابا گرو نانک دیو جی نے امن، مساوات، ہمدردی اور تمام انسانوں کے احترام کا درس دیا، دیانتداری سے محنت، ایک دوسرے کے ساتھ مل جل کر رہنے اور انسانیت کی خدمت کا ان کا پیغام لوگوں کیلئے مسلسل باعث تحریک ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ کے فرزند ہونے کے ناطے انہیں اس بات پر بالخصوص فخر ہے کہ بابا گرو نانک دیو جی کی تعلیمات سندھ کی روحانی اور ثقافتی زندگی میں دائمی مقام رکھتی ہیں، اور نانک پنتھی روایت کے ذریعے سندھیوں کی نسلوں نے ان کی تعلیمات کی پیروی کی ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ کراچی، حیدرآباد، سکھر اور شکارپور سمیت سندھ میں واقع گوردوارے اور گرو نانک دربار اس زندہ ثقافتی ورثے کی گواہی دیتے ہیں، پاکستان سکھ مذہب سے وابستہ مقدس ترین مقامات کا گھر ہے جن میں ننکانہ صاحب میں گوردوارہ جنم استھان اور نارووال میں گوردوارہ دربار صاحب کرتارپور شامل ہیں۔

بقیہ (05)

حق میں آئے تو صوبے بنائیں بصورت دیگر یہ اقدام نہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ نئے صوبوں کے قیام سے متعلق عوامی رائے جاننے کے لئے ملک بھر میں بحث جاری ہے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ عوامی رائے پارلیمنٹ میں پیش کرنے کا وقت آئے گا تو اسے پارلیمنٹ میں لے آئیں گے۔ سوشل میڈیا کے حوالے سے سوال پر وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ اس ضمن میں بہتر کوآرڈینیشن کی ضرورت ہے، سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کے ساتھ بات چیت جاری ہے، یہ پلیٹ فارمز پاکستان میں اپنے دفاتر بھی قائم کر رہے ہیں۔ اگر سوشل میڈیا پلیٹ فارمز اپنے قواعد وضوابط کو ملکی قوانین سے ہم آہنگ کر لیں تو اس سے صورتحال میں نمایاں بہتری آ سکتی ہے۔

بقیہ (06)

سیاست میں مشکل سے سیکھا ہے کہ بال باہر جا رہا ہو تو نہیں کھیلنا چاہیے، رانا ثنا اللہ اور محسن نقوی دونوں ہماری کابینہ کا حصہ ہیں، میری خواہش ہے کہ وزیر اعظم شہباز شریف اس بیان بازی کو رکوائیں۔ خواجہ آصف نے کہا کہ بہت سی چیزیں چل رہی ہیں ان کو حتمی شکل دینی چاہیے تاکہ معاملات حل ہوں، اختلافات کو ہوا نہیں دینی چاہیے ہر شخص کو منفی باتوں سے گریز کرنا چاہیے، میں کوئی منفی بات نہیں کر رہا جو چیزیں چل رہی ہیں اس پر تبصرہ کرتا ہوں۔ انہوں نے مزید کہا کہ 27ویں آئینی ترمیم سے کوئی فرد مستفید ہوا ہے تو وہ صدر مملکت آصف علی زرداری صاحب ہیں، بلاول بھٹو کا کہنا ہے کہ گن پوائنٹ پر یہ آئینی ترمیم کروائی گئی تو اس سے بڑی ہپوکریسی نہیں ہوسکتی۔ ان کا کہنا تھا کہ بلاول بھٹو جس طرح کی زبان استعمال کر رہے ہیں وہ ان کی شخصیت کیلیے اچھی نہیں، وہ اس قسم کی گفتگو کریں گے تو کیا مستقبل اور اہمیت ہوگی۔ خواجہ آصف نے سوال کیا کہ 18 ٹریلین روپے وفاق سے سندھ کو گیا وہ کہاں گیا؟ کراچی تو آج تباہ ہے، یونیورسٹی روڈ کا سن سن کر میری عمر گزر گئی کھمبے سڑک کے درمیان لگے ہیں، کراچی اتنا خوبصورت شہر تھا آج اس کی سڑکیں ٹوٹی ہوئی ہیں۔ وزیر دفاع نے کہا کہ پیپلز پارٹی کے پاس 5 جگہ پر اقتدار ہے اور مرکز میں پارٹنر شپ ہے لیکن پھر بھی انہیں ڈر ہے، وزارت دفاع میں فوج کے نکتہ نظر کو فوقیت ہوتی ہے میں اس سے انکاری نہیں، وزارت کی جو بھی باتیں انھیں مجھ سے زیادہ بہتر معلوم ہے میں پولیٹیکل سائیڈ کور کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ میں سمجھتا ہوں کہ 2029 کا الیکشن نئے نظام پر ہوگا باقی آئین میں کوئی تبدیلی کی ضرورت نہیں، جس آئینی ترمیم کی ضرورت ہے پھر الیکشن بھی اسی نظام کے تحت ہوگا الگ چیز کرنے کی ضرورت نہیں۔

بقیہ (07)

کی جانب سے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرادی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بہادر سیکیورٹی فورسز اور خیبر پختونخوا پولیس کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے ایپکس کمیٹی کے اجلاس میں کیے گئے فیصلوں کے نفاذ پر وفاقی حکومت مکمل تعاون جاری رکھے گی۔ اس موقع پر وزیراعظم نے خیبر پختونخوا کی ترقی اور عوام کی فلاح و بہبود کے لیے وفاقی حکومت کے بھرپور تعاون کے عزم کا اعادہ کیا اور ہدایت کی کہ خیبر پختونخوا کے عوام کو صحت، تعلیم اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام ممکنہ وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ وزیراعظم نے خیبر پختونخوا میں صحت اور تعلیم کے شعبوں سمیت سماجی ترقی کے اشاریوں میں بہتری پر خصوصی توجہ دینے کی ہدایت کی، انہوں نے کہا کہ صوبے میں کھیلوں کی سہولیات کے فروغ اور نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کے مواقع فراہم کرنے پر بھی توجہ دی جائے۔ گورنر خیبر پختونخوا نے وزیراعظم کو صوبے میں امن وامان کی صورت حال بہتر بنانے کے لیے گورنر اور خیبر پختونخوا ایڈوائزری کونسل کی جانب سے جاری اقدامات پر بریفنگ دی۔ وزیراعظم شہباز شریف اور گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کی ملاقات میں وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی بھی موجود تھے!

بقیہ (08)

طویل ملازمت یا نو ماہ سے زائد کا عرصہ ریگولرائزیشن کا از خود حق نہیں دیتا، تھرڈ پارٹی معاہدے کے تحت کام کرنے والے ملازم کو مستقل ورک مین تسلیم کرنا معاہدے کی نفی کے مترادف ہے۔ تحریری فیصلے میں لکھا کہ ملازم کی تنخواہ اور برطرفی کنٹریکٹر سے متعلق تھی، موجودہ کیس میں اسٹیٹ بینک براہ راست تنخواہ نہیں دیتا تھا اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کو ریگولرائزیشن کا حکم دینا درست نہیں تھا، قانون یا پالیسی کے بغیر ریگولرائزیشن کا کوئی حق نہیں، عدالت کو ملازم کو ریگولرائز کرنے کا اختیار حاصل نہیں۔ جسٹس ارشد حسین شاہ نے اختلافی نوٹ میں لکھا کہ صرف کنٹریکٹر کے ذریعے بھرتی یا آٹ سورسنگ کا لیبل کسی ملازم کے قانونی حقوق ختم نہیں کر سکتا، اصل صورتحال اور شواہد کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ جسٹس ارشد حسین نے لکھا کہ آرٹیکل 3، 4 اور 25 کے مطابق قانونی تحفظات کو معاہدوں کے ذریعے بے اثر نہیں کیا جا سکتا، اس لیے این آئی آر سی اور ہائیکورٹ کے فیصلے درست جبکہ مداخلت کا جواز نہیں۔

بقیہ (09)

حامد میر، سینئر بیرسٹر علی ظفر بھی اے پی سی میں شریک ہوئے۔ اے پی سی سے سلمان اکرم راجہ نے گفتگو میں کہا کہ عمران خان نے آخری میٹنگ میں کہا کہ اچکزئی اور علامہ ناصر عباس آپ کے لیڈر ہیں، یہ بکنے نہیں، حامد خان صاحب ہمیشہ اپنے وکلا کے ساتھ رہے آپکو سلام پیش کرتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ آج اس تقریب کے موقع پر جو بربریت نظر آئی ہے مولانا فضل الرحمان کو نظر بند کر کے وکلا کو للکارا ہے، وہ ہائیکورٹ کے مہمان تھے، یہ ریاست برداشت نہیں کر رہی کہ آئین اور قانون کی بات ہو سکے، فوجی عدالتوں کے ذریعے سویلین افراد کا ٹرائل عدالتوں نے درست قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ آج عمران خان کے خلاف غیر آئینی فیصلے ہوئے ہیں، 26ویں اور 27ویں آئینی ترمیم کے تحت عمران خان اور بشریٰ بی بی کا ٹرائل بند کمروں میں ہوا، آج سب لوگوں کو کہتا ہوں ہم سب غلام ہیں آپ جانتے ہیں قوم نے ووٹ عمران خان کو دیا تھا۔ سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ ریٹرنگ افسران کے ساتھ کیا کیا ہوا، ہمیں ہماری مخصوص نشست نہیں دی گئی، ترمیم کے لے لوگوں کو اغوا کیا گیا، آپ لوگوں کو کہا جارہا ہے 28ویں ترمیم کی جا رہی ہے، آپ ریفرنڈیم کی باتیں کر رہے ہیں، ایک مشرف بھی لایا تھا، یہ پاکستان کو دھکیل رہے ہیں تباہی کی طرف، عمران خان جیل میں ہیں، لوگ موقع پرستی کی سیاست کر رہے ہیں۔ پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ عمران خان سر جھکانے کو تیار نہیں، ہم کھڑے ہیں، ہم نے اس ملک کو حق اور قانون کو بحال کروانا ہے، آپ اس قوم کو برباد کرنے والے ہیں، ہم نے اس قوم کو بتانا کہ ہم نے حق کو دیکھانا ہے، بلاول کہہ رہا ہے کہ عمران خان سیاسی قیدی ہے ایسی باتیں نہ کریں ترمیم ان لوگوں نے کروائی ہم ساتھ نہیں دینگے۔

بقیہ (10)

سفارشات کو حتمی شکل دی جا رہی ہے۔ انہوں نے یہ بات آبی جھینگا (ایکوا شرمپ) کیلئے کراپ کلسٹر ویلیو چین سے متعلق ذیلی کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ کمیٹی کا مقصد وفاقی و صوبائی حکومتوں، صنعت اور دیگر متعلقہ فریقین کی مشترکہ کوششوں کے ذریعے جھینگا فارمنگ کو فروغ دینا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ وزیر اعظم نے پاکستان میں جھینگا فارمنگ کے فروغ کیلئے کراپ کلسٹر ویلیو چین سے متعلق کمیٹی قائم کی تھی، جو اس شعبے کی پوری ویلیو چین میں درپیش مسائل کے حل اور دستیاب مواقع سے استفادے کیلئے جامع حکمت عملی پر کام کر رہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ذیلی کمیٹی نے شعبے کی ترقی کیلئے 14 ترجیحی شعبوں کی نشان دہی کرتے ہوئے دو اجلاس منعقد کیے، جس کے بعد ان ترجیحی شعبوں کا جائزہ لینے اور قابلِ عمل سفارشات مرتب کرنے کیلئے سات ورکنگ گروپس تشکیل دیئے گئے۔ جنید انوار چوہدری نے کہا کہ تمام سات ورکنگ گروپس اپنے اجلاس مکمل کر چکے ہیں۔

بقیہ (11)

مسافروں کو متبادل راستہ اختیار کرنے کی ہدایت کی جا رہی ہے۔

بقیہ (12)

تھا۔ جے یو آئی کا کہنا ہے کہ پنجاب پولیس نے ان کی قیام گاہ کے باہر اہلکار تعینات کر کے انہیں باہر آنے سے روک دیا پولیس نے سوسائٹی میں بھاری نفری تعینات کر دی جبکہ سوسائٹی کے مین گیٹ پر کنٹینر رکھ دیا، سوسائٹی کے رہائشیوں کو بھی آنے جانے سے روک دیا گیا۔ جمعیت علمائے اسلام کے سینئر کامران مرتضی نے کہا کہ مولانا فضل الرحمٰن ملک کی ایک بڑی سیاسی جماعت کے سربراہ ہیں۔ انہیں رہائش گاہ سے باہر آنے سے روکنا بنیادی شہری آزادی اور جمہوری روایات کے منافی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی اختلافات اپنی جگہ، لیکن کسی رہنما کی آزادانہ نقل وحرکت میں رکاوٹ ڈالنے کا کوئی جواز نہیں، پولیس فوری طور پر رکاوٹیں ختم کرے اور مولانا فضل الرحمٰن کو آزادانہ نقل وحرکت کی اجازت دی جائے۔ جنرل سیکرٹری جے یو آئی پنجاب حافظ نصیر احمد احرار نے کہا کہ ایک طرف رات گئے جمعیت علما اسلام کے ذمہ داران کی گرفتاریاں اور دوسری طرف حکومت پنجاب کا یہ اقدام نا صرف بزدلانہ بلکہ احمقانہ بھی ہے جس کی پر زور الفاظ میں مذمت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کو چاہیے ہوش کے ناخن لے، ہم واضح کر دیں مولانا فضل الرحمٰن ہماری ریڈ لائن ہیں۔ دریں اثنا جے یو آئی نے مولانا فضل الرحمان کی بازیابی اور قیام گاہ کے محاصرے کے خلاف لاہور ہائی کورٹ سے رجوع کر لیا۔ لاہور ہائیکورٹ میں دائر کی گئی درخواست میں کہا گیا ہے کہ پولیس نے مولانا فضل الرحمان کی رہائش گاہ کے اطراف نفری تعینات کر کے انہیں گھر کے اندر محبوس کر دیا ہے۔ درخواست میں کہا گیا کہ پولیس حکام نے مولانا کی نظر بندی یا حراست کا قانونی حکم نامہ نہیں دیا، عدالت مولانا کی بازیابی اور آزاد نقل وحرکت کی اجازت دے۔

بقیہ (13)

جائے گی، پارلیمانی پارٹی کی مرتب کردہ سفارشات فیصلے کیلئے بانی پی ٹی آئی کو پیش کی جائیں گی۔ کور کمیٹی کو آگاہ کیا گیا کہ عمران خان نے دونوں اپوزیشن لیڈرز پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا ہے، کور کمیٹی کو بتایا گیا بانی نے سیاسی اتحاد کو مزید وسعت دینے کی ہدایت کی ہے، بانی پی ٹی آئی نے مولانا فضل الرحمٰن سمیت دیگر اپوزیشن جماعتوں سے بھی موثر رابطے کی ہدایت کر دی، وسیع تر سیاسی اتحاد تشکیل دے کر بھرپور سیاسی سرگرمیوں کا آغاز کیا جائے۔ پی ٹی آئی کی کور کمیٹی نے بانی پی ٹی آئی اور ان کی اہلیہ کی صحت کے متعلق شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے 18 اگست کے سپریم کورٹ کے فیصلے پر عملدرآمد کا مطالبہ کیا گیا۔

بقیہ (14)

نے کہا کہ بنگلا دیشی اسپیکر کا دور پاکستان دونوں ممالک کے پارلیمانی تعلقات میں تاریخی سنگ میل ہے، بنگلا دیش کے کسی اسپیکر کا پاکستان کا یہ پہلا دورہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں برادر ممالک مشترکہ تاریخ اور ثقافت کے مضبوط رشتوں میں بندھے ہیں، پارلیمانی روابط کا فروغ دوطرفہ تعلقات مضبوط بنانے میں معاون ثابت ہوگا۔ اسپیکر قومی اسمبلی کا کہنا تھا کہ پارلیمانی وفود کے تبادلوں سے دونوں ممالک ایک دوسرے کے تجربات سے استفادہ کر سکیں گے، اعلیٰ سطحی وفد کا دورہ باہمی تعاون کے نئے باب کا آغاز ہے۔ بنگلا دیشی اسپیکر حافظ الدین احمد بیر بکرم نے پرتپاک استقبال پر سردار ایاز صادق کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کا دورہ ان کے لیے باعثِ مسرت اور اعزاز ہے، پاکستان آمد پر ماضی کی خوشگوار یادیں تازہ ہوگئیں۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمانی روابط دونوں برادر اقوام کو قریب لانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، دونوں ممالک کی پارلیمانوں کے درمیان قریبی تعاون سے باہمی تعلقات مزید مضبوط ہوں گے۔ بنگلا دیشی اسپیکر نے پارلیمانی وفود کے تبادلوں اور اعلیٰ سطحی روابط کے فروغ کی خواہش کا بھی اظہار کیا۔

بقیہ (15)

مشن میں پاکستانی خلاباز محمد ذیشان علی بطور سائنسی ماہر حصہ لیں گے۔ سپارکو کے مطابق یہ خلائی مشن پاکستان اور چین کی خلائی ایجنسیوں کے اشتراک سے انجام دیا جائے گا، جس میں پاکستانی خلاباز محمد ذیشان علی سائنسی ماہر کی حیثیت سے خدمات انجام دیں گے۔ مشن سے متعلق چین سے پاکستانی خلاباز کی میڈیا بریفنگ بھی براہ راست نشر کی جائے گی، جس میں خلائی سفر اور مشن کے مختلف پہلوؤں سے آگاہ کیا جائے گا۔ پاکستانی خلاباز کی خلا میں روانگی کو ملک کے خلائی پروگرام کیلئے ایک اہم سنگ میل قرار دیا جا رہا ہے، جس سے خلائی تحقیق اور سائنسی تعاون کے نئے امکانات پیدا ہوں گے۔ سپارکو کے مطابق پاکستانی خلاباز تقریبا ایک ہفتہ خلا میں قیام کے بعد واپس آئے گا۔

بقیہ (16)

تمام پارٹیوں کو پھر اکٹھا ہونا ہوگا۔ آل پارٹیز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ مولانا فضل الرحمان نے بھی یہاں آنا تھا، مولانا فضل الرحمان اور مولانا غفور حیدری کو گھر سے نکلنے کی اجازت نہیں دی گئی، پولیس نے مولانا فضل الرحمان کے گھر کا گھیرا کر لیا، ہم اکٹھے لاہور آئے تھے لیکن مجھے وکیل ہونے کا فائدہ مل گیا۔ کامران مرتضی نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان نے ویڈیو بیان ریکارڈ کروایا ہے، ہم نے مولانا فضل الرحمان کی ہاس اریسٹ کے خلاف درخواست دائر کر دی ہے۔ جے یو آئی رہنما نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان کے ساتھ جو ہوا بغیر کسی نوٹس کے کیا گیا، عدالتیں بنیادی حقوق پر عمل درآمد نہیں کروائیں گی تو کون کروائے گا، اگر کسی کی آزادی کو بغیر نوٹس روک دیا جائے تو ہائیکورٹس کچھ نہیں کر سکتی، ہائی کورٹس کے اختیارات ہی کم کر دیے گئے ہیں۔

بقیہ (17)

طاقت ہے، دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ پاکستان کو ترقی اور خوشحالی عطا فرمائے، پاکستان کی رہنمائی فرمائے اور ملک وقوم کی خدمت کیلئے ہماری مشترکہ کوششوں میں برکت عطا فرمائے۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا ہال آف فیم میں شامل ہونا پاکستان اور ملائیشیا کی دیرینہ دوستی کا عکاس ہے۔ انہوں نے کہا کہ معرکہ حق میں فیلڈ مارشل کی قائدانہ صلاحیتیں اور دفاعِ وطن کے لیے غیر متزلزل عزم قابل تحسین ہے، امن کے فروغ اور عالمی سطح پر پاکستان کا مقام بلند کرنے میں فیلڈ مارشل کی خدمات قابلِ قدر ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ اعزاز مسلح افواج کے بہادر جوانوں اور افسران کی جرات، لگن اور قربانیوں کا اعتراف بھی ہے، مسلح افواج پاکستان کی حفاظت کرتی ہیں، قوم کی ثابت قدمی اور غیر متزلزل حمایت ہماری سب سے بڑی طاقت ہے۔ وزیر اعظم نے دعا کی کہ اللہ تعالی پاکستان کو ترقی اور خوشحالی عطا فرمائے، اللہ تعالی پاکستان کی رہنمائی فرمائے اور ملک وقوم کی خدمت کے لیے ہماری مشترکہ کوششوں میں برکت عطا فرمائے۔

بقیہ (18)

نے اپنی پروازیں منسوخ بھی کر دیں۔ جہازوں اور موسم کی خرابی کے باعث لاہور سے کراچی جانے والی پروازیں بھی تین گھنٹے تاخیر کا شکار ہوئیں۔ پروازوں کی آمد و روانگی میں تاخیر کے باعث مسافروں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔

بقیہ (19)

زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔ مہم کے دوران بچوں کو پولیو ویکسین کے ساتھ وٹامن اے کی خوراک بھی دی جائے گی، جس میں 4 لاکھ سے زائد فرنٹ لائن ہیلتھ ورکرز حصہ لیں گے۔ این ای او سی کے مطابق 2026 کی آخری انسدادِ پولیو مہم پاکستان اور افغانستان میں بیک وقت چلائی جائے گی۔ پولیو مہم میں پنجاب کے 38 اضلاع میں 2 کروڑ 33 لاکھ بچوں کو پولیو سے بچا کی ویکسین پلائی جائے گی، جبکہ سندھ کے 30 اضلاع میں 1 کروڑ 3 لاکھ، بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔ مذکورہ مہم میں خیبر پختونخوا کے 37 اضلاع میں 72 لاکھ 46 ہزار بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، جبکہ بلوچستان کے 41 اضلاع میں 26 لاکھ 29 ہزار بچوں کو قطرے پلائے جائیں گے۔ وفاقی دار الحکومت اسلام آباد میں 4 لاکھ 47 ہزار بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔ نیشنل ای او سی کے مطابق رواں سال کے دوران ملک بھر میں پولیو کے 9 کیسز رپورٹ ہوئے ہیں، جن میں 7 متاثرہ بچے خیبر پختون خوا، 2 کیسز سندھ کے ہیں، جبکہ بلوچستان اور پنجاب میں پولیو کا کوئی نیا کیس سامنے نہیں آیا۔

بقیہ (20)

کی ساکھ اور پورے معاشرے کو ناقابل تلافی نقصان پہنچ سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صحافتی دنیا میں ہر وقت بریکنگ نیوز کی دوڑ لگی رہتی ہے جبکہ ماضی میں معلومات کی اشاعت کے مختلف مراحل پر چیک اینڈ بیلنس موجود تھے تاہم سوشل میڈیا نے معلومات کی اشاعت کے روایتی ضابطوں کو نئے چیلنجز سے دوچار کر دیا ہے۔ وفاقی وزیر قانون کا کہنا تھا کہ سوشل میڈیا کے چیلنجز سے صرف قوانین، ریگولیشنز اور پالیسیوں کے ذریعے نہیں نمٹا جا سکتا بلکہ اس کے لیے انتہائی محتاط اور نپے تلے انداز میں اقدامات کرنا ہوں گے۔ ڈس انفارمیشن کی روک تھام کیلئے قانون سازی کے ساتھ اجتماعی رویوں میں تبدیلی بھی ضروری ہے اور ہر شہری کو کوئی بھی خبر شیئر کرنے سے پہلے اس کی مکمل تصدیق کرنی چاہیے۔ اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ آزادی اظہار رائے کے بنیادی حق اور عوام کے دیگر بنیادی حقوق کے درمیان توازن رکھنا لازم ہے۔ آئین کے آرٹیکل 4 اور 9 میں بیان کردہ حقوق پاکستان میں موجود ہر شخص کے بنیادی حقوق ہیں۔ ڈیجیٹل دنیا میں آزادی اظہار کے تحفظ کے ساتھ ذمہ داری اور جواب دہی کا احساس بھی برقرار رکھنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ سوشل میڈیا کے موضوع سے انہیں خصوصی دلچسپی ہے اور ڈیجیٹل دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ قوانین کی تشکیل حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ سوشل میڈیا سے متعلق قوانین کی تیاری کے دوران مختلف اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت بھی کی گئی ہے۔ وفاقی وزیر قانون نے کہا کہ پاکستان دہشت گردی اور سیکیورٹی چیلنجز کا سامنا کرنے والا فرنٹ لائن ملک ہے۔ ڈس انفارمیشن کے بڑھتے ہوئے چیلنجز سے نمٹنا مشکل ہوتا جا رہا ہے جس کے لئے موثر پالیسی سازی، مناسب چیک اینڈ بیلنس اور ذمہ داری کے احساس کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے شہریوں کی نجی زندگی اور عزت ووقار کے تحفظ پر زور دیتے ہوئے کہا کہ کسی شہری کی پرائیویسی متاثر کرنے یا اس کی ساکھ کو نقصان پہنچانے والوں کو نتائج بھگتنا ہوں گے۔ ڈیجیٹل پلیٹ فارمز پر کسی کی نجی زندگی میں مداخلت اور کردار کشی کی اجازت نہیں دی جا سکتی جبکہ شہریوں کی پرائیویسی اور عزت نفس کے تحفظ کے لئے موثر قوانین ضروری ہیں۔ اعظم نذیر تارڑ نے بتایا کہ 2021 میں ان کے کاغذات نامزدگی اور اثاثوں سے متعلق غلط خبر نشر کی گئی تھی جس پر اگلے روز وضاحت جاری کرنا پڑی۔ اس حوالے سے انہوں نے بتایا کہ 2023 میں جب میں نے سینیٹ میں اپنے کاغذات نامزدگی جمع کرائے تو ساتھ ٹیکس ریٹرز اور اثاثہ جات کی تفصیل بھی جمع کرائی، بعد ازاں مجھے واٹس ایپ پر ایک خبر موصول ہوئی جس میں بتایا گیا تھا کہ جمع کرائی گئی تفصیلات کے مطابق اعظم نذیر تارڑ کے 32 ارب روپے کے اثاثہ جات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ خبر میرے لیے حیران کن تھی، خبر شائع کرنے والی کی غلطی یہ تھی کہ اس نے درج اعداد کی تصدیق نہیں کی اور 320 ملین روپے کو 32 ارب روپے سمجھ کر شائع کر دیا۔ وفاقی وزیر اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ ڈس انفارمیشن کی روک تھام کے لیے آزادی اظہار اور غلط معلومات کے فرق کو سمجھنا ضروری ہے اور اس کے لیے ہر شخص کو کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ جھوٹی خبروں کی روک تھام اور حقائق کی تصدیق وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ سوشل میڈیا پر گمراہ کن پروپیگنڈا کے تدارک کے لئے عالمی تعاون ناگزیر ہے، ڈیجیٹل دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ قوانین کی تشکیل ترجیحات میں شامل ہے۔

بقیہ (21)

آخر تک روانہ کرنے کا منصوبہ ہے۔ ٹرین کوئٹہ، تفتان، تہران، تبریز اور آسترا کے راستے روس پہنچے گی اور واپسی پر بھی تجارتی سامان لائے گی۔ پاکستانی سفیر نے کہا کہ بحیرہ اسود کی بندرگاہوں پر مسائل کے باعث زمینی راستوں کی اہمیت بڑھ گئی ہے۔ اس وقت ایک کنٹینر کی ترسیل پر 10 سے 11 ہزار ڈالر خرچ آتا ہے۔ جو ریلوے رابطہ شروع ہونے سے صرف 4 ہزار ڈالر تک رہ سکتا ہے۔ فیصل نیاز ترمذی نے کہا کہ یہ منصوبہ پاکستان اور روس کے درمیان تجارت بڑھانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔

بقیہ (22)

جائزہ لیا جائے گا، اٹلی کا وفد ماربل کی کان کنی، پروسیسنگ اور ویلیو ایڈڈ مصنوعات کی تیاری میں جدید ٹیکنالوجی کے امکانات کا جائزہ لے گا۔ دورے میں ماربل سٹی کراچی، سندھ اکنامک زونز مینجمنٹ کمپنی اور صنعتی اداروں کے نمائندوں سے ملاقاتیں بھی شامل ہیں، پاکستان اور اٹلی کے درمیان معدنی وسائل سے ویلیو ایڈڈ مصنوعات کی تیاری اور برآمدات بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ پاکستانی سفیر علی جاوید نے کہا کہ اٹلی کی مہارت اور جدید ٹیکنالوجی سے پاکستان کے ماربل، گرینائٹ، اونکس اور ٹراورٹائن کے ذخائر سے بہتر استفادہ ممکن ہوگا۔

بقیہ (23)

مقرر کیا گیا ہے۔ مطلوب افراد میں بشیر زیب اور رحمان گل سمیت متعدد دہشتگرد شامل ہیں، جن کے بارے میں معلومات فراہم کرنے پر حکومت بلوچستان کی جانب سے مقررہ انعامات ادا کیے جائیں گے۔ اشتہار کے مطابق رحمان گل کے بارے میں اطلاع دینے پر 25 کروڑ روپے جبکہ بشیر زیب کے بارے میں مستند معلومات فراہم کرنے پر بھی 25 کروڑ روپے انعام مقرر کیا گیا ہے۔ اسی طرح دیگر مطلوب افراد کے لیے بھی ان کی حیثیت کے مطابق بھاری انعامات رکھے گئے ہیں۔ معاون برائے داخلہ بلوچستان بابر یوسفزئی نے کہا کہ حکومت بلوچستان دہشتگردی کے خاتمے اور عوام کے جان ومال کے تحفظ کے لیے پرعزم ہے۔ انتہائی مطلوب دہشتگردوں کی فہرست اور ان کے سروں پر انعامات کا اعلان دہشتگردی کے خلاف جاری حکومتی اقدامات کا حصہ ہے۔ بابر یوسفزئی نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں عوام کا تعاون انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ عوام سے اپیل ہے کہ وہ مطلوب دہشتگردوں کے حوالے سے کسی بھی مستند اطلاع کی صورت میں حکومت بلوچستان کے متعلقہ اداروں سے رابطہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ اطلاع فراہم کرنے والوں کی شناخت مکمل طور پر خفیہ رکھی جائے گی اور مستند معلومات پر فوری کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انعامات کی ادائیگی حکومت کے مقررہ قواعد وضوابط کے مطابق کی جائے گی۔ امن دشمن عناصر کے خلاف کارروائی اور بلوچستان میں پائیدار امن کا قیام حکومت بلوچستان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

بقیہ (24)

جرائم کے خاتمے کیلئے محدود وسائل سے کام کر رہے ہیں۔ سوشل میڈیا پروٹیکشن ریگولیٹری اتھارٹی کا قیام عمل میں آیا۔ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ غلط معلومات اور ڈیپ فیکس سے نمٹنا ضروری ہے۔ فیک نیوز پھیلانے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں وزیر داخلہ نے کہا کہ سوشل میڈیا پر جھوٹے بیانیے کا فروغ روکنا ہوگا۔ ڈیجیٹل ماحول کو محفوظ بنانا ہماری ذمہ داری ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کو مقامی قوانین کا احترام کرنا ہوگا۔ شکایات پر بروقت جواب دینا پلیٹ فارمز کی ذمہ داری ہے۔ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ بچوں کو آن لائن خطرات سے بچانا ہوگا۔ غلط معلومات کے خلاف سب کو مل کر کام کرنا ہوگا۔

بقیہ (25)

کرنے دیں گے۔ جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کو لاہور ہائیکورٹ بار سے خطاب سے روکنے پر ردعمل دیتے ہوئے ترجمان جے یو آئی نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان کو رہائش گاہ تک محدود رکھنا آئین، قانون اور بنیادی شہری آزادیوں کی خلاف ورزی ہے۔ کسی سیاسی رہنما کی آزادانہ نقل وحرکت روکنا جمہوری اقدار اور آئینی ضمانتوں کے منافی ہے۔ پرامن سیاسی جدوجہد کا راستہ روک کر حکومت خود حالات کو کشیدگی کی طرف دھکیل رہی ہے۔ بغیر کسی قانونی حکم کے قائد جمعیت کو گھر سے باہر آنے سے روکنے کا کوئی جواز نہیں۔ کارکنان اشتعال میں آنے کی بجائے پارٹی احکامات کا انتظار کریں۔ ترجمان جے یو آئی اسلم غوری کا مزید کہنا تھا کہ سیاسی اختلافات کا جواب ریاستی طاقت سے دینا جمہوی نہیں مارشلائی طرزِ حکمرانی ہے، حکومت ہوش کے ناخن لے۔ حکومت اشتعال انگیز اقدامات سے گریز کرے اور سیاسی ماحول کو خراب کرنے کے بجائے آئین و قانون کی پاسداری کرے۔ جمعیت علمائے اسلام تصادم نہیں، آئینی، قانونی اور پرامن جدوجہد پر یقین رکھتی ہے۔ قائد جمعیت کی آزادیِ نقل وحرکت اور بنیادی حقوق کے تحفظ کے لیے ہر آئینی و قانونی فورم پر کوششیں جاری رکھے ہوئے ہیں۔

بقیہ (26)

دنیا بھر سے ننکانہ صاحب آنے والے سکھ یاتریوں کو جی آیاں نوں کہتے ہوئے ان کا خیر مقدم کیا، جو بابا گرونانک دیو جی کی جائے پیدائش پر انہیں خراجِ عقیدت پیش کرنے کے لیے پاکستان تشریف لا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بابا گرونانک دیو جی کی لازوال تعلیمات محبت، انسان دوستی، مساوات اور خدمتِ خلق کے آفاقی اصولوں پر مبنی ہیں، جو مذہبی حدود سے بالاتر ہو کر پوری انسانیت کے لیے مشعلِ راہ ہیں۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ پاکستان اپنے متنوع مذہبی اور ثقافتی ورثے پر فخر کرتا ہے۔ ہر شہری کو اپنے عقیدے پر آزادی، وقار اور تحفظ کے ساتھ عمل کرنے کا حق آئینِ پاکستان کا بنیادی اصول ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ تمام شہریوں کی برابری، مذہبی آزادی اور تمام مذاہب کا احترام ایک پرامن، ہم آہنگ اور ترقی پسند معاشرے کی بنیاد ہیں۔

بقیہ (27)

کی روک تھام اور نگرانی میں اے آئی اہم کردار ادا کر سکتی ہے خودکار فیصلوں میں شفافیت، جوابدہی اور صارفین کے حقوق کا تحفظ ضروری ہے مالیاتی نظام کا استحکام اور جدید ٹیکنالوجی کا فروغ ساتھ ساتھ آگے بڑھنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ اسٹیٹ بینک مالیاتی شعبے میں اے آئی کے محفوظ استعمال کیلئے موثر ضابطہ کار بنانے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے مالیاتی خدمات تک رسائی اور مالی شمولیت کو فروغ دیا جا سکتا ہے بینکس جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ ہو کر صارفین کو خطرات سے محفوظ رکھیں بینکاری کے مستقبل میں مصنوعی ذہانت اور ڈیجیٹل جدت بنیادی اہمیت اختیار کر چکی ہے اے آئی کے استعمال میں صارفین کا اعتماد اور مالیاتی نظام کا تحفظ اولین ترجیح ہے۔ بعد ازاں ڈپٹی گورنر اسٹیٹ بینک سلیم اللہ نے میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ اسٹیٹ بینک کی اے آئی بینکنگ کیلئے گائیڈ لائنز مرتب ہو گئی ہے اے آئی بینکنگ صارفین کو بہتر سروسز فراہم کرنے کا ذریعہ ہے، اے آئی ٹیکنالوجی کی ترقی سے بینکنگ سیکٹر میں بہتری آئے گی، اے آئی کے ممکنہ خطرات کی روک تھام کیلئے بھی رہنما اصول تیار ہیں گائیڈ لائنز داخلی منظوری کے منتظر ہیں گائیڈ لائن کی منظوری کے بعد ان پر عملدرآمد ہوگا۔

بقیہ (28)

ماحولیات، صحت، لائیو سٹاک، جنگلات، تعلیم، ٹرانسپورٹ اور ریسکیو 1122 کو بھی الرٹ رہنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ محکمہ موسمیات اور پی ڈی ایم اے کی رپورٹ کے مطابق دسمبر 2026 سے فروری 2027 تک جنوبی پنجاب میں معمول سے کم بارشوں کا امکان ہے، جس کے باعث خشک موسم برقرار رہنے کا خدشہ ہے۔

بقیہ (29)

دنیا میں ڈیٹا کا تحفظ اور سائبر سکیورٹی ملکی سلامتی کے اہم تقاضے بن چکے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان میں محفوظ ڈیجیٹل ماحول کے قیام اور سائبر سکیورٹی کو مزید مضبوط بنانے کیلئے اقدامات کیے جا رہے ہیں، ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے محفوظ استعمال کیلئے عوامی آگاہی ضروری ہے۔ وفاقی وزیر آئی ٹی نے مزید کہا کہ معرکہ حق میں صرف روایتی جنگ نہیں لڑی گئی بلکہ جدید ٹیکنالوجی نے بھی اہم کردار ادا کیا۔

بقیہ (30)

منصوبہ غیر معمولی کامیابی حاصل کر چکا ہے اور صوبے کے ہر شہر میں 2 لاکھ کے قریب اہلکار صفائی کے انتظامات انجام دے رہے ہیں۔ اس منصوبے کی کامیابی کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ آزاد جموں وکشمیر میں انتخابی کامیابی کے بعد ستھرا آزاد کشمیر، جبکہ خیبر پختونخوا میں بھی ستھرا پنجاب کی طرز پر صاف ستھرا خیبر پختونخوا کے نام سے صفائی کا منصوبہ شروع کیا گیا۔

بقیہ (31)

سروسز کو آن لائن منتقلی کے ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن پلان کا حصہ ہے۔

بقیہ (32)

آغاز کر دیا گیا ہے۔ مزید ضروری کارروائی کے لیے انہیں متعلقہ حکام کے سپرد کر دیا گیا ہے۔ حکام نے شہریوں سے پرزور اپیل کی ہے کہ وہ منشیات میں ملوث افراد کی اطلاع متعلقہ اداروں کو دیں، تاکہ ان کے خلاف بروقت کارروائی عمل میں لائی جا سکے۔ حکام نے یقین دلایا ہے کہ اطلاعات دینے والوں کے نام صیغہ راز میں رکھا جائے گا، اور انہیں کسی قسم کے قانونی کارروائی کا حصہ نہیں بنایا جائے گا۔

بقیہ (33)

جوڈیشل افسران کا پہلا وفد دو ہفتوں کے عدالتی تبادلے اور تربیتی پروگرام میں شرکت کے لیے چین جائے گا، جوڈیشل افسران کا انتخاب متعلقہ ہائی کورٹس کی مشاورت سے بہترین پیشہ ورانہ کارکردگی اور خدمات کی بنیاد پر کیا گیا ہے اور وفد میں پنجاب، سندھ، خیبر پختونخوا، بلوچستان، اسلام آباد، آزاد جموں وکشمیر اور گلگت بلتستان کے جوڈیشل افسران سمیت سپریم کورٹ آف پاکستان اور وفاقی عدالتی اکیڈمی میں خدمات انجام دینے والے جوڈیشل افسران بھی وفد کا حصہ ہیں۔ چیف جسٹس آف پاکستان نے منتخب جوڈیشل افسران سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان نے بالخصوص دور دراز، پسماندہ اور بدامنی سے متاثرہ علاقوں میں خدمات انجام دینے والے جوڈیشل افسران کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ مشکل حالات میں فرائض انجام دینے والے جوڈیشل افسران کی خدمات کا اعتراف اور حوصلہ افزائی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ تربیتی پروگرام کا مقصد بہترین کارکردگی کے حامل جوڈیشل افسران کو پیشہ ورانہ ترقی اور بین الاقوامی تجربات کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ چیف جسٹس آف پاکستان نے مزید کہا کہ آپ چین میں پاکستان کی عدلیہ کے سفیر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی عدلیہ کے وقار، اقدار اور پیشہ ورانہ معیار کو برقرار رکھیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ چین کے عدالتی طریقہ کار، جدید ٹیکنالوجی اور کیس مینجمنٹ نظام کا بغور جائزہ لیں، چین کے عدالتی نظام میں رائج ایسے بہترین طریقوں کی نشاندہی کریں جو پاکستان میں انصاف کی فراہمی بہتر بنانے کے لیے اختیار کیے جا سکیں۔ چیف جسٹس نے مزید کہا کہ میرٹ اور محنت کی حوصلہ افزائی سے ضلعی عدلیہ کی کارکردگی اور ادارہ جاتی استعداد میں اضافہ ہوگا، بین الاقوامی عدالتی تجربات سے جوڈیشل افسران کو مقدمات کی سماعت، عدالتی انتظام اور کیس مینجمنٹ کے جدید طریقوں سے آگاہی حاصل ہوگی، جوڈیشل افسران بیرونِ ملک حاصل ہونے والے تجربات کو اپنے متعلقہ عدالتی اداروں میں عملی بہتری کے لیے استعمال کریں۔ واضح رہے کہ پاکستان سے جوڈیشل افسران 18 نومبر سے یکم دسمبر 2026 تک چین میں تربیتی پروگرام میں شرکت کریں گے، دو ہفتوں پر مشتمل تربیتی پروگرام کا انعقاد نیشنل ججز کالج آف چائنا کے زیرِ اہتمام کیا جائے گا، تربیتی پروگرام میں چین کے سینئر ججز اور قانونی ماہرین کے ساتھ خصوصی علمی و پیشہ ورانہ نشستیں ہوں گی۔ مزید برآں پاکستانی وفد بیجنگ اور چوانژو سمیت چین کے مختلف مقامات پر عدالتوں کے مطالعاتی دورے کرے گا۔ جوڈیشل افسران کا دورہ سپریم کورٹ آف پاکستان اور سپریم پیپلز کورٹ آف چائنا کے درمیان طے پانے والی مفاہمتی یادداشت کے تحت منعقد کیا جا رہا ہے جس کا مقصد پاکستان اور چین کے درمیان عدالتی تعاون کا مقصد پیشہ ورانہ تربیت، تجربات کے تبادلے اور ادارہ جاتی استعداد کو فروغ دینا ہے۔ چین کے تربیتی پروگرام میں پہلی مرتبہ منتخب ضلعی جوڈیشل افسران کے وفد کی شرکت بین الاقوامی عدالتی تعاون میں اہم پیش رفت ہے۔ ضلعی عدلیہ نظامِ انصاف کی بنیاد ہے، اس کی پیشہ ورانہ استعداد میں اضافہ عدالتی اصلاحات کی اہم ترجیح ہے۔ سپریم کورٹ کا اقدام دور دراز علاقوں میں خدمات انجام دینے والے جوڈیشل افسران کو بین الاقوامی تربیت کے مواقع فراہم کرنے کی جانب اہم قدم ہے۔ تربیتی پروگرام سے پاکستان میں موثر، جدید اور عوام دوست نظامِ انصاف کے فروغ میں مدد ملے گی۔

بقیہ (34)

بنائیں اور پھر دنیا کو برآمد کریں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اپنے معدنی وسائل کی ویلیو ایڈیشن کو یقینی بنانے کے لیے ریفائنریز، اسمیلٹرز، کیبل اور کنڈکٹر فیکٹریوں سمیت دیگر صنعتیں قائم کرنا چاہتا ہے۔ ریکوڈک منصوبے کا حوالہ دیتے ہوئے شہباز شریف نے کہا کہ دنیا کے تانبے اور سونے کے سب سے بڑے غیر استعمال شدہ ذخائر میں سے ایک پر کام جاری ہے، جس سے 2028 میں پیداوار شروع ہونے کی توقع ہے۔ انہوں نے کہا کہ تقریباً دو دہائیوں سے تعطل کا شکار منصوبہ اب عملی طور پر آپریشنل مرحلے کی جانب بڑھ رہا ہے۔ وزیر اعظم نے بیرک کمپنی کے پاکستان پر مسلسل اعتماد کو سراہا اور گولڈ مین سکس کے اس جائزے کا حوالہ دیا کہ پاکستان 2075 تک دنیا کی چھٹی بڑی معیشت بن سکتا ہے۔ تاہم انہوں نے اعتماد ظاہر کیا کہ ملک یہ سنگ میل 2050 سے بھی پہلے حاصل کر لے گا۔ عالمی سرمایہ کاروں کی سہولت کے حوالے سے شہباز شریف نے کہا کہ ہر سرمایہ کار یکساں مواقع، شفاف قواعد، فوری فیصلہ سازی، پالیسیوں میں تسلسل اور مضبوط اداروں کی توقع رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت طریقہ کار کو آسان بنا رہی ہے، سرخ فیتے کو ختم کر رہی ہے، غیر ضروری تاخیر کو کم کر رہی ہے اور لائسنسوں اور معاہدوں کے اجرا میں مکمل شفافیت کو یقینی بنا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل منرل ڈیٹا سیل اور جیولوجیکل ریکارڈ کی ڈیجیٹائزیشن سے سرمایہ کاروں کو سرمایہ کاری سے پہلے یہ معلوم ہو سکے گا کہ زمین کے نیچے کیا موجود ہے۔ وزیر اعظم نے یقین دلایا کہ وفاقی اور صوبائی حکومتیں سرمایہ کاروں کو تمام ضروری تعاون اور مدد فراہم کرنے کے لیے مل کر کام کریں گی۔ انہوں نے کہا کہ سرمایہ کاروں کے عملے، قیمتی اثاثوں اور سپلائی روٹس کی حفاظت اور تحفظ حکومت کی اولین ذمہ داری ہے۔ شہباز شریف نے سرمایہ کاروں کو یہ بھی دعوت دی کہ بیوروکریٹک تاخیر یا پیچیدہ طریقہ کار کی وجہ سے رکی ہوئی کوئی بھی فائل براہِ راست ان کے پاس لائیں، انہوں نے یقین دلایا کہ وہ خود اس کی بجلی کی رفتار سے نقل وحرکت کو یقینی بنائیں گے۔ پاکستان کے انسانی وسائل کی صلاحیت کو اجاگر کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ ملک کی اصل دولت صرف اس کے پہاڑوں میں نہیں بلکہ اس کے نوجوانوں میں بھی ہے۔ انہوں نے پاکستانی نوجوانوں کو تعلیم یافتہ، مضبوط اور بہادر قرار دیا، جن میں قدرتی دولت کو قومی ترقی اور خوشحالی میں بدلنے کی صلاحیت موجود ہے۔ انہوں نے عالمی سرمایہ کاروں پر زور دیا کہ وہ ہنر مند تربیتی مراکز اور ووکیشنل ادارے قائم کریں، ٹیکنالوجی کی منتقلی کو یقینی بنائیں اور مقامی سپلائرز کو فروغ دیں۔ انہوں نے کہا کہ ان اقدامات سے پاکستانی نوجوان ہنر مند پیشہ ور، اختراع کار اور کاروباری بنیں گے۔ وزیر اعظم نے زور دیا کہ کان کنی میں ہر سرمایہ کاری کو مقامی روزگار، مقامی کاروبار اور مقامی ٹھیکیداروں کے لیے مواقع کے ساتھ ساتھ اسکولوں، کلینکس، صاف پینے کے پانی اور کمیونٹیز کے لیے بہتر زندگی میں تبدیل ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت صوبائی حکومتوں اور سرمایہ کاروں کے ساتھ مل کر اس بات کو یقینی بنائے گی کہ کان کنی کے مقامات کے قریب رہنے والے لوگ ان معاشی سرگرمیوں کے سب سے بڑے مستفید ہوں۔ شہباز شریف نے مزید زور دیا کہ ترقی اور ماحولیاتی تحفظ ساتھ ساتھ چلنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اعلیٰ ترین عالمی معیارات کے مطابق ذمہ دارانہ کان کنی کرے گا، جدید ترین ٹیکنالوجی استعمال کرتے ہوئے آبی وسائل، کارکنوں کی صحت وحفاظت اور زمین کی حفاظت کرے گا۔ انہوں نے اس بات کا اعادہ کیا کہ وفاقی حکومت، صوبائی حکومتیں اور تمام قومی ادارے ہر قدم پر سرمایہ کاروں کے ساتھ مضبوطی سے کھڑے ہوں گے۔ عالمی سرمایہ کاروں کو پاکستان آنے کی دعوت دیتے ہوئے وزیر اعظم نے انہیں ملک کی مہمان نوازی اور مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ اپنے خطاب کے اختتام پر انہوں نے اعتماد ظاہر کیا کہ مل کر پاکستان اور اس کے عالمی شراکت دار ملک کی معدنی دولت کو باہمی فائدہ مند معاشی تعاون، صنعتی ترقی اور مشترکہ خوشحالی میں تبدیل کریں گے۔

بقیہ (35)

بنائیں اور پھر دنیا کو برآمد کریں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اپنے معدنی وسائل کی ویلیو ایڈیشن کو یقینی بنانے کے لیے ریفائنریز، اسمیلٹرز، کیبل اور کنڈکٹر فیکٹریوں سمیت دیگر صنعتیں قائم کرنا چاہتا ہے۔ ریکوڈک منصوبے کا حوالہ دیتے ہوئے شہباز شریف نے کہا کہ دنیا کے تانبے اور سونے کے سب سے بڑے غیر استعمال شدہ ذخائر میں سے ایک پر کام جاری ہے، جس سے 2028 میں پیداوار شروع ہونے کی توقع ہے۔ انہوں نے کہا کہ تقریباً دو دہائیوں سے تعطل کا شکار منصوبہ اب عملی طور پر آپریشنل مرحلے کی جانب بڑھ رہا ہے۔ وزیر اعظم نے بیرک کمپنی کے پاکستان پر مسلسل اعتماد کو سراہا اور گولڈ مین سکس کے اس جائزے کا حوالہ دیا کہ پاکستان 2075 تک دنیا کی چھٹی بڑی معیشت بن سکتا ہے۔ تاہم انہوں نے اعتماد ظاہر کیا کہ ملک یہ سنگ میل 2050 سے بھی پہلے حاصل کر لے گا۔ عالمی سرمایہ کاروں کی سہولت کے حوالے سے شہباز شریف نے کہا کہ ہر سرمایہ کار یکساں مواقع، شفاف قواعد، فوری فیصلہ سازی، پالیسیوں میں تسلسل اور مضبوط اداروں کی توقع رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت طریقہ کار کو آسان بنا رہی ہے، سرخ فیتے کو ختم کر رہی ہے، غیر ضروری تاخیر کو کم کر رہی ہے اور لائسنسوں اور معاہدوں کے اجرا میں مکمل شفافیت کو یقینی بنا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل منرل ڈیٹا سیل اور جیولوجیکل ریکارڈ کی ڈیجیٹائزیشن سے سرمایہ کاروں کو سرمایہ کاری سے پہلے یہ معلوم ہو سکے گا کہ زمین کے نیچے کیا موجود ہے۔ وزیر اعظم نے یقین دلایا کہ وفاقی اور صوبائی حکومتیں سرمایہ کاروں کو تمام ضروری تعاون اور مدد فراہم کرنے کے لیے مل کر کام کریں گی۔ انہوں نے کہا کہ سرمایہ کاروں کے عملے، قیمتی اثاثوں اور سپلائی روٹس کی حفاظت اور تحفظ حکومت کی اولین ذمہ داری ہے۔ شہباز شریف نے سرمایہ کاروں کو یہ بھی دعوت دی کہ بیوروکریٹک تاخیر یا پیچیدہ طریقہ کار کی وجہ سے رکی ہوئی کوئی بھی فائل براہِ راست ان کے پاس لائیں، انہوں نے یقین دلایا کہ وہ خود اس کی بجلی کی رفتار سے نقل وحرکت کو یقینی بنائیں گے۔ پاکستان کے انسانی وسائل کی صلاحیت کو اجاگر کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ ملک کی اصل دولت صرف اس کے پہاڑوں میں نہیں بلکہ اس کے نوجوانوں میں بھی ہے۔ انہوں نے پاکستانی نوجوانوں کو تعلیم یافتہ، مضبوط اور بہادر قرار دیا، جن میں قدرتی دولت کو قومی ترقی اور خوشحالی میں بدلنے کی صلاحیت موجود ہے۔ انہوں نے عالمی سرمایہ کاروں پر زور دیا کہ وہ ہنر مند تربیتی مراکز اور ووکیشنل ادارے قائم کریں، ٹیکنالوجی کی منتقلی کو یقینی بنائیں اور مقامی سپلائرز کو فروغ دیں۔ انہوں نے کہا کہ ان اقدامات سے پاکستانی نوجوان ہنر مند پیشہ ور، اختراع کار اور کاروباری بنیں گے۔ وزیر اعظم نے زور دیا کہ کان کنی میں ہر سرمایہ کاری کو مقامی روزگار، مقامی کاروبار اور مقامی ٹھیکیداروں کے لیے مواقع کے ساتھ ساتھ اسکولوں، کلینکس، صاف پینے کے پانی اور کمیونٹیز کے لیے بہتر زندگی میں تبدیل ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت صوبائی حکومتوں اور سرمایہ کاروں کے ساتھ مل کر اس بات کو یقینی بنائے گی کہ کان کنی کے مقامات کے قریب رہنے والے لوگ ان معاشی سرگرمیوں کے سب سے بڑے مستفید ہوں۔ شہباز شریف نے مزید زور دیا کہ ترقی اور ماحولیاتی تحفظ ساتھ ساتھ چلنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اعلیٰ ترین عالمی معیارات کے مطابق ذمہ دارانہ کان کنی کرے گا، جدید ترین ٹیکنالوجی استعمال کرتے ہوئے آبی وسائل، کارکنوں کی صحت وحفاظت اور زمین کی حفاظت کرے گا۔ انہوں نے اس بات کا اعادہ کیا کہ وفاقی حکومت، صوبائی حکومتیں اور تمام قومی ادارے ہر قدم پر سرمایہ کاروں کے ساتھ مضبوطی سے کھڑے ہوں گے۔ عالمی سرمایہ کاروں کو پاکستان آنے کی دعوت دیتے ہوئے وزیر اعظم نے انہیں ملک کی مہمان نوازی اور مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ اپنے خطاب کے اختتام پر انہوں نے اعتماد ظاہر کیا کہ مل کر پاکستان اور اس کے عالمی شراکت دار ملک کی معدنی دولت کو باہمی فائدہ مند معاشی تعاون، صنعتی ترقی اور مشترکہ خوشحالی میں تبدیل کریں گے۔

بقیہ (36)

جانب سے وفاقی آئینی عدالت میں فریق بننے کی درخواستیں ایڈووکیٹ سردار محمد لطیف خان کھوسہ کی جانب سے دائر کی گئی ہیں۔ درخواست گزاروں کی جانب سے موقف اختیار کیا گیا ہے کہ صدر مملکت نے 11 اکتوبر 2026 کو آئین کے آرٹیکل 232 اور 234 کے تحت خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج نافذ کیا، جس سے انہوں نے پشاور ہائی کورٹ میں پہلے ہی چیلنج کر رکھا ہے۔ متفرق درخواستوں کے مطابق 11 اکتوبر کے حکم کے بعد ضلعی انتظامیہ نے پی ٹی آئی کی سیاسی قیادت اور کارکنوں کے خلاف 3 ایم پی او کے تحت گرفتاری کے وارنٹ جاری کر کے چھاپے مارے، جن کے خلاف متاثرہ افراد نے پشاور ہائی کورٹ سے رجوع کیا تو عدالت نے آرٹیکل 199 کے تحت حکم امتناع جاری کرتے ہوئے رہائی کے احکامات دیے، ان احکامات کے خلاف خیبر پختونخوا حکومت نے ایڈووکیٹ جنرل کے ذریعے وفاقی آئینی عدالت میں اپیلیں دائر کیں۔ چیف جسٹس امین الدین خان اور جسٹس عامر فاروق پر مشتمل بینچ نے 5 نومبر 2026 کو ان اپیلوں پر سماعت کرتے ہوئے 12 اکتوبر 2026 یا اس کے بعد پشاور ہائی کورٹ میں آرٹیکل 199 کے تحت دائر درخواستوں کی کارروائی معطل کر دی تھی۔ وفاقی آئینی عدالت کے حکم پر عمل کرتے ہوئے پشاور ہائی کورٹ کی انتظامی کمیٹی نے 6 نومبر 2026 کو ایسی تمام درخواستیں سماعت کے لئے مقرر نہ کرنے کی ہدایت کی تھی، جس کے نتیجے میں گورنر راج کے خلاف درخواست گزاروں کی رٹ پٹیشن بھی کاز لسٹ سے خارج کر دی گئی۔ سردار اختر مینگل اور راجا ناصر عباس کی دائر کردہ درخواستوں میں مقف اپنایا گیا ہے کہ 5 نومبر کے حکم سے درخواست گزاروں اور خیبر پختونخوا کے عوام کے آئینی حقوق براہ راست متاثر ہوئے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ ان کی رٹ پٹیشن ایم پی او حراست سے متعلق نہیں بلکہ براہ راست گورنر راج کے اعلامیے کی آئینی حیثیت کو چیلنج کرتی ہے اور آرٹیکل 245 کو اس بات کے لئے استعمال نہیں کیا جا سکتا کہ ہائی کورٹ اس امر کا جائزہ لینے سے رک جائے کہ آیا آرٹیکل 245 کے نفاذ کی پیشگی شرائط موجود تھیں یا نہیں۔ درخواست گزاروں نے موقف اختیار کیا ہے کہ فریق نہ بنائے جانے کی صورت میں یہ آئین کے آرٹیکل 10 اے کی خلاف ورزی اور انہیں ناقابل تلافی نقصان پہنچانے کے مترادف ہوگا۔ عدالت سے استدعا کی گئی ہے کہ درخواست گزاروں کو مقدمے میں فریق یا معاون کے طور پر شامل کر کے دلائل دینے اور تحریری معروضات جمع کرانے کی اجازت دی جائے اور 5 نومبرZ2026 کے حکم نامے میں ترمیم کر کے گورنر راج کے خلاف دائر درخواستوں کی معطلی کا حکم واپس لیا جائے۔

بقیہ (37)

ذمہ داری ہے۔ اندرون سندھ سمیت پاکستان بھر کے مظلوم نئے صوبوں کی تشکیل کے لیے کراچی والوں کی جانب دیکھ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ریاستی ترجیحات اور عوام کے بنیادی مسائل کا حل ایک ہی پیج پر آ گئے ہیں، نئے صوبوں کے مخالفین اس شہر اور صوبے کی لسانی اکائیوں کو آپس میں لڑانا چاہتے ہیں، اگر کوئی مہاجروں یا ان کے رہنماں کے خلاف بدزبانی کرتا ہے تب بھی ہمیں کسی قوم کو برا نہیں کہنا چاہیے۔ مصطفیٰ کمال کا کہنا تھا کہ سندھی قوم پرست سندھی قوم کے بھی دشمن ہیں، ورنہ سندھ کی کسی ایک یونین کونسل کی حالت بہتر ہوتی۔ ہمارے شہدا کی قربانیوں کا نتیجہ ہے کہ آج پاکستان میں جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سرمایہ دارانہ نظام کو دفن کرنے کا وقت آ گیا ہے۔ انہوں نے پیپلز پارٹی کی صوبائی حکومت کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ حکمران کراچی کے ساڑھے تین کروڑ شہریوں سے ٹیکس وصول کرتے ہیں لیکن مردم شماری میں انہیں درست گننے سے ڈرتے ہیں، ڈالے گئے ووٹوں کا 20 فیصد حاصل کرنے والی پیپلز پارٹی پورے سندھ کی نمائندہ نہیں ہے۔

بقیہ (38)

پاکستان میں جاری ایندھن کی سبسڈی اسکیم کو اس کے وسیع دائرہ کار اور زیادہ اخراجات کے باعث مرحلہ وار ختم کیا جانا چاہیے۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ اگر عالمی منڈی میں تیل کی قیمتیں توقع سے زیادہ بڑھتی ہیں تو مستقبل میں دی جانے والی کسی بھی مالی معاونت کو محدود مدت کے لئے مخصوص طبقات تک رکھا جائے اور اس کے اخراجات مالی سال 2027-2026 کے منظور شدہ بجٹ کی حدود میں پورے kv' جائیں۔ آئی ایم ایف ترجمان نے کہا کہ پاکستان نے 7 ارب ڈالر کے توسیعی فنڈ سہولت (ای ایف ایف) پروگرام کے تحت یہ وعدہ کر رکھا ہے کہ ملک میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں عالمی منڈی کے نرخوں کے مطابق رکھی جائیں گی تاہم اس دوران کمزور اور مستحق طبقے پر پڑنے والے اثرات کم کرنے کے اقدامات بھی کئے جائیں گے۔ آئی ایم ایف ترجمان نے خبردار کیا کہ مشرق وسطی میں جاری جنگ پاکستان کی معاشی صورتحال کے لئے ایک بڑا چیلنج ہے کیونکہ ملک خلیجی ممالک سے تیل اور گیس کی درآمدات پر انحصار کرتا ہے۔ آبنائے ہرمز کی بندش اور عالمی جہاز رانی میں رکاوٹوں نے ترقی پذیر ممالک کی معاشی ترقی کے امکانات کو متاثر کیا ہے جب کہ تیل کی بلند قیمتوں سے پاکستان میں مہنگائی کا دباؤ پہلے ہی بڑھ چکا ہے۔ پاکستان ادارہ شماریات کے مطابق اکتوبر میں قیمتوں میں سالانہ بنیادوں پر 9.6 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا جب کہ ستمبر میں مہنگائی کی شرح 10.3 فیصد تھی۔ ترجمان نے خبردار کیا کہ عالمی منڈی میں قیمتوں کا اتار چڑھاؤ برقرار رہنے سے پاکستان کے معاشی مستقبل پر منفی اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔ پاکستان کی پالیسی ترجیحات میں معاشی استحکام برقرار رکھنے، سرکاری مالیات بہتر بنانے، مسابقت بڑھانے، پیداواری صلاحیت میں اضافے، سماجی تحفظ کے نظام اور انسانی وسائل کو مضبوط بنانے پر توجہ برقرار رہنی چاہیے۔ آئی ایم ایف نے سرکاری اداروں میں اصلاحات، عوامی خدمات کی فراہمی بہتر بنانے اور توانائی کے شعبے کو مالی طور پر مستحکم کرنے پر بھی زور دیا۔ واضح رہے کہ گزشتہ ماہ آئی ایم ایف نے کراچی اور اسلام آباد میں پاکستانی حکام سے مذاکرات کے بعد پاکستان کے ساتھ اسٹاف لیول معاہدہ کیا تھا جس کی منظوری عالمی مالیاتی ادارے کے ایگزیکٹو بورڈ سے ہونا باقی ہے۔ منظوری کی صورت میں پاکستان کو توسیعی فنڈ سہولت (ای ایف ایف) کے تحت تقریبا ایک ارب ڈالر جب کہ ریزیلینس اینڈ سسٹین ایبلٹی فیسلٹی (آر ایس ایف) کے تحت 21 کروڑ ڈالر ملنے کی توقع ہے۔ اس طرح پاکستان کو آئی ایم ایف پروگرام کے تحت مجموعی ادائیگیاں تقریبا 5 ارب 70 کروڑ ڈالر تک پہنچ جائیں گی۔ آئی ایم ایف ترجمان نے کہا کہ پاکستان کے لئے ای ایف ایف اور آر ایس ایف کے جائزوں اور 2026 کے آرٹیکل فور مشاورتی عمل سے متعلق ایگزیکٹو بورڈ کا اجلاس اگلے ماہ متوقع ہے، تاہم اس کا انعقاد پروگرام کی شرائط پوری ہونے سے مشروط ہوگا۔ ترجمان نے ان شرائط کی تفصیلات بتانے سے گریز کیا۔ پاکستان میں جاری ایندھن کی سبسڈی اسکیم کو اس کے وسیع دائرہ کار اور زیادہ اخراجات کے باعث مرحلہ وار ختم کیا جانا چاہیے۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ اگر عالمی منڈی میں تیل کی قیمتیں توقع سے زیادہ بڑھتی ہیں تو مستقبل میں دی جانے

Daily
ASKAR INTERNATIONAL
QUETTA
MEMBER
A.P.N.S
روزنامہ
عسکر انٹرنیشنل کوئٹہ
چیف ایڈیٹر:
سید فاروق شاہ
رجسٹرڈ نمبر BC-A-21

عوام کو تاریکی کی طرف دھکیلا جا رہا ہے، اراکین بلوچستان اسمبلی

نئے صوبوں کے قیام کی تجاویز کی مخالفت، پہلے سے محرومیوں کا شکار بلوچستان کو مزید تقسیم کرنے کے بجائے عوامی مسائل حل کیے جائیں‘ میر رحمت صالح بلوچ‘ مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ

وفاقی حکومت پہلے بلوچستان کے عوام کو ان کے حقوق، وسائل اور بنیادی سہولیات فراہم کرے اور صوبے کی معاشی و معاشرتی ترقی کو یقینی بنائے‘ میر زابد علی ریکی کا الگ الگ بات چیت

کوئٹہ (اے این این) اراکین بلوچستان اسمبلی نے ملک میں نئے صوبوں کے قیام کی تجاویز کی مخالفت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان پہلے ہی معاشی بدحالی، بے روزگاری اور مختلف سماجی مسائل کا شکار ہے، ایسے حالات میں نئے صوبوں کے قیام کی باتیں کرنا عوامی مسائل سے توجہ ہٹانے کے مترادف ہے‘ ان

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 5پر)

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نواب کلی اسپورٹس کمپلیکس کوئٹہ منصوبے کی نقاب کشائی کررہے ہیں

لورالائی میں روزانہ 22 گھنٹے کی طویل لوڈشیڈنگ، پانی اور انٹرنیٹ کی بندش، شہریوں کا جینا محال

کاروباری اور تعلیمی سرگرمیاں مفلوج، عوامی حلقوں کا منتخب نمائندوں کی عدم دلچسپی پر شکوہ، وزیراعلیٰ اور کیسکو چیف سے نوٹس لینے کا مطالبہ

لورالائی (یو این اے) ڈویژنل ہیڈکوارٹر لورالائی میں روزانہ کی بنیاد پر 22، 22 گھنٹے طویل بجلی کی لوڈشیڈنگ نے شہریوں کا جینا محال کر دیا ہے۔ بجلی کی مسلسل بندش کے باعث شہر کے مختلف علاقوں میں معمولاتِ زندگی بری طرح متاثر ہو رہے ہیں، پینے کے پانی کی شدید قلت پیدا ہوگئی ہے جبکہ انٹرنیٹ سروس کی عدم دستیابی نے طلبہ، کاروباری طبقے، سرکاری و نجی ملازمین اور آن لائن کام کرنے والے افراد کو شدید مشکلات سے دوچار کر دیا ہے۔ شہریوں کے مطابق بجلی کی عدم فراہمی کے باعث گھریلو زندگی سے لے کر کاروباری سرگرمیاں تک متاثر ہو چکی ہیں اور عوام شدید ذہنی و معاشی پریشانی کا شکار

(بقیہ 6 اندرونی صفحہ 5پر)

اوتھل میں آٹے کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے سے غریب اور دیہاڑی دار طبقہ شدید پریشان

اوتھل (یو این اے) لسبیلہ کے ضلعی ہیڈکوارٹر اوتھل میں مہنگائی کا جن بے قابو ہوگیا، آٹے کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ ہونے سے غریب اور دیہاڑی دار طبقے کے لیے دووقت کی روٹی کا حصول بھی مشکل ہوگیا۔ شہر میں آٹے کی 40 کلو والی بوری مبینہ طور پر 7 ہزار روپے، 20 کلو والی بوری 3500 روپے جبکہ 10 کلو آٹا 1700 سے

(بقیہ 5 اندرونی صفحہ 5پر)

یونین کونسل وارڈ ماکوڑی کا ترقیاتی بجٹ مبینہ طور پر بے ضابطگیوں کی نذر، عوام بنیادی سہولیات سے محروم

پینے کے صاف پانی، بجلی اور سڑکوں کی ابتر صورتحال پر عوامی حلقوں کا اظہارِ تشویش، فنڈز کی شفاف تحقیقات کا مطالبہ

ماکوڑی (یو این اے) یونین کونسل وارڈ ماکوڑی کا ترقیاتی بجٹ مبینہ طور پر بے ضابطگیوں اور کرپشن کی نذر ہونے کے خدشات پیدا ہو گئے ہیں، جبکہ علاقے کے عوام آج بھی بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔ علاقہ ماکوڑی کے مکینوں کو پینے کے صاف پانی کی شدید قلت، ٹوٹ پھوٹ کا شکار سڑکوں اور بجلی کی عدم دستیابی جیسے سنگین مسائل کا سامنا ہے۔ علاقے میں بجلی کی سہولت نہ ہونے کے باعث سولر سسٹم کی فراہمی وقت کی اہم ضرورت ہے، لیکن افسوس کہ تاحال کوئی نمایاں ترقیاتی کام دکھائی نہیں دے رہا۔ عوامی حلقوں کا سوال ہے کہ آخر ماکوڑی کے عوام کا قصور کیا ہے؟ کیا وہ اس ملک اور ضلع کے

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 5پر)

ہشتم بورڈ امتحان میں سرعام نقل موبائل فون کا استعمال ناقابل قبول جرم ہے‘ نذر بڑیچ

کوئٹہ (اے این این) آل پاکستان پرائیویٹ سکولز فیڈریشن بلوچستان کے صوبائی آرگنائزر نذر بڑیچ‘ محمد جعفر خان‘ مولوی جیلانی البدری‘ گل محمد مستوئی‘ حق نواز شاہ‘ عابد ناصر‘ امان اللہ مینگل‘ ولی محمد زہری‘ بلال احمد خان امیر محمد کاکڑ و دیگر رہنماؤں نے تعلیم دشمن ہشتم بورڈ امتحان میں سرعام نقل امتحانی ہال میں موبائل فون

(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 5پر)

نواں کلی کوئٹہ میں اسٹیٹ آف دی آرٹ میر سرفراز بگٹی اسپورٹس کمپلیکس کا افتتاح کردیا گیا

اسپورٹس کمپلیکس نوجوانوں کا تیس سال پرانا خواب تھا جو وزیراعلیٰ کی کاوشوں سے پورا ہوا، صوبائی وزیر بخت محمد کاکڑ

کوئٹہ (یو این اے) نواں کلی کوئٹہ میں اسٹیٹ آف دی آرٹ میر سرفراز بگٹی اسپورٹس کمپلیکس کا افتتاح کر دیا گیا۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ اسپورٹس کمپلیکس کا قیام علاقے کے نوجوانوں کا تیس سال پرانا خواب تھا، جس کی تعبیر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی خصوصی کاوشوں کی مرہونِ منت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں نواں کلی کو مکمل طور پر نظرانداز کیا گیا اور یہاں کوئی ترقیاتی کام نہیں کرایا گیا، حتیٰ کہ نواں کلی کی سڑک بارہ سال جبکہ کلی عمر کا روڈ پچیس سال کی طویل تاخیر کے بعد تعمیر کیا گیا۔ صوبائی وزیر صحت کا کہنا تھا کہ موجودہ صوبائی حکومت کے گزشتہ ڈھائی سال کے دوران صحت اور تعلیم کے شعبوں میں جو تاریخی

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 5پر)

کوئٹہ، صوبائی وزیر بخت محمد کاکڑ نواب کلی اسپورٹس کمپلیکس کوئٹہ کی تقریب سنگ بنیاد سے خطاب کررہے ہیں

صوبائی حکومت عوام کو تحفظ دینے میں مکمل ناکام دکھائی دے رہی ہے، ڈاکٹر مالک بلوچ

کلی پسند خان کے بازار کو نذرِ آتش کرنے اور تحصیل کردگاپ کے مختلف علاقوں میں گولہ باری پر شدید تشویش ہے، حکومت عوام کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنائے‘ سربراہ نیشنل پارٹی

آبادیوں اور گھروں پر مارٹر گولوں کی فائرنگ اور گولہ باری نے لوگوں کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ سیکیورٹی فورسز کی جانب سے جاری گولہ باری کے نتیجے کئی افراد جاں سے گئے‘ بات چیت

کوئٹہ (اے این این) نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے تحصیل کردگاپ کے مختلف علاقوں میں گولہ باری، عوامی املاک کو نذرِ آتش کرنے اور مقامی آبادی کو خوف و ہراس میں مبتلا کرنے پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ کلی پسند خان کے بازار کو جلانے کی اطلاعات نہ صرف انتہائی افسوسناک بلکہ قابلِ مذمت ہیں۔ عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ مختلف علاقوں کو خالی کروانے اور لوگوں کو اپنے آبائی علاقوں سے بے دخل کرنے کا اقدام ناقابلِ قبول ہے، نیشنل پارٹی عوام کی جبری بے دخلی کو مسترد کرتی ہے۔ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ افسوسناک امر یہ ہے کہ عوام کے احساسات اور مشکلات کو نظرانداز کیا جا رہا ہے، دونوں جانب سے جاری صورتحال میں عام شہری شدید مشکلات، خوف اور عدم تحفظ کا شکار ہیں۔ کسی بھی اقدام میں شہری آبادیوں کے تحفظ، انسانی جانوں اور بنیادی حقوق کو اولین ترجیح دی جانی چاہیے۔ دریں اثنا نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ سے تحصیل کردگاپ کے متاثرہ علاقوں کے معتبرین اور معززین پر مشتمل وفد نے ملاقات کی۔ وفد میں گرگینہ، کلی پسند خان، کلی مزار خان، کلی ملک زکریا، موسیٰ خان، کلی ضیغی، کلی خراسانی، کلی محمد حسنی نمبر 1 اور 2، کلی ابا بکی نمبر 1 اور 2، کلی کفتاری، کہنہ جدید، کلی شربت خان نمبر 1 اور 2، کلی میر احمد رودینی اور کلی رودینی کے نمائندے شامل تھے۔ وفد نے ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کو علاقے کی بدترین صورتحال سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ آبادیوں اور گھروں پر مارٹر گولوں کی فائرنگ اور گولہ باری نے لوگوں کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ سیکیورٹی فورسز کی جانب سے جاری گولہ باری کے نتیجے میں اب تک ایک درجن کے قریب افراد جاں بحق جبکہ سینکڑوں زخمی ہو چکے ہیں۔ کلی پسند خان کے بازار کو نذرِ آتش کرنے سے کروڑوں روپے مالیت کی املاک، دکانیں، مال مویشی، درجنوں مکانات اور زیورات جل کر خاکستر ہو گئے ہیں۔ وفد کے مطابق کلی کفتاری اور کلی خراسانی کی تمام دکانیں بھی جلا دی گئی

(بقیہ 7 اندرونی صفحہ 5پر)

نیشنل پارٹی کا تحصیل کردگاپ میں گولہ باری، املاک نذرِ آتش کرنے اور جبری بے دخلی پر شدید تشویش

کلی پسند خان کا بازار جلانا قابلِ مذمت ہے، نیشنل پارٹی عوام کی بے دخلی کو مسترد کرتی ہے، ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ

کوئٹہ (یو این اے) نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے تحصیل کردگاپ کے مختلف علاقوں میں گولہ باری، عوامی املاک کو نذرِ آتش کرنے اور مقامی آبادی کو خوف و ہراس میں مبتلا کرنے پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ کلی پسند خان کے بازار کو جلانے کی اطلاعات نہ صرف انتہائی افسوسناک بلکہ قابلِ مذمت ہیں۔ عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ مختلف علاقوں کو خالی

(بقیہ 8 اندرونی صفحہ 5پر)

مولانا فضل الرحمٰن کے خلاف وفاقی حکومت اپنے ہتھکنڈے بند کریں‘ آغا محمود شاہ

ایسے اوچھے ہتھکنڈے جمعیت کو مرعوب نہیں کرسکتے‘ صوبائی سیکرٹری جنرل، وترجمان دلاور کاکڑ

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی سیکرٹری جنرل آغا محمود شاہ اور صوبائی ترجمان دلاور خان کاکڑ نے پنجاب حکومت کی جانب سے قائد جمعیت حضرت مولانا فضل الرحمٰن کی رہائش گاہ کے باہر پولیس کی بھاری نفری تعینات کرکے انہیں بار کونسل سے خطاب کے لیے جانے سے روکنے کی کوشش کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت کا یہ طرزِ عمل جمہوری اقدار، سیاسی رواداری اور بنیادی شہری آزادیوں کے منافی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک قومی سیاسی و مذہبی رہنما کو اپنے خیالات کے اظہار اور وکلاء کے نمائندہ فورم سے خطاب سے روکنے کی کوشش حکومتی بوکھلاہٹ اور عدم برداشت کا واضح ثبوت ہے۔ مولانا فضل الرحمٰن کی آواز دبانے کے لیے ریاستی طاقت کا استعمال کسی صورت قابل قبول نہیں، حکومت فوری طور پر تمام رکاوٹیں ختم کرکے انہیں بار کونسل جانے اور خطاب کرنے کا راستہ فراہم کرے۔ جمعیت علماء اسلام ایسے غیر جمہوری اقدامات کے سامنے خاموش نہیں رہے گی اور اپنے قائد کے آئینی، سیاسی اور جمہوری حقوق کے تحفظ کے لیے ہر قانونی و جمہوری فورم پر آواز بلند کرے گی۔ جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی سیکرٹری جنرل آغا محمود شاہ اور صوبائی ترجمان دلاور خان کاکڑ نے پنجاب حکومت کی جانب سے قائد جمعیت حضرت مولانا فضل الرحمٰن کی رہائش گاہ کے باہر پولیس کی بھاری نفری تعینات کرکے انہیں بار

(بقیہ 9 اندرونی صفحہ 5پر)

اوڈیانو کے ڈائریکٹر بالاچ خان کی رانا مشہود احمد خان سے ملاقات

بلوچستان کے نوجوانوں کو یوتھ لون اسکیم تک رسائی دینے پر تبادلہ خیال

کوئٹہ، اسلام آباد (یو این اے) اوڈیانو (ODIONO) کے ڈائریکٹر بالاچ خان نے رانا مشہود احمد خان سے ملاقات کی، جس میں بلوچستان کے نوجوانوں کو درپیش مسائل، یوتھ لون اسکیم اور نوجوانوں کے لیے کاروباری مواقع کی فراہمی کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر بالاچ خان نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے نوجوانوں میں بے پناہ صلاحیتیں اور ٹیلنٹ موجود ہے، تاہم بدقسمتی سے صوبے کے نوجوانوں کو یوتھ لون اسکیم تک مؤثر رسائی حاصل نہیں۔ انہوں نے اس اہم مسئلے کی نشاندہی کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ بلوچستان کے نوجوانوں کی اسکیم تک رسائی آسان بنانے اور انہیں عملی طور پر مستفید کرنے کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ رانا مشہود احمد خان نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان یوتھ لون اسکیم میں ہماری اولین ترجیح ہے۔ بلوچستان کے نوجوانوں میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں،

(بقیہ 13 اندرونی صفحہ 5پر)

جے یو آئی ضلع کوئٹہ کی مولانا فضل الرحمٰن کو لاہور بار سے خطاب سے روکنے کی مذمت

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، حاجی بشیر احمد کاکڑ، سیکرٹری مالیات حاجی صالح محمد، مفتی رضا خان، سیٹھ اجمل بازئی، میر حشمت لہڑی، حاجی ظفراللہ کاکڑ، میر سرفراز شاہوانی، سالار مولانا علی جان، مولانا سید سعداللہ آغا اور مولانا نقیب اللہ ملاخیل نے قائد جمعیت حضرت مولانا فضل الرحمٰن کی لاہور میں رہائش گاہ کے باہر پولیس کی بھاری نفری تعینات کرنے اور

(بقیہ 12 اندرونی صفحہ 5پر)

نصیرآباد میں محکمہ ایگریکلچرل انجینئرنگ کی کارکردگی قابلِ ستائش

ڈپٹی ڈائریکٹر انجینئر نادر علی سیال کی پیشہ ورانہ خدمات کو خراجِ تحسین

چھتر (یو این اے) نصیرآباد ڈویژن میں محکمہ ایگریکلچرل انجینئرنگ کی کارکردگی قابلِ ذکر، انجینئر نادر علی سیال کی پیشہ ورانہ خدمات کو سراہا جا رہا ہے تفصیلات کے مطابق محکمہ ایگریکلچرل انجینئرنگ نصیرآباد ڈویژن ڈیرہ مراد جمالی کے ڈپٹی ڈائریکٹر انجینئر نادر علی سیال اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں اور محکمانہ امور میں دلچسپی کے باعث توجہ کا مرکز ہیں۔ زرعی اہمیت کے حامل نصیرآباد ڈویژن میں محکمہ ایگریکلچرل انجینئرنگ کی ذمہ داریاں خصوصی اہمیت رکھتی ہیں، جہاں کاشتکاروں کو جدید زرعی سہولیات کی فراہمی اور زرعی شعبے میں مشینری و ٹیکنالوجی کے استعمال کو فروغ دینے کی ضرورت ہے انجینئر نادر علی سیال کی پیشہ ورانہ خدمات، محکمانہ امور سے وابستگی اور اپنی ذمہ داریوں کی انجام دہی کے حوالے سے ان کے کردار کو سراہا جا رہا ہے۔ زرعی شعبے کی بہتری کے لیے محکمہ ایگریکلچرل انجینئرنگ کا فعال کردار وقت کی اہم ضرورت ہے، کیونکہ جدید زرعی مشینری اور انجینئرنگ

(بقیہ 11 اندرونی صفحہ 5پر)

چیئرمین بی آر اے عبداللہ خان کی زیرِ صدارت ٹیکسیشن امور پر جائزہ اجلاس

کوئٹہ (خ ن) چیئرمین بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) عبداللہ خان کی زیرِ صدارت ٹیکسیشن امور سے متعلق ایک جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں خیبر پختونخوا سے تعلق رکھنے والے ٹیکس امور کے ماہر اور قانونی مشیر فضل امین، بی آر اے کے ممبران اور متعلقہ ٹیم نے شرکت کی اجلاس میں ٹیکس سے متعلقہ طریقہ کار کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور متعلقہ قانونی تقاضوں پر عملدرآمد کو یقینی بنانے سمیت اہم تکنیکی اور انتظامی امور پر غور کیا گیا، بالخصوص اِن پٹ ٹیکس ایڈجسٹمنٹ

(بقیہ 10 اندرونی صفحہ 5پر)

آئی ایم ایف کی جانب سے پاکستان کیلئے 1.2 ارب ڈالر کی اگلی قسط کی منظوری کا امکان

اسلام آباد (جی این ایم) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے ایگزیکٹیو بورڈ کا اجلاس طلب کرلیا گیا، جس میں پاکستان کیلئے اگلی قسط کی منظوری کا امکان ہے۔ آئی ایم ایف کے ایگزیکٹو بورڈ کا اجلاس 11 دسمبر کو طلب کرلیا گیا، پاکستان کے لئے 1.2 ارب ڈالر کی اگلی قسط کی منظوری دی جائے گی۔ پاکستان اور آئی ایم ایف مشن کے

(بقیہ 14 اندرونی صفحہ 5پر)

اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی محمود خان اچکزئی ودیگر لاہور ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے زیراہتمام منعقدہ آل پارٹیز کانفرنس کے موقع پر اسٹیج پر بیٹھے ہیں

نصیرآباد پولیس کی مشترکہ کارروائی، مطلوب تین مفرور ملزمان گرفتار

کوئٹہ (یو این اے) ڈی آئی جی پولیس نصیرآباد رینج کامران نواز پنجوتھا کے احکامات اور ایس ایس پی نصیرآباد اسد ناصر کی خصوصی ہدایات پر سی آئی اے نصیرآباد نے سٹی اور چھتر پولیس کے ہمراہ مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے اقدام قتل کے مقدمے میں مطلوب تین مفرور ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق ایس ڈی پی او سرکل

(بقیہ 19 اندرونی صفحہ 5پر)

سوراب شہر میں گزشتہ تین ماہ سے گیس کی فراہمی مکمل معطل، شہری شدید مشکلات سے دوچار

سردی کے موسم میں گیس بندش کے باوجود صارفین کو بھاری بھرکم بلوں کا اجرا، فوری بحالی اور بلوں کی درستگی کا مطالبہ

سوراب (یواین اے) سوراب شہر میں گزشتہ تین ماہ سے گیس کی فراہمی مکمل طور پر معطل ہونے کے باعث شہری شدید مشکلات اور پریشانیوں سے دوچار ہیں، سردی کے موسم میں گیس جیسی بنیادی سہولت کی عدم دستیابی نے عوام کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے، جبکہ متعلقہ حکام تاحال گیس کی بحالی کے حوالے سے کوئی خاطرخواہ اقدامات کرتے دکھائی نہیں دے رہے، گیس کی فراہمی بند ہے تو دوسری جانب صارفین کو بھاری بھرکم گیس بل ارسال کیے جا رہے ہیں، جو عوام کے ساتھ سراسر ناانصافی کے مترادف ہے، گیس استعمال نہ ہونے کے باوجود بھاری بلوں کی وصولی نے پہلے سے مہنگائی کے ستائے ہوئے شہریوں کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے، دوسری جانب گیس کی عدم دستیابی کے باعث شہری متبادل ایندھن کے طور پر سوکھی لکڑی استعمال کرنے پر مجبور ہیں، تاہم لکڑی کی قیمتیں بھی آسمان سے باتیں کرنے لگی ہیں، جس کے باعث غریب اور متوسط طبقے کے لیے سردی سے بچا اور گھریلو ضروریات پوری کرنا مشکل ہوتا جا رہا ہے، سوراب کے شہریوں نے متعلقہ حکام اور سوئی گیس انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ سوراب شہر میں فوری طور پر گیس کی فراہمی بحال کی جائے۔ سوراب شہر میں گزشتہ تین ماہ سے گیس کی فراہمی مکمل طور پر معطل ہونے کے باعث شہری شدید مشکلات اور پریشانیوں سے دوچار ہیں، سردی کے موسم میں گیس جیسی بنیادی سہولت کی عدم دستیابی نے عوام کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے، جبکہ متعلقہ حکام تاحال گیس کی بحالی کے حوالے سے کوئی

(بقیہ 15 اندرونی صفحہ 5پر)

نیشنل ڈیموکریٹک موومنٹ کا بلوچستان یونین آف جرنلسٹس کے احتجاج کی مکمل حمایت

کوئٹہ (یو این اے) نیشنل ڈیموکریٹک موومنٹ کے صوبائی بیان میں بلوچستان یونین اف جرنلسٹ کے زیراہتمام میڈیا کی آزادی اور صحافیوں و میڈیا ورکرز کے آئینی، جمہوری اور صحافتی حقوق کیلئے جاری جمہوری احتجاج کی مکمل حمایت کرتے ہوئے تمام مطالبات کی فوری حل کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ صحافت اور میڈیا کو ریاست میں اہم ستون کا مقام حاصل

(بقیہ 16 اندرونی صفحہ 5پر)

حب وسبیلہ میں بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کی مستحق خواتین کو شدید مشکلات

سہ ماہی اقساط کی وصولی کا نظام بہتر بنایا جائے اور خواتین کا استحصال بند کیا جائے، اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

بیلا (یواین اے) حب وضلع لسبیلہ میں بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کی مستحق خواتین کو مشکلات اور شدید دشواریوں کا سامنا خواتین ایجنٹ مافیا کے رحم وکرم پر شنوائی کرنے والا کوئی نہیں ایجنٹ مافیا کی جانب سے مستحق خواتین کی رقم سے مبینہ کٹوتیوں کا بھی انکشاف سہہ ماہی اقساط کی وصولیوں میں شدید دشواریوں کا سامنا تفصیل کے مطابق ضلع حب اور لسبیلہ میں بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کی رجسٹرڈ خواتین نظام

(بقیہ 17 اندرونی صفحہ 5پر)

گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائیر سیکنڈری اسکول اوتھل میں قرآنِ کریم سے آگاہی اور معلوماتی مقابلے کا انعقاد

اوتھل (یو این اے) گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائیر سیکنڈری اسکول اوتھل، ضلع لسبیلہ میں طلبا کی دینی، اخلاقی، علمی اور روحانی تربیت کے سلسلے کو مزید مؤثر بنانے کے لیے قرآنِ کریم سے آگاہی اور معلوماتی مقابلے کی سرگرمی کا انعقاد کیا گیا، جس کا مقصد طلبا میں قرآنِ مجید سے محبت، اسلامی معلومات میں اضافہ اور دینی شعور کو فروغ دینا تھا۔ اس سرگرمی کے دوران طلبا سے قرآنِ کریم کی اہمیت، نزول، سورتوں کے تعارف، انبیائے کرام

(بقیہ 18 اندرونی صفحہ 5پر)

گورنمنٹ گرلز ہائی سیکنڈری اسکول دہپال خورد میں سائنسی نمائش، بلوچ وسندھی کلچر ڈے اور مینا بازار کا انعقاد

مثبت ہم نصابی سرگرمیاں طالبات کی صلاحیتوں اور خوداعتمادی کو نکھارتی ہیں، ڈپٹی ڈائریکٹر ایجوکیشن ماہ جبیں

سبی (یو این اے) پرنسپل گورنمنٹ گرلز ہائی سیکنڈری اسکول دہپال خورد کی جقب سے سکول میں سائنسی ایگزیبیشن، بلوچ وسندھی کلچر ڈے اور مینا بازار کا شاندار انعقاد کیا گیا جس میں طالبات نے بھرپور جوش و جذبے کے ساتھ شرکت کرتے ہوئے اپنی تخلیقی صلاحیتوں، سائنسی مہارتوں اور ثقافتی روایات کا خوبصورت مظاہرہ کیا تقریب کی مہمانِ خصوصی ڈپٹی ڈائریکٹر ایجوکیشن مس ماہ جبیں تھیں تقریب کے مہمان خاص ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر عبدالستار لانگو ہوئے مہمان خصوصی کی آمد پر پرنسپل سکول زرینہ بلوچ اور مس یاسمین حمید نے استقبال کیا ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر میل عبدالستار لانگو، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر فیمیل ارم نورین پرنسپل گورنمنٹ گرلز ہائی سکول سیوی ٹان سمیرا آفتاب اساتذہ، اسکول اسٹاف اور طالبات نے شرکت کی مہمانِ خصوصی مس ماہ جبیں نے دیگر تعلیمی افسران کے ہمراہ مختلف اسٹالز کا افتتاح کیا اور سائنس نمائش میں طالبات کی جانب سے تیار کردہ مختلف سائنسی ماڈلز اور تخلیقی منصوبوں کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر طالبات نے اپنے فن، صلاحیتوں اور قابلیت کا بھرپور مظاہرہ کیا مینا بازار میں مختلف اشیا کے اسٹالز بھی توجہ کا مرکز بنے رہے بلوچ وسندھی کلچر ڈے کے موقع پر طالبات نے دونوں ثقافتوں کے روایتی لباس ثقافتی رنگوں رسم ورواج اور علاقائی روایات کو اجاگر کرکے اپنی ثقافتی وابستگی کا خوبصورت اظہار کیا۔ رد کی جقب سے سکول میں سائنسی ایگزیبیشن، بلوچ وسندھی کلچر ڈے اور مینا

(بقیہ 20 اندرونی صفحہ 5پر)

لاہور، اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی محمود خان اچکزئی میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں

لورالائی: ایف اے او (FAO) لائیوسٹاک پروگرام کی تقریبِ تقسیمِ اسناد

لورالائی (خ ن) وائس چانسلر یونیورسٹی آف لورالائی انجینئر پروفیسر ڈاکٹر احسان اللہ کاکڑ نے 24 نومبر 2026ء کو ایف اے او (FAO) کے فیلڈ آفس لورالائی میں منعقدہ فارمر فیلڈ اسکول (FFS) لائیوسٹاک پروگرام کی تیسری تقریبِ تقسیمِ اسناد اور بڑے گرانٹس پروگرام (Large Programme Grants) کے تعارفی سیشن میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی تقریب کا

(بقیہ 21 اندرونی صفحہ 5پر)

کوئٹہ، قائم مقام گورنر بلوچستان کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی سے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر چمن ڈاکٹر اولیس ملاقات کررہے ہیں

کوئٹہ، قائم مقام گورنر بلوچستان کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی سے ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی ملاقات کررہے ہیں

دشمن ایران کو طویل اور تھکا دینے والی کشمکش میں دھکیلنا چاہتا ہے، باقر قالیباف

تہران (جی این ایم) ایرانی پارلیمان کے سپیکر اور امریکا کے ساتھ مذاکراتی ٹیم کے سربراہ محمد باقر قالیباف نے دوٹوک اعلان کیا ہے کہ ایران نہ جنگ، نہ امن کی طویل غیریقینی صورتحال کو ہرگز قبول نہیں کرے گا اور اسے جلد ختم کرنا ہوگا۔ پارلیمان کی رابطہ کونسل کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا امریکا کو ایران پر غیر معینہ مدت تک غیریقینی کیفیت مسلط

(بقیہ 27 اندرونی صفحہ 5پر)

بی این پی کے سربراہ سردار اختر مینگل اور سردار اسداللہ مینگل کا شاہ نورانی میں مختلف اسکولوں کا دورہ

تعلیم ہی قوم کی اصل طاقت ہے، اساتذہ قوم کے معمار ہیں جو اپنی محنت سے پورے معاشرے کو بدل سکتے ہیں، سردار اختر مینگل

خضدار (یواین اے) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سابق وزیر اعلی بلوچستان سردار اختر جان مینگل اور سردار اسداللہ مینگل نے شاہ نورانی میں مختلف اسکولوں کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران دونوں رہنماں نے کلاس رومز کا معائنہ کیا، طلبا سے ملاقات کی اور ان سے تعلیم، مستقبل کے خوابوں اور علاقے کے مسائل کے بارے میں سوال جواب کیے۔ طلبا نے اپنے مسائل کھل کر بیان کیے، جن پر سردار اختر جان مینگل نے انہیں تعلیم پر خصوصی توجہ دینے کی تلقین کرتے ہوئے کہا کہ تعلیم ہی قوم کی اصل طاقت ہے۔ شاہ نورانی کے بچے ہمارا مستقبل ہیں، ان کو بہتر تعلیم دینا ہم سب کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے طلبا کو محنت، سچائی اور اپنے علاقے کی خدمت کا درس دیا۔ اس موقع پر سردار اختر جان مینگل اور سردار اسد اللہ مینگل نے اساتذہ سے بھی ملاقات کی اور انہیں بہتر انداز میں تدریس، بچوں کی اخلاقی تربیت اور حاضری کو یقینی بنانے کے حوالے سے ہدایات کیا۔ انہوں نے کہا کہ اساتذہ قوم کے معمار ہیں، اگر استاد محنت کرے گا تو پورا معاشرہ بدل جائے گا۔ استاد ہی کی وجہ سے طلبا تعلیم کے میدان کو عبور کرکے ملک وقوم کی بہتر خدمات انجام دے سکتے ہیں۔ دورے کے اختتام پر مقامی عمائدین اور والدین نے دونوں رہنماں کا شکریہ ادا کیا اور امید ظاہر کی کہ شاہ نورانی میں تعلیم کے فروغ کے لیے ایسے دورے

(بقیہ 22 اندرونی صفحہ 5پر)

کوئٹہ پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں، ہوائی فائرنگ کرنے والا ملزم گرفتار

کوئٹہ (یو این اے) ڈی آئی جی کوئٹہ عمران شوکت اور ایس ایس پی آپریشنز ضیاالحق مندوخیل کے نوٹس پر کوئٹہ پولیس نے جرائم پیشہ اور قانون شکن عناصر کے خلاف کارروائیاں تیز کرتے ہوئے اجمل باکسر گروپ کے ایک اور کارندے سمیت دو ملزمان کو گرفتار کرلیا ہے۔ پولیس حکام کے مطابق ایک کارروائی کے دوران اجمل باکسر گروپ کے مطلوب کارندے کو حراست میں لیا گیا، جبکہ دوسری الگ کارروائی میں ہوائی فائرنگ

(بقیہ 25 اندرونی صفحہ 5پر)

سبی میں مڈل اسٹینڈرڈ کے سالانہ امتحانات جاری، 10 مراکز میں 1680 طلبہ وطالبات شریک

امتحانی مراکز میں موبائل فون اور نقل کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی، ضابطہ اخلاق پر مکمل عملدرآمد یقینی بنایا جائے، ڈپٹی ڈائریکٹر ایجوکیشن

سیوی (یو این اے) صوبے بھر کی طرح سیوی میں بھی مڈل اسٹینڈرڈ کے سالانہ امتحانات جاری ہیں، جن کے لیے ضلع بھر میں مجموعی طور پر 10 امتحانی مراکز قائم کیے گئے ہیں، جہاں 1680 طلبا و طالبات امتحانات میں حصہ لے رہے ہیں۔ امتحانات کے شفاف، منظم اور پرامن انعقاد کو یقینی بنانے کے لیے محکمہ تعلیم کے افسران کی جانب سے امتحانی مراکز کی مسلسل نگرانی کی جا رہی ہے اس سلسلے میں ڈپٹی

(بقیہ 26 اندرونی صفحہ 5پر)

حوثیوں کا ریاض کی بلند ترین عمارت پر ایک ہفتے میں دوسری بار حملہ

ریاض (اے این این) مالیاتی مرکز میں واقع سعودی سرمایہ کاری فنڈ کے مرکزی دفتر کو ایک ہفتے میں دوسری بار نشانہ بنایا گیا۔ سعودی دارالحکومت ریاض کی بلندترین عمارت کو ایک ہفتے سے بھی کم عرصے میں دوسری مرتبہ حملے کا نشانہ بنایا گیا اس عمارت میں سعودیہ کے مالیاتی مرکز کا دفتر بھی ہے۔ عالمی خبر رساں ادارے اے ایف پی کے مطابق تین عینی شاہدین نے بتایا کہ منگل کو ایک نامعلوم سمت سے آنے والا گولہ ریاض کے

(بقیہ 23 اندرونی صفحہ 5پر)

صحافیوں کو بے روزگار کرنے کے بجائے ان کی خدمات کو سراہا جائے‘ ذوالفقار طارق

صحافیوں کے تمام جائز مطالبات تسلیم کیے جائیں، ان کے حقوق کا تحفظ یقینی بنایا جائے‘ رہنماء اہلسنت

کوئٹہ (اے این این) اہل سنت و جماعت کے رہنما فیضان اولیاء کے بانی ذوالفقار علی طارق قادری نے صافیوں کو درپیش مسائل پر ہونے والی احتجاج کا حمایت کرتے ہوئے کہا کہ صحافیوں کے جائز مطالبات اور ان کے حقوق کے حصول کے لیے کوئٹہ میں جاری احتجاجی دھرنے کی بھرپور حمایت کرتے ہیں۔ صحافی معاشرے کا اہم ستون اور عوام کی آواز ہوتے ہیں، جو نامساعد حالات کے باوجود عوامی مسائل، معاشرتی مشکلات اور حکومتی پالیسیوں کو منظرعام پر لانے میں اپنا کردار ادا کرتے ہیں۔ صحافیوں کو درپیش معاشی مشکلات، بے روزگاری، میڈیا اداروں کی بندش اور تنخواہوں کی عدم ادائیگی جیسے مسائل انتہائی قابل تشویش ہیں۔ بلوچستان سمیت ملک بھر میں صحافیوں کو اپنے فرائض کی انجام دہی کے دوران مختلف مشکلات کا سامنا ہے۔ متعدد صحافیوں اور میڈیا ورکرز کے بے روزگار ہونے سے ان کے خاندان بھی معاشی مشکلات سے دوچار ہیں۔ حکومت اور متعلقہ میڈیا اداروں کی ذمہ داری ہے کہ صحافیوں کے روزگار کا تحفظ کریں، واجب الادا تنخواہیں ادا کریں اور انہیں بہتر پیشہ ورانہ ماحول فراہم کریں۔ صحافیوں کے تمام جائز مطالبات تسلیم کیے جائیں اور ان کے جان و مال کے ساتھ ساتھ روزگار کا تحفظ بھی یقینی بنایا جائے۔ انہیں بے روزگار کرنے کے بجائے ان کی صحافتی خدمات کو سراہا جائے، کیونکہ صحافی مشکل حالات

(بقیہ 24 اندرونی صفحہ 5پر)

کوئٹہ، لورالائی: وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر احسان اللہ کاکڑ یونیورسٹی آف لورالائی میں ایف اے او کے تحت لائیوسٹاک فارمز فیلڈ سیشن سے خطاب کررہے ہیں

Daily
ASKAR INTERNATIONAL
QUETTA
MEMBER A.P.N.S
روزنامہ
عسکر انٹرنیشنل کوئٹہ
چیف ایڈیٹر:
سید فاروق شاہ
رجسٹرڈ نمبر BC-A-21

چیف ایڈیٹر و پبلشر سید فاروق شاہ نے روزنامہ عسکر انٹرنیشنل کوئٹہ کو انڈیپنڈنٹ پرنٹر سے چھپوا کر دفتر روزنامہ عسکر انٹرنیشنل آفس نمبر 315 یونیورسل کمپلیکس 3ed فلور سے شائع کیا۔ فون نمبر:۔
03318383955 0812092472

عالمی طاقتیں اور جوہری ہتھیار

امریکہ، چین اور روس کے صدور ڈونلڈ ٹرمپ، شی جن پنگ اور ولادیمیر پیوٹن نے جوہری جنگ روکنے، جوہری ہتھیاروں کے پھیلاؤ کی روک تھام، توانائی کے تحفظ اور عالمی اداروں میں اصلاحات کے لئے تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا ہے۔ تینوں ممالک کے رہنماؤں کے درمیان پہلا غیر معمولی سہ فریقی سربراہی اجلاس ہوا۔ مشترکہ اَمن اعلامیہ کے مطابق ایشیاء پیسیفک اکنامک کوآپریشن (ایپک) سربراہی اجلاس کے موقع پر چین کے شہر شینزن میں واقع تاریخی کاکن ولا میں تینوں رہنماؤں کے درمیان ملاقات ہوئی جو کہ تقریباً ڈیڑھ گھنٹے تک جاری رہی۔ انہوں نے سٹرٹیجک استحکام اور بین الاقوامی اَمن و سلامتی برقرار رکھنے کے مشترکہ عزم کا اظہار کیا۔ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ جوہری جنگ نہ تو جیتی جا سکتی ہے اور نہ ہی یہ کبھی لڑی جانی چاہئے، جوہری ہتھیاروں کا پھیلاؤ روکنے کے لئے باہمی مذاکرات اور تعاون جاری رہنا چاہئے۔ تینوں ممالک نے عالمی استحکام کے لئے توانائی کی مستحکم فراہمی کو اہم قرار دیتے ہوئے ریفائنڈ پیٹرولیم مصنوعات کی پیداوار اور رسد بڑھانے کے منصوبوں پر بھی اتفاق کیا۔ اِس کے علاوہ اقوام متحدہ کے نظام میں اصلاحات اور عالمی اداروں کو مزید مؤثر بنانے کے لئے مشترکہ کوششوں کا عزم بھی کیا گیا۔ اعلامیے میں بین الاقوامی فوجداری عدالت (آئی سی سی) اور اِس نوعیت کے دیگر اداروں کو اپنے دائرہ اختیار کے ناجائز استعمال سے روکنے کی ضرورت پر زور دیا گیا اور ریاستوں کی رضا مندی، خودمختاری اور سرکاری عہدیداروں کو حاصل سفارتی استثنٰی کے احترام کو اہم قرار دیا گیا۔ واضح رہے کہ دی ہیگ میں قائم عالمی عدالتِ فوجداری نے یوکرین جنگ کے معاملے پر روسی صدر ولادیمیر پیوٹن اور پانچ دیگر روسی حکام کے وارنٹ گرفتاری جاری کر رکھے ہیں، جنہیں ماسکو مسترد کرتا ہے، جبکہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ بھی اِس عدالت کے اختیارات محدود کرنے سے متعلق بیانات دے چکے ہیں۔ اجلاس کے آغاز پر چینی صدر شی جن پنگ نے کہا کہ تینوں ممالک کو عالمی چیلنجوں سے نمٹنے کے لئے مل کر کام کرنا اور دنیا کے دیگر ممالک کے لئے مثال قائم کرنی چاہئے۔ اُنہوں نے جوہری ہتھیاروں پر واضح مؤقف اختیار کرتے ہوئے کہا کہ اِن پر مکمل پابندی عائد کر کے انہیں ختم کیا جانا چاہئے تا کہ جوہری ہتھیاروں سے پاک دنیا قائم ہو سکے۔ اُنہوں نے تینوں ممالک کے درمیان اعلیٰ سطح کے رابطوں کو باقاعدہ بنانے اور بحرانوں سے نمٹنے کے لئے مشترکہ نظام قائم کرنے کی تجویز بھی دی۔ صدر ٹرمپ نے کہا کہ یہ سہ فریقی اجلاس تاریخ رقم کر رہا ہے اور مذاکرات و رابطوں کے مواقع مسترد کر کے کبھی اَمن قائم نہیں کیا جا سکتا۔ اُنہوں نے جوہری ہتھیاروں کی تعداد میں کمی اور اُن کے استعمال کے خطرات کو کم کرنے کے لئے مذاکرات کی ضرورت پر زور دیا، تاہم تسلیم کیا کہ اِن ہتھیاروں سے دستبرداری آسان نہیں۔ ایران کا حوالہ دیتے ہوئے اُنہوں نے کہا کہ اُسے جوہری ہتھیار حاصل کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ اُن کا کہنا تھا کہ تینوں ممالک بڑی طاقتیں ہونے کے ناتے عالمی اَمن وسلامتی کے تحفظ کی خصوصی ذمہ داری رکھتے ہیں۔ صدر ٹرمپ نے عالمی فوجداری عدالت کو بھی تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ یہ ادارہ اپنے دائرہ اختیار سے تجاوز کر چکا ہے۔ روسی صدر پیوٹن نے کہا کہ تینوں ممالک تعمیری تعاون کریں تو عالمی استحکام کو مضبوط بنایا جا سکتا ہے۔ اُن کے بقول بین الاقوامی اَمن و سلامتی برقرار رکھنے میں تینوں ممالک کی مشترکہ ذمہ داری ہے اور علاقائی تنازعات کے حل کے حوالے سے بھی اُن کے کئی مشترکہ مفادات ہیں، جن میں یوکرین کا تنازع شامل ہے۔ صدر پیوٹن نے اجلاس کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ملاقات کو سفارتکاری کی تاریخ کا اہم باب قرار دیا، تاہم دعویٰ کیا کہ یوکرین اور یورپی یونین اِس تنازع کے حل کے لئے سمجھوتے پر آمادہ نہیں ہیں۔ اُنہوں نے یوکرین کی طرف سے روس کو مقبوضہ جزیرہ نما کریمیا سے ملانے والے پُل پر حملے کے جواب میں مزید سخت کارروائی کی دھمکی دیتے ہوئے کہا کہ یوکرین کے حملوں کا جواب پہلے سے کہیں زیادہ تکلیف دہ ہوگا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق منگل کو ہونے والے میزائل اور ڈرون حملے میں پُل کا مرکزی سڑک والا حصہ تباہ ہو گیا تھا۔ یہ سہ فریقی اجلاس ایسے وقت میں ہوا ہے جب روس کی یوکرین میں فوجی کارروائیاں جاری ہیں

ماجرا کیا ہے؟

نسیم شاہد

گھر کی بات گھر ہی میں رہے تو اچھا ہے۔ سیانوں نے یہ درس بہت پہلے دے دیا تھا مگر اس پر عمل کم از کم آج کل نہیں ہوتا۔ دور جانے کی ضرورت نہیں ایک ہی کابینہ میں بیٹھنے والے وزیر اور مشیر بھی اگر بالمشافہ گلہ شکوہ کرنے کی بجائے جھگڑا میدان میں لے آتے ہیں تو اس کا کیا علاج کیا جا سکتا ہے ہم نے تو اس وقت بھی کہا تھا، جب وزیرداخلہ محسن نقوی نے ایک تقریب میں سسٹم کے تباہ ہونے کی بات کر دی تھی کہ وزیراعظم کو ان کی اس تقریر کا نوٹس لینا چاہیے۔ پھر دبے دبے لفظوں میں خود حکومتی وزیروں، مشیروں نے محسن نقوی کو یہ مشورہ بھی دیا تھا کہ نظام اگر فیل ہو چکا ہے تو آپ اس نظام میں کیا کر رہے ہیں، مگر اس وقت ایسا کچھ نہ ہوا اور محسن نقوی بھی خاموش رہے۔ اب ایسی کیا باتیں ہوئی ہیں کہ انہیں یہ کہنا پڑ گیا ہے کہ ایک وزیران کے بارے میں روزانہ ٹی وی پر باتیں کرتے ہیں، وہ باز نہ آئے تو جواب میں وہ ان کے راز کھول دیں گے۔ پھر شاید وہ کسی کو وضاحت دینے کے قابل نہ رہیں۔ محسن نقوی نے اگرچہ وزیر کا نام نہیں لیا تھا، مگر چونکہ اب سوشل میڈیا کا دور ہے۔ ہر چیز پوری تفصیل کے ساتھ کہیں نہ کہیں موجود ہے اس لئے یارانِ نکتہ داں ایسی بہت سی ویڈیوز اور انٹرویو نکال لائے جن میں وفاقی مشیر رانا ثناء اللہ، وزیرداخلہ محسن نقوی کے بارے میں اپنے خیالات عالیشان بیان کر رہے ہیں۔ پورے سیاسی منظرنامے میں صرف وہی ہیں جو اس قضیے میں پڑے ہوئے ہیں وگرنہ پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) میں سے کوئی بھی ایسا نہیں جو محسن نقوی کی باتوں کو اچک کر ان پر ردعمل دے یا تبصرہ کرے۔ اب ظاہر ہے کہ جب سناٹے میں کوئی بول رہا ہو، تو اس کی آواز بہت اونچی سنائی دیتی ہے۔ ظاہر ہے یہ آواز محسن نقوی تک تو پہنچنی ہی تھی۔ سوان کے صبر کا پیمانہ گویا لبریز ہو گیا حالانکہ وہ درگزر سے کام لیتے تو اچھا تھا کہ معاملہ گھر تک ہی رہتا۔ ویسے آج کل کے سیاسی دورِ عجائب خانہ میں کسی کو کچھ سمجھ نہیں آ رہا، کون کیا چاہتا ہے، کیا کر رہا ہے۔ پیپلز پارٹی وضاحتیں دیتی رہتی ہے کہ اس حکومتی سیٹ اپ سے اس کا کوئی تعلق نہیں بلکہ اب تو پیپلز پارٹی کی سیکرٹری اطلاعات شازیہ مری یہ بھی کہہ چکی ہیں کہ خیبرپختونخوا کا گورنر پیپلز پارٹی کا نہیں ہے۔ یہ بات کوئی مجھ جیسا بندہ کرتا تو لوگ کہتے کیوں آنکھوں میں دھول جھونک رہے ہو۔ فیصل کریم کنڈی کو پیپلز پارٹی کے کوٹے پر گورنر بنایا گیا تھا۔ وہ آسمان سے تو نازل نہیں ہوئے تھے اب گورنر راج کے بعد کیا انہوں نے اپنی وفاداری بدلنے کا اعلان کر دیا ہے؟ بلاول بھٹو زرداری کو وہ صدقے واری جانے والا پروٹوکول دیتے ہیں صرف اس وجہ سے ان سے قطع تعلقی کا تاثر دینا کہ گورنر راج لگانے کی ذمہ داری سے بری الذمہ ہوا جا سکے، ایک ناکام کوشش ہے۔ پیپلز پارٹی اس سارے عمل سے جو گورنر راج لگانے پر منتج ہوا، اپنے آپ کو علیحدہ نہیں کر سکتی۔ اس حوالے سے پیپلز پارٹی میں حساسیت کتنی ہے، اس کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ پارٹی کی طرف سے یہ بھی کہا جا رہا ہے کہ گورنر راج کے حکم پر دستخط کرتے ہوئے صدر آصف علی زرداری کی جو ویڈیو بنی وہ ایوان صدر نے جاری نہیں کی۔ یہ کہتے ہوئے اتنا بھی نہیں سوچا کہ اگر ایوان صدر کے اندر بھی صدر کے سٹاف اور پیپلز پاٹی کا حکم نہیں چلتا تو پھر کہاں چلتا ہے۔ کھچڑی کچھ ایسی پکی ہوئی ہے کہ حالات کی کوئی بھی کل سیدھی نظر نہیں آتی۔ اونٹ کس کروٹ بیٹھے گا کسی کے پاس کہنے کو کچھ نہیں البتہ سبھی کی خواہش ہے کہ عوام کے سامنے سرخرو رہا جائے۔ اپنا سر فخر سے بلند کر کے کہا جائے دیکھو یہ ہم ہیں جو تمہارے لئے کیا کچھ نہیں کر رہے ہے۔ ایک ایسے نظام میں جس کی کمزوریاں سب پر عیاں ہیں، ہر کوئی خود کو جمہوریت کا چیمپئن کہنے پر تلا ہوا ہے۔ جب قومی اسمبلی میں مولانا فضل الرحمٰن نے خواجہ محمد آصف کو آڑے ہاتھوں لیا تھا اور کہا تھا کہ ایران میں دفاعی معاہدے کے وقت وہ کیوں پاکستانی وفد میں موجود نہیں تھے اور وزیرداخلہ کا کیا کام تھا تو خواجہ محمد آصف نے صرف مولانا فضل الرحمٰن کو اپنے تیر و تفنگ کا نشانہ بنایا تھا کیونکہ وہ حالات کی نبض کو جانتے ہیں مگر یہ رانا ثناء اللہ ہیں جنہوں نے وزیرداخلہ کو لب کھولنے پر مجبور کر دیا ہے۔ لگتا ہے اب وزیراعظم شہباز شریف کو مداخلت کرنی پڑے گی اور اس لڑائی کو روکنا پڑے گا۔ اگر یہ کھیل تماشہ نہیں اور عمران خان سے توجہ ہٹانے کی کوشش بھی نہیں ہے تو پھر حکومت کے لئے ایک سنجیدہ معاملہ ہے۔ اس سے اس نظام کی کمزوری کا تاثر ابھرتا ہے کیونکہ ماضی میں کبھی ایسا نہیں ہوا کہ کابینہ کے دو ارکان اس طرح آپس میں الجھ پڑے ہوں، یہ ماجرا آج کا ہے اس لئے حیران کر رہا ہے۔

پنجاب کو نمائندگی دینے میں انگریزوں نے تاخیر کیوں کی؟

پروفیسر ڈاکٹر محبوب حسین

کیا پنجاب، جسے برطانوی سلطنت نے 1849ء میں فتح کر کے اپنے ہندوستانی اقتدار کا ایک اہم ستون بنا لیا تھا، سیاسی نمائندگی اور آئینی حقوق دینے کے معاملے میں بھی اسی قدر اہم سمجھا جاتا تھا؟ اگر ایسا تھا تو پھر بنگال، بمبئی اور مدراس میں قانون ساز کونسلیں قائم ہونے کے کئی عشرے بعد پنجاب کو یہ ادارہ کیوں نصیب ہوا؟ اور آخر کیا وجہ تھی کہ پنجاب کو طویل عرصے تک گورنر کے بجائے لیفٹیننٹ گورنر کے ذریعے چلایا جاتا رہا؟

یہ سوالات پنجاب کی نوآبادیاتی تاریخ کے ایک ایسے پہلو کو سامنے لاتے ہیں جس پر ہماری عمومی تاریخی تحریروں میں نسبتاً کم توجہ دی گئی ہے۔ پنجاب برطانوی ہندوستان کا محض ایک بڑا صوبہ نہیں تھا بلکہ عسکری، جغرافیائی اور سیاسی اعتبار سے غیر معمولی اہمیت رکھتا تھا۔ اس کے باوجود سیاسی نمائندگی اور قانون سازی کے اداروں کے قیام میں اسے دوسرے اہم صوبوں کے مقابلے میں خاصی تاخیر کا سامنا کرنا پڑا۔ اس تضاد کو سمجھنے کے لئے 1849ء میں پنجاب کے برطانوی اقتدار میں شامل ہونے سے لے کر 1921 تک کے آئینی سفر کا جائزہ لینا ضروری ہے۔

یہاں ایک اہم تاریخی سوال پیدا ہوتا ہے کہ آخر پنجاب کو بمبئی اور مدراس کی طرح گورنر کا درجہ کیوں نہیں دیا گیا؟ اس کی ایک بنیادی وجہ برطانوی ہندوستان کے مختلف صوبوں کی تاریخی اور انتظامی حیثیت میں فرق تھا۔ بمبئی اور مدراس پرانی پریذیڈنسیز تھیں جن کا انتظامی ڈھانچہ ایسٹ انڈیا کمپنی کے دور سے موجود تھا۔ ان کے اپنے گورنر اور ایگزیکٹو کونسلیں تھیں۔ بنگال بھی برطانوی اقتدار کا قدیم اور مرکزی خطہ تھا۔ اس کے برعکس پنجاب ایک نیا مفتوحہ علاقہ تھا جسے برطانوی حکومت نے اپنے سیاسی اور عسکری مفادات کے تحت ایک نسبتاً مرکزی کنٹرول والے انتظامی صوبے کے طور پر منظّم کیا۔

پنجاب کی جغرافیائی حیثیت بھی اس انتظامی ترجیح کا ایک اہم سبب تھی۔ ایک طرف افغانستان اور شمال مغربی سرحد تھی، دوسری طرف روسی اثرورسوخ کے حوالے سے برطانوی خدشات موجود تھے۔ پنجاب کو برطانوی ہندوستان کی دفاعی حکمت عملی میں ایک اہم سرحدی خطے کی حیثیت حاصل تھی۔ اس کے علاوہ پنجاب کے دیہی اور زرعی معاشرے سے فوج کے لئے افرادی قوت کی بھرتی بھی برطانوی حکومت کے لئے غیر معمولی اہمیت رکھتی تھی۔ چنانچہ یہاں سیاسی نمائندگی سے زیادہ انتظامی استحکام، عسکری نظم و ضبط اور مرکزی کنٹرول کو ترجیح دی گئی۔

1857ء کی جنگِ آزادی نے برطانوی حکومت کے اس تصور کو مزید تقویت دی۔ پنجاب کے فوجی وسائل اور مقامی اشرافیہ کے ساتھ تعلقات نے برطانوی اقتدار کے استحکام میں اہم کردار ادا کیا تھا۔ حکومت نے اس تجربے کے بعد پنجاب کے بااثر زمینداروں، سرداروں اور وفادار طبقات کو اپنے انتظامی ڈھانچے میں شریک تو کیا، لیکن انہیں سیاسی اختیار منتقل کرنے میں احتیاط برتی۔ اس حوالے سے ڈاکٹر ایس قلبِ عابد کا تحقیقی مطالعہ، of Growth The the in Communalism 1919the BefoePunjab Reforms خاص اہمیت رکھتا ہے۔ قلبِ عابد نے واضح کیا ہے کہ پنجاب کو طویل عرصے تک بنیادی طور پر ایک فوجی صوبے کے طور پر دیکھا گیا اور برطانوی انتظامیہ کو خدشہ تھا کہ وسیع تر نمائندہ ادارے قائم کرنے سے اس کے انتظامی اور عسکری کنٹرول پر اثر پڑ سکتا ہے۔

یہ بات بھی قابلِ غور ہے کہ بمبئی اور مدراس میں 1861ء میں قانون ساز کونسلوں کی بحالی اور بنگال میں 1862ء میں قانون ساز کونسل کے قیام کے باوجود پنجاب کو اس وقت یہ ادارہ نہیں دیا گیا۔ Councils 1861ActIndian نے گورنر جنرل کو صوبائی قانون ساز کونسلیں قائم کرنے کا اختیار ضرور دیا تھا، لیکن اس کا اطلاق تمام صوبوں میں یکساں اور فوری طور پر نہیں ہوا۔ پنجاب میں پہلی باقاعدہ قانون ساز کونسل 1897 میں قائم کی گئی۔ گویا بمبئی اور مدراس کے مقابلے میں تقریباً 36 سال بعد پنجاب کو صوبائی قانون سازی کا ادارہ ملا۔ اس تاخیر کو محض انتظامی اتفاق قرار دینا درست نہیں ہوگا؛ اس کے پیچھے برطانوی حکومت کی سیاسی ترجیحات اور پنجاب کے بارے میں اس کا مخصوص نوآبادیاتی تصور کارفرما تھا۔

1897ء میں قائم ہونے والی پنجاب لیجسلیٹو کونسل بھی کوئی مکمل نمائندہ ادارہ نہیں تھی۔ اسے the of Council theofGovernorLieutenant Punjab کہا جاتا تھا۔ اس کے ابتدائی ارکان نامزد کیے جاتے تھے اور عوام کو انتخاب کے ذریعے نمائندگی حاصل نہیں تھی۔ اس کا بنیادی کام صوبائی قوانین کے مسودوں پر غور کرنا اور انتظامیہ کو قانون سازی کے عمل میں مشاورت فراہم کرنا تھا۔ دوسرے لفظوں میں یہ ادارہ عوامی خودمختاری کا مظہر نہیں بلکہ نوآبادیاتی انتظامیہ کے تحت ایک محدود مشاورتی اور قانون سازفورم تھا۔ پنجاب اسمبلی سیکریٹریٹ کی شائع کردہ کتاب Punjab The Parliamentarians 2013-1897 اس ابتدائی کونسل اور اس کے بعد آنے والی قانون ساز مجالس کی تفصیلات فراہم کرتی ہے۔

یہ تبدیلی 1919ء کے ActIndiaofGovernment کے نتیجے میں سامنے آئی۔ پہلی جنگِ عظیم کے بعد ہندوستان میں سیاسی اصلاحات کے مطالبات میں شدت آ چکی تھی۔ ہندوستانی سیاسی قیادت زیادہ نمائندگی اور انتظامی اختیارات کی منتقلی چاہتی تھی۔ برطانوی حکومت نے مونٹیگو چیلمسفورڈ اصلاحات کے ذریعے محدود صوبائی خودمختاری اور دوہری طرز حکومت (Dyarchy) متعارف کرانے کا فیصلہ کیا۔ اس قانون کے تحت بعض انتظامی محکمے گورنر اور اس کی ایگزیکٹو کونسل کے پاس رہے، جبکہ تعلیم، صحت، مقامی حکومت اور دیگر بعض محکمے ہندوستانی وزراء کے سپرد کیے گئے جو قانون ساز کونسل کے سامنے جواب دہ تھے۔ اسی آئینی تبدیلی کے تحت پنجاب کی انتظامی حیثیت بھی تبدیل ہوئی۔ تین جنوری 1921ء کو لیفٹیننٹ گورنر کا عہدہ ختم کر کے گورنر کا عہدہ قائم کیا گیا اور سر ایڈورڈ ڈگلس میکلیگن پنجاب کے پہلے گورنر مقرر ہوئے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ وہی میکلیگن اس سے قبل پنجاب کے آخری لیفٹیننٹ گورنر بھی تھے۔ نئی انتظامی ترتیب میں ایگزیکٹو کونسل بھی قائم ہوئی، جس میں سر ایچ جے مینارڈ اور سردار سندر سنگھ مجیٹھیا شامل تھے۔

کائنات کی سرحد پر انسان، کیا ہم واقعی اکیلے ہیں؟

اربوں کہکشائیں، کھربوں ستارے، بلیک ہولز اور اجنبی سیارے کائنات کے اس عظیم سٹیج پر انسان ابھی تک واحد اداکار ہے یا کہیں اور بھی زندگی کی کہانی لکھی جا رہی ہے۔

نوید سحر

رات کے دو بجے ہیں۔ زمین سو رہی ہے۔ شہر کی روشنیاں مدھم پڑ چکی ہیں لیکن آسمان جاگ رہا ہے۔ وہاں ایک ستارہ نہیں، اربوں ستارے ہیں۔ ایک کہکشاں نہیں اربوں کہکشائیں ہیں۔ کہیں سورج جنم لے رہے ہیں، کہیں ستارے اپنی زندگی کی آخری سانس لے رہے ہیں، کہیں سیارے اپنے مدار میں گردش کر رہے ہیں اور کہیں بلیک ہول روشنی کو بھی نگل رہے ہیں۔ اس لامتناہی کائنات میں ایک چھوٹے سے سیارے پر بیٹھا انسان آسمان کی طرف دیکھ کر ایک سوال پوچھ رہا ہے کیا اس پوری کائنات میں ہم اکیلے ہیں۔ انسان نے پہلے زمین کو کائنات کا مرکز سمجھا۔ پھر معلوم ہوا کہ زمین سورج کے گرد گھومتی ہے۔ اس کے بعد پتا چلا کہ سورج بھی کوئی غیر معمولی ستارہ نہیں بلکہ ملکی وے کہکشاں کے اربوں ستاروں میں سے ایک ہے۔ پھر دوربینوں نے ایک اور راز کھولا۔ ہماری کہکشاں بھی اس عظیم کائناتی نظام میں ایک معمولی نقطہ ہے۔ کائنات کی عمر تقریباً 13.8 ارب سال ہے۔ ایک نوری سال وہ فاصلہ ہے جو روشنی ایک سال میں طے کرتی ہے۔ روشنی ایک سیکنڈ میں تقریباً تین لاکھ کلومیٹر سفر کرتی ہے۔ اب اندازہ لگائیے کہ جس کائنات کی سرحد تک پہنچنے میں روشنی کو بھی اربوں سال درکار ہوں، وہاں انسان اپنی چھوٹی سی زمین پر بیٹھ کر کتنا محدود ہے لیکن انسان نے ہار نہیں مانی۔ اس نے دوربینیں بنائیں، خلائی جہاز بھیجے، سیاروں کا مشاہدہ کیا اور دوسرے ستاروں کے گرد نئی دنیاؤں کی تلاش شروع کر دی۔ ان سیاروں کو ایکسوپلانیٹس کہا جاتا ہے۔ نومبر 2026ء تک سائنس دان 6,445 سے زیادہ بیرونی سیاروں کی تصدیق کر چکے تھے۔ ان میں کچھ زمین سے بڑے ہیں، کچھ مشتری جیسے دیوہیکل اور کچھ ایسے ہیں جن کے ماحول میں پانی کے بخارات اور دیگر کیمیائی اجزا کی تلاش جاری ہے۔ اب سوال یہ ہے کہ کیا ان میں سے کسی سیارے پر زندگی موجود ہے۔ سائنس دان ایسے سیاروں کو خصوصی اہمیت دیتے ہیں جو اپنے ستارے سے مناسب فاصلے پر ہوں۔ وہاں درجہ حرارت ایسا ہو سکتا ہے کہ پانی مائع حالت میں موجود رہے۔ اسے قابلِ رہائش خطہ کہا جاتا ہے۔ مگر یہاں ایک دلچسپ بات ہے۔ کسی سیارے پر پانی کی موجودگی زندگی کی ضمانت نہیں۔ وہاں مناسب ماحول، توانائی، کیمیائی اجزاء اور دیگر ضروری حالات بھی ہونے چاہئیں۔ اس تلاش میں جیمز ویب خلائی دوربین نے دنیا کو حیران کر دیا ہے۔ یہ دوربین اربوں میل دور موجود سیاروں کے ماحول سے گزرنے والی روشنی کا تجزیہ کرتی ہے۔ پانی کے بخارات، میتھین، کاربن ڈائی آکسائیڈ اور دوسری گیسوں کے آثار تلاش کرتی ہے۔ تصور کیجیے، انسان زمین پر بیٹھا ہے اور اربوں کلومیٹر دور کسی نامعلوم دنیا کی فضا میں زندگی کے ممکنہ آثار تلاش کر رہا ہے۔ یہ سائنس نہیں تو اور کیا ہے لیکن کائنات کا ایک کردار ایسا بھی ہے جس کے سامنے روشنی بھی بے بس ہو جاتی ہے۔ اسے بلیک ہول کہتے ہیں۔ یہ خلا کا ایسا خطہ ہے جہاں کششِ ثقل اس قدر طاقتور ہوتی ہے کہ روشنی بھی باہر نہیں نکل سکتی، جو چیز اس حد کو عبور کر جائے، اس کی واپسی ممکن نہیں رہتی۔ بلیک ہول کائنات کا ایسا راز ہے جس نے سائنس دانوں کو بھی حیرت میں ڈال رکھا ہے۔ اب ایک اور منظر دیکھیے۔ اگر کائنات میں کہیں ذہین مخلوق موجود ہے تو کیا وہ بھی ہماری طرح آسمان کو دیکھ رہی ہوگی کیا وہاں بھی کوئی سائنسدان اپنی دوربین کے سامنے بیٹھا ہوگا کیا وہ بھی اپنے سیارے سے باہر کسی دوسری دنیا کی تلاش کر رہا ہوگا کیا وہ بھی یہ سوچ رہا ہوگا کہ اس وسیع کائنات میں ہم اکیلے تو نہیں۔ سائنسدان اس سوال کا جواب تلاش کرنے کیلئے SETI یعنی خلائی ذہانت کی تلاش کے منصوبوں پر کام کر رہے ہیں۔ طاقتور ریڈیو دوربینوں کے ذریعے خلا سے آنے والی لہروں کا تجزیہ کیا جاتا ہے۔ مقصد یہ جاننا ہے کہ کہیں کسی دوسرے ستارے کے نظام سے کوئی مصنوعی پیغام تو نہیں آ رہا۔ اب تک کسی اجنبی تہذیب کا کوئی قابلِ تصدیق پیغام موصول نہیں ہوا، لیکن تلاش جاری ہے۔ کائنات اتنی وسیع ہے، سیارے اتنے زیادہ ہیں اور زندگی کے امکانات اتنے دلچسپ ہیں، پھر کسی دوسری مخلوق کا نشان کیوں نہیں ملتا۔ ممکن ہے دوسری تہذیبیں ہم سے لاکھوں سال آگے ہوں۔ ممکن ہے وہ ہم سے پہلے وجود میں آئیں اور ختم ہو چکی ہوں۔ ممکن ہے ان کے پیغامات ہم تک پہنچنے میں ہزاروں سال لگیں۔ اور یہ بھی ممکن ہے کہ ہم ابھی تک کائنات کے ایک انتہائی معمولی حصے کو ہی دیکھ پائے ہوں۔ یہاں ایک اور حیرت انگیز حقیقت بھی قابلِ غور ہے۔ انسان جس زمین کو اپنی دنیا سمجھتا ہے، اس کے سمندروں کی گہرائیوں میں بھی ابھی بے شمار راز پوشیدہ ہیں۔ پھر اربوں نوری سال دور پھیلی کائنات کو مکمل طور پر جان لینے کا دعویٰ کیسے کیا جا سکتا ہے۔ آج انسان مریخ پر زندگی کے آثار تلاش کر رہا ہے۔ چاند پر دوبارہ قدم رکھنے کی تیاری کر رہا ہے۔ ہر نئی دریافت ایک نئے سوال کو جنم دیتی ہے۔ ہر جواب ایک نئی منزل کی طرف لے جاتا ہے۔ شاید آنے والے برسوں میں کسی دور افتادہ سیارے پر زندگی کے آثار دریافت ہو جائیں۔ اور شاید ایسا کبھی نہ ہو لیکن اصل سوال یہ نہیں کہ کائنات میں زندگی کہاں ہے۔ اصل سوال یہ ہے کہ اگر انسان کو ایک دن معلوم ہو گیا کہ وہ اکیلا نہیں تو اس کی سوچ، اس کا مذہب، اس کا فلسفہ، اس کی سائنس اور اپنی ذات کے بارے میں اس کا تصور کس حد تک بدل جائے گا۔ آج ہم آسمان کو دیکھتے ہیں اور سوال کرتے ہیں۔ کل شاید آسمان ہمیں جواب دے لیکن اس وقت تک ایک حقیقت ہمارے سامنے موجود ہے۔ ہماری زمین کائنات کے مقابلے میں ایک ذرّے سے زیادہ حیثیت نہیں رکھتی مگر اسی ذرّے پر ایک ایسی مخلوق آباد ہے جو پوری کائنات کے راز جاننے کا خواب دیکھتی ہے۔ کائنات کتنی بڑی ہے، یہ ابھی پوری طرح معلوم نہیں لیکن انسان کا تجسس اس سے بھی بڑا ہے۔ شاید اسی تجسس کا نام انسان ہے اور شاید اسی لئے وہ زمین پر رہتے ہوئے بھی ہمیشہ ستاروں میں اپنا جواب تلاش کرتا رہے گا۔

ممتاز علمی شخصیت پروفیسر سیّد وقار عظیم (2)

ڈاکٹر فوزیہ تبسم

ایم اے کرنے پر سیّد وقار عظیم کو جو وظیفہ ریسرچ ورک کے لیے دیا گیا۔ اُنہوں نے مقالہ ’’اردو کی شاعری پر مقامی اثرات‘‘ تحریر کیا۔ اس مقالہ کے بعد گو کہ اُن کو ڈاکٹریٹ کی اجازت مل گئی مگر اُن کی والدہ اور والد کے یکے بعد دیگرے انتقال کی وجہ سے وہ اِسے جاری نہ رکھ سکے۔ سیّد وقار عظیم نے ایم اے کرنے کے بعد علی گڑھ سے بی ٹی کا امتحان بھی امتیازی حیثیت سے پاس کیا اور پھر الٰہ آباد واپس چلے آئے جہاں وہ اُردو کے اُستاد مقرر ہوئے۔ ادب میں اُن کی دلچسپی ویسے ہی قائم رہی اور وہ تصنیف و تالیف میں کارہائے نمایاں سرانجام دیتے رہے۔ 1938 میں اُنہوں نے جامعہ ملیہ پڑھانا شروع کر دیا۔ یہاں سیّد وقار عظیم 1938 سے 1942 تک رہے اور اسی دوران اُن کی شادی 27 دسمبر 1938ء کو عابدہ بیگم سے انجام پائی۔ انہوں نے پانچ برس جامعہ ملیہ میں بہت سی درسی اور اچھی کتابوں کے ترجمے بھی کیے جن میں قابل ذکر گاندھی جی کی سوانح عمری ’’تلاشِ حق‘‘ اور جواہر لال نہرو کی آٹوبائیوگرافی of Glimpse historyworld the کے بعض حصوں کے ترجمے ہیں۔ 1935ء میں اُن کی دو کتابیں ’’افسانہ نگاری‘‘ اور ’’ہمارے افسانے‘‘ چھپ چکی تھیں۔

1939ء میں دہلی میں جب تک رہے آل انڈیا ریڈیو دہلی سے تازہ مطبوعات پر تبصرے کرنے کا فرض بھی ادا کرتے رہے۔ 1942 سے 1946ء تک پولی ٹیکنیک کے نام سے تعلیم و دستکاری کا ادارہ قائم ہوا تو وہاں اُستاد مقرر ہوئے۔ یہاں آپ نے 1942 سے 1946 تک کام کیا۔ 1946 میں پرچہ ’’آج کل‘‘ دہلی کے مدیر ہو کر جامعہ کو الوداع کہا یہاں آپ کو پولی ٹیکنیک کی تنخواہ سے تین گنا زیادہ رقم دی گئی۔ اس سارے عرصے میں مصروفیت کے باعث سیّد وقار عظیم ادبی مصروفیات سے کنارہ کش رہے تاہم اُن کا حلقہء احباب وسیع ہو گیا۔ مگر مدیر کی حیثیت سے کام کرتے ہوئے اُنہیں بہت سے ادیب شاعروں کی صحبت حاصل ہوئی جن میں پطرس بخاری، حفیظ جالندھری، فیض احمد فیض، حمیداللہ خاں، حامد علی خان، کیپٹن عبدالواحد، تاثیر، مجید ملک، چراغ حسن حسرت، ممتاز حسن، اے ڈی اظہر، کرشن چندر، منٹو، میراجی جیسی قابل شخصیات کے نام شامل ہیں۔ جن دنوں وہ ’’آج کل‘‘ جریدہ کے مدیر تھے اُنہی دنوں پارٹیشن ہوئی تو اُنہوں نے ہر چیز پاکستان کے نام پر قربان کی اور نئے جذبوں کے ساتھ ہندوستان کو خیر آباد کہہ کر پاکستان چلے آئے۔ پاکستان میں اُنہوں نے پہلے پہل کراچی میں سکونت اختیار کی اور حکومت پاکستان کے جریدے ’’ماہِ نو‘‘ کے ایڈیٹر مقرر ہوئے۔ 1950ء میں انہیں پنجاب یونیورسٹی لاہور میں شعبہء اردو میں بطور اُستاد لینے کی پیش کش ہوئی۔ سیّد وقار عظیم 2 فروری 1950ء کو لاہور پہنچے اور یوں اُنہوں نے 1950 سے 1970 تک کا عرصہ درس و تدریس میں گزارا۔ اُنہوں نے اعزازی طور پر رسالہ ’’نقوش‘‘ کی بھی ادارت کی۔ سیّد وقار عظیم لکھتے ہیں کہ میرے نزدیک ادیب کا سب سے بڑا کام یہ ہے کہ خود اپنی نظر سے زندگی کا قریب سے مشاہدہ کرے خود سوچنے کی عادت ڈالے پھر اگر اس کا کوئی نظریہ ہوگا جس کی جڑیں اس کے دل و دماغ میں پیوستہ ہوں تو وہ جو ادب پیدا کرے گا وہ مفید بھی ہوگا اور مؤثر بھی۔

سیّد وقار عظیم ایک معتبر اُستاد تھے اُن کے عمیق مطالعہ کی وجہ سے اُنہیں درس و تدریس پر مکمل دسترس حاصل رہی۔ یہی وجہ ہے کہ اُنہوں نے نہایت قابل شاگرد پیدا کیے اور ایسے شاگردوں کی ایک طویل فہرست ہے جنہوں نے ادب کی دنیا میں بہت نام بھی کمایا۔ سیّد وقار عظیم اپنے شاگردوں کی صرف تعلیمی معاملات میں ہی رہنمائی نہ کرتے بلکہ اُن کی پریشانیوں میں برابر کے شریک ہوتے اور جہاں اُنہیں کسی مشورے کی ضرورت ہوتی تو وہ اُن کے گھر جا کر اُن کے فیصلے کر آتے ایسے اُستاد بہت کم کم ہی نظر آتے ہیں جو اپنے شاگردوں سے اس قدر محبت اور شفقت فرماتے ہوں۔ وہ ایک وضع دار انسان تو تھے ہی مگر اُن کے مزاج میں نفاست، باتوں میں حلاوت، طبیعت میں انکساری اور نفس میں شرافت پائی جاتی تھی۔ سیّد وقار عظیم اُردو کے واحد نقاد ہیں جنہوں نے ساری توجہ قدیم و جدید فکشن پر صرف کی۔ وہ کم سے کم لفظوں میں اپنی بات انتہائی صفائی اور وضاحت سے کرتے تھے۔ اُنہوں نے افسانہ، داستان فکشن میں اپنا ایک منفرد انداز اپنایا اور اُردو افسانہ اور فکشن کو باوقار اور سنجیدہ صنف ادب بنانے میں اہم کردار ادا کیا۔ سیّد وقار عظیم کی تحریریں اُن کی شخصیت کا پرتو ہیں۔ حقیقت تو یہ ہے کہ وہ ایک مخلص، کھرے، سچے، خوش اخلاق اور کمٹمنٹ کے انسان تھے۔ اُن کے لہجے میں اظہار کا خلوص تھا جو اُن کی پوری شخصیت کو تہذیبی شخصیت میں ڈھال دیتا تھا۔ اس تہذیبی رچاؤ اور نفاست کی وجہ سے اُنہیں نہ صرف اپنے شاگردوں بلکہ پورے ایوانِ ادب میں یکساں پذیرائی حاصل رہی اور رہے گی۔ اُنہوں نے 17 نومبر 1976 کو لاہور میں وفات پائی اُنہیں ہم سب سے بچھڑے 44 برسوں کا عرصہ گزر چکا مگر اُن کا علمی و ادبی سرمایہ آج بھی ہمارے ساتھ ہے جو آنے والی نسلوں کی بھی علم و ادب میں آبیاری کرتا رہے گا۔ (ختم شد)

بقیہ (01)

خیالات کا اظہار رکن بلوچستان اسمبلی میر رحمت صالح بلوچ، رکن اسمبلی میر زابد علی ریکی، مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ اور دیگر نے الگ الگ بات چیت کرتے ہوئے کیا اراکین اسمبلی کا کہنا ہے کہ پاکستان اس وقت معاشی مشکلات اور قرضوں کے بوجھ تلے دبا ہوا ہے، جبکہ بلوچستان کے عوام کو آج بھی روزگار، صحت، تعلیم، پینے کے صاف پانی اور دیگر بنیادی سہولیات میسر نہیں۔ صوبے کے کئی علاقے بنیادی ضروریات سے محروم ہیں اور عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت کو نئے صوبوں کے قیام کے بجائے بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی کے لیے اقدامات کرنے چاہئیں۔ صوبے کو اس کے جائز مالی وسائل اور فنڈز کی فراہمی یقینی بنائی جائے تاکہ عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کی جاسکیں۔ اراکین اسمبلی کا کہنا تھا کہ وفاقی حکومت کی جانب سے بلوچستان کے ساتھ طویل عرصے سے امتیازی سلوک روا رکھا جارہا ہے، جس کے باعث صوبہ پسماندگی اور محرومیوں کا شکار ہے۔ نئے صوبوں کے قیام سے مزید انتظامی اور مالی اخراجات بڑھنے کے خدشات ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ بلوچستان کی تقسیم یا نئے صوبوں کے قیام کی کسی بھی تجویز کی حمایت نہیں کی جائے گی، وفاقی حکومت پہلے بلوچستان کے عوام کو ان کے حقوق، وسائل اور بنیادی سہولیات فراہم کرے اور صوبے کی معاشی ومعاشرتی ترقی کو یقینی بنائے۔

بقیہ (02)

ترقیاتی کام ہوئے ہیں اس کی مثال ماضی میں نہیں ملتی، جبکہ وزیراعلیٰ کی ذاتی دلچسپی سے علاقے کے بنیادی مسائل حل کروائے گئے ہیں۔ بخت محمد کاکڑ نے مزید کہا کہ بلوچستان کے نوجوان دہشت گردی کے خلاف جنگ میں حکومت اور سکیورٹی اداروں کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں اور حکومت نوجوانوں کو کھیلوں وصحت مندانہ سرگرمیوں کے بہترین مواقع فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ نواں کلی کوئٹہ میں اسٹیٹ آف دی آرٹ میر سرفراز بگٹی اسپورٹس کمپلیکس کا افتتاح کر دیا گیا۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ اسپورٹس کمپلیکس کا قیام علاقے کے نوجوانوں کا تیس سال پرانا خواب تھا، جس کی تعبیر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی خصوصی کاوشوں کی مرہون منت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں نواں کلی کو مکمل طور پر نظرانداز کیا گیا اور یہاں کوئی ترقیاتی کام نہیں کرایا گیا، حتیٰ کہ نواں کلی کی سڑک بارہ سال جبکہ کلی عمر کا روڈ پچیس سال کی طویل تاخیر کے بعد تعمیر کیا گیا۔ صوبائی وزیر صحت کا کہنا تھا کہ موجودہ صوبائی حکومت کے گزشتہ ڈھائی سال کے دوران صحت اور تعلیم کے شعبوں میں جو تاریخی ترقیاتی کام ہوئے ہیں اس کی مثال ماضی میں نہیں ملتی، جبکہ وزیراعلیٰ کی ذاتی دلچسپی سے علاقے کے بنیادی مسائل حل کروائے گئے ہیں۔ بخت محمد کاکڑ نے مزید کہا کہ بلوچستان کے نوجوان دہشت گردی کے خلاف جنگ میں حکومت اور سکیورٹی اداروں کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں اور حکومت نوجوانوں کو کھیلوں وصحت مندانہ سرگرمیوں کے بہترین مواقع فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ نواں کلی کوئٹہ میں اسٹیٹ آف دی آرٹ میر سرفراز بگٹی اسپورٹس کمپلیکس کا افتتاح کر دیا گیا۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ اسپورٹس کمپلیکس کا قیام علاقے کے نوجوانوں کا تیس سال پرانا خواب تھا، جس کی تعبیر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی خصوصی کاوشوں کی مرہون منت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں نواں کلی کو مکمل طور پر نظرانداز کیا گیا اور یہاں کوئی ترقیاتی کام نہیں کرایا گیا، حتیٰ کہ نواں کلی کی سڑک بارہ سال جبکہ کلی عمر کا روڈ پچیس سال کی طویل تاخیر کے بعد تعمیر کیا گیا۔ صوبائی وزیر صحت کا کہنا تھا کہ موجودہ صوبائی حکومت کے گزشتہ ڈھائی سال کے دوران صحت اور تعلیم کے شعبوں میں جو تاریخی ترقیاتی کام ہوئے ہیں اس کی مثال ماضی میں نہیں ملتی، جبکہ وزیراعلیٰ کی ذاتی دلچسپی سے علاقے کے بنیادی مسائل حل کروائے گئے ہیں۔ بخت محمد کاکڑ نے مزید کہا کہ بلوچستان کے نوجوان دہشت گردی کے خلاف جنگ میں حکومت اور سکیورٹی اداروں کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں اور حکومت نوجوانوں کو کھیلوں وصحت مندانہ سرگرمیوں کے بہترین مواقع فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ (03)

کا استعمال امتحانی سٹاف کی جانب سے طلبا کو بوٹی فراہم کرنے کی سخت مذمت کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ فوتی طور پر ہشتم بورڈ امتحان کو منسوخ کرکے غیر جانبدارانہ تحقیقات کی جائے انہوں نے کہا ہے کہ پرائمری اور مڈل کلاسز کے لیے اسسمنٹ کمیشن بنایا گیا تھا تاکہ ہشتم تک تعلیمی نظام کا جائزہ لیا جائے۔ خرابی کمزوری کو دور کرکے وقت کے ساتھ ساتھ جدیدیت لائی جائے لیکن پورے ملک میں یہ کمیشن اسسمنٹ کا کام کرتی ہے جبکہ ضرورت کے مطابق اختیاری امتحان بھی لیتے ہیں لیکن بلوچستان میں کرپشن کا بازار گرم کرنے کے لیے انہیں تعلیمی بورڈ بنا کر بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کے خلاف ایک اور علیحدہ بورڈ بنایا اور پنجم اور ہشتم بورڈ امتحان کو لازمی کردیا۔ آل پاکستان پرائیویٹ سکولز فیڈریشن بلوچستان کے صوبائی آرگنائزر نذر بڑیچ، محمد جعفر خان، مولوی جیلانی البدری، گل محمد مستوئی، حق نواز شاہ، عابد ناصر، امان اللہ مینگل، ولی محمد زہری، بلال احمد خان امیر محمد کاکڑ و دیگر رہنماؤں نے تعلیم دشمن ہشتم بورڈ امتحان میں سرعام نقل امتحانی ہال میں موبائل فون کا استعمال امتحانی سٹاف کی جانب سے طلبا کو بوٹی فراہم کرنے کی سخت مذمت کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ فوتی طور پر ہشتم بورڈ امتحان کو منسوخ کرکے غیر جانبدارانہ تحقیقات کی جائے انہوں نے کہا ہے کہ پرائمری اور مڈل کلاسز کے لیے اسسمنٹ کمیشن بنایا گیا تھا تاکہ ہشتم تک تعلیمی نظام کا جائزہ لیا جائے۔ خرابی کمزوری کو دور کرکے وقت کے ساتھ ساتھ جدیدیت لائی جائے لیکن پورے ملک میں یہ کمیشن اسسمنٹ کا کام کرتی ہے جبکہ ضرورت کے مطابق اختیاری امتحان بھی لیتے ہیں لیکن بلوچستان میں کرپشن کا بازار گرم کرنے کے لیے انہیں تعلیمی بورڈ بنا کر بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کے خلاف ایک اور علیحدہ بورڈ بنایا اور پنجم اور ہشتم بورڈ امتحان کو لازمی کردیا۔

بقیہ (04)

شہری نہیں؟ کیا انہیں اپنے بنیادی حقوق اور ترقیاتی سہولیات کا مطالبہ کرنے کا حق حاصل نہیں؟ ہم ضلعی انتظامیہ، ڈپٹی کمشنر کوہلو اور یونین کونسل کے منتخب نمائندوں سے پرزور مطالبہ کرتے ہیں کہ وارڈ ماکوڑی کے ترقیاتی بجٹ کی شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائیں، مختص فنڈز کی تفصیلات عوام کے سامنے لائی جائیں اور اگر کسی قسم کی مالی بے ضابطگی ثابت ہو تو ذمہ داران کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ ماکوڑی کے عوام کو ان کا جائز حق دیا جائے۔ یونین کونسل وارڈ ماکوڑی کا ترقیاتی بجٹ مبینہ طور پر بے ضابطگیوں اور کرپشن کی نذر ہونے کے خدشات پیدا ہو گئے ہیں، جبکہ علاقے کے عوام آج بھی بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔ علاقہ ماکوڑی کے مکینوں کو پینے کے صاف پانی کی شدید قلت، ٹوٹ پھوٹ کا شکار سڑکوں اور بجلی کی عدم دستیابی جیسے سنگین مسائل کا سامنا ہے۔ علاقے میں بجلی کی سہولت نہ ہونے کے باعث سولر سسٹم کی فراہمی وقت کی اہم ضرورت ہے، لیکن افسوس کہ تاحال کوئی نمایاں ترقیاتی کام دکھائی نہیں دے رہا۔ عوامی حلقوں کا سوال ہے کہ آخر ماکوڑی کے عوام کا قصور کیا ہے؟ کیا وہ اس ملک اور ضلع کے شہری نہیں؟ کیا انہیں اپنے بنیادی حقوق اور ترقیاتی سہولیات کا مطالبہ کرنے کا حق حاصل نہیں؟ ہم ضلعی انتظامیہ، ڈپٹی کمشنر کوہلو اور یونین کونسل کے منتخب نمائندوں سے پرزور مطالبہ کرتے ہیں کہ وارڈ ماکوڑی کے ترقیاتی بجٹ کی شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائیں، مختص فنڈز کی تفصیلات عوام کے سامنے لائی جائیں اور اگر کسی قسم کی مالی بے ضابطگی ثابت ہو تو ذمہ داران کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ ماکوڑی کے عوام کو ان کا جائز حق دیا جائے۔ یونین کونسل وارڈ ماکوڑی کا ترقیاتی بجٹ مبینہ طور پر بے ضابطگیوں اور کرپشن کی نذر ہونے کے خدشات پیدا ہو گئے ہیں، جبکہ علاقے کے عوام آج بھی بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔ علاقہ ماکوڑی کے مکینوں کو پینے کے صاف پانی کی شدید قلت، ٹوٹ پھوٹ کا شکار سڑکوں اور بجلی کی عدم دستیابی جیسے سنگین مسائل کا سامنا ہے۔ علاقے میں بجلی کی سہولت نہ ہونے کے باعث سولر سسٹم کی فراہمی وقت کی اہم ضرورت ہے، لیکن افسوس کہ تاحال کوئی نمایاں ترقیاتی کام دکھائی نہیں دے رہا۔ عوامی حلقوں کا سوال ہے کہ آخر ماکوڑی کے عوام کا قصور کیا ہے؟ کیا وہ اس ملک اور ضلع کے شہری نہیں؟ کیا انہیں اپنے بنیادی حقوق اور ترقیاتی سہولیات کا مطالبہ کرنے کا حق حاصل نہیں؟ ہم ضلعی انتظامیہ، ڈپٹی کمشنر کوہلو اور یونین کونسل کے منتخب نمائندوں سے پرزور مطالبہ کرتے ہیں کہ وارڈ ماکوڑی کے ترقیاتی بجٹ کی شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائیں، مختص فنڈز کی تفصیلات عوام کے سامنے لائی جائیں اور اگر کسی قسم کی مالی بے ضابطگی ثابت ہو تو ذمہ داران کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ ماکوڑی کے عوام کو ان کا جائز حق دیا جائے۔

بقیہ (05)

800 روپے تک فروخت ہونے لگا ہے، جس سے کم آمدنی والے خاندان شدید پریشانی کا شکار ہیں۔ شہریوں کے مطابق روزانہ 500 سے 1000 روپے کمانے والے مزدور مہنگے داموں آٹا خریدنے کی سکت نہیں رکھتے، جبکہ بچوں کی خوراک، تعلیم، علاج معالجے اور دیگر بنیادی ضروریات پوری کرنا بھی مشکل ہوتا جارہا ہے۔ بڑھتی مہنگائی نے غریب خاندانوں کے گھریلو بجٹ کو بری طرح متاثر کردیا ہے اور کئی خاندان ضروریات زندگی پوری کرنے کے لیے پریشان ہیں۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ آٹے کی قیمتوں میں مسلسل اضافے کے باوجود حکومت کی جانب سے مؤثر اقدامات نظر نہیں آرہے، جس کے باعث غریب عوام مہنگائی کے رحم و کرم پر ہیں۔ لسبیلہ کے ضلعی ہیڈکوارٹر اوتھل میں مہنگائی کا جن بے قابو ہوگیا، آٹے کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ ہونے سے غریب اور دیہاڑی دار طبقے کے لیے دو وقت کی روٹی کا حصول بھی مشکل ہوگیا۔ شہر میں آٹے کی 40 کلو والی بوری مبینہ طور پر 7ہزار روپے، 20 کلو والی بوری 3500 روپے جبکہ 10 کلو آٹا 1700 سے 1800 روپے تک فروخت ہونے لگا ہے، جس سے کم آمدنی والے خاندان شدید پریشانی کا شکار ہیں۔ شہریوں کے مطابق روزانہ 500 سے 1000 روپے کمانے والے مزدور مہنگے داموں آٹا خریدنے کی سکت نہیں رکھتے، جبکہ بچوں کی خوراک، تعلیم، علاج معالجے اور دیگر بنیادی ضروریات پوری کرنا بھی مشکل ہوتا جارہا ہے۔ بڑھتی مہنگائی نے غریب خاندانوں کے گھریلو بجٹ کو بری طرح متاثر کردیا ہے اور کئی خاندان ضروریات زندگی پوری کرنے کے لیے پریشان ہیں۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ آٹے کی قیمتوں میں مسلسل اضافے کے باوجود حکومت کی جانب سے مؤثر اقدامات نظر نہیں آرہے، جس کے باعث غریب عوام مہنگائی کے رحم وکرم پر ہیں۔

بقیہ (06)

ہیں۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ روزانہ 22 گھنٹے بجلی بند رہنے کے باعث گھروں میں پانی کی فراہمی کا نظام درہم برہم ہو چکا ہے، شہری پینے کے پانی کے حصول کے لیے دربدر ہیں جبکہ کاروباری مراکز، دکانوں، چھوٹے کارخانوں اور دیگر تجارتی سرگرمیوں کو بھی شدید نقصان پہنچ رہا ہے۔ انٹرنیٹ کی عدم دستیابی سے طلبہ کی آن لائن تعلیمی سرگرمیاں متاثر ہورہی ہیں، جبکہ بینکنگ، ڈیجیٹل کاروبار اور دیگر ضروری امور کی انجام دہی بھی مشکل ہوگئی ہے۔ شہریوں کے مطابق بجلی کی طویل بندش نے لورالائی جیسے ڈویژنل ہیڈکوارٹر کو بنیادی سہولیات کے حوالے سے شدید بحران سے دوچار کردیا ہے۔ شہریوں نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوام کے ووٹوں سے منتخب ہونے والے نمائندے عوامی مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کرنے کے بجائے اسلام آباد میں مصروف ہیں، انہیں اس بات کا احساس نہیں کہ ان کے حلقے کے عوام کس قدر مشکلات میں زندگی گزار رہے ہیں۔ ڈویژنل ہیڈکوارٹر لورالائی میں روزانہ کی بنیاد پر 22، 22 گھنٹے طویل بجلی کی لوڈشیڈنگ نے شہریوں کا جینا محال کردیا ہے۔ بجلی کی مسلسل بندش کے باعث شہر کے مختلف علاقوں میں معمولات زندگی بری طرح متاثر ہورہے ہیں، پینے کے پانی کی شدید قلت پیدا ہوگئی ہے جبکہ انٹرنیٹ سروس کی عدم دستیابی نے طلبہ، کاروباری طبقے، سرکاری ونجی ملازمین اور آن لائن کام کرنے والے افراد کو شدید مشکلات سے دوچار کردیا ہے۔ شہریوں کے مطابق بجلی کی عدم فراہمی کے باعث گھریلو زندگی سے لے کر کاروباری سرگرمیاں تک متاثر ہوچکی ہیں اور عوام شدید ذہنی و معاشی پریشانی کا شکار ہیں۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ روزانہ 22 گھنٹے بجلی بند رہنے کے باعث گھروں میں پانی کی فراہمی کا نظام درہم برہم ہو چکا ہے، شہری پینے کے پانی کے حصول کے لیے دربدر ہیں جبکہ کاروباری مراکز، دکانوں، چھوٹے کارخانوں اور دیگر تجارتی سرگرمیوں کو بھی شدید نقصان پہنچ رہا ہے۔ انٹرنیٹ کی عدم دستیابی سے طلبہ کی آن لائن تعلیمی سرگرمیاں متاثر ہورہی ہیں، جبکہ بینکنگ، ڈیجیٹل کاروبار اور دیگر ضروری امور کی انجام دہی بھی مشکل ہوگئی ہے۔ شہریوں کے مطابق بجلی کی طویل بندش نے لورالائی جیسے ڈویژنل ہیڈکوارٹر کو بنیادی سہولیات کے حوالے سے شدید بحران سے دوچار کردیا ہے۔ شہریوں نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوام کے ووٹوں سے منتخب ہونے والے نمائندے عوامی مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کرنے کے بجائے اسلام آباد میں مصروف ہیں، انہیں اس بات کا احساس نہیں کہ ان کے حلقے کے عوام کس قدر مشکلات میں زندگی گزار رہے ہیں۔ ڈویژنل ہیڈکوارٹر لورالائی میں روزانہ کی بنیاد پر 22، 22 گھنٹے طویل بجلی کی لوڈشیڈنگ نے شہریوں کا جینا محال کردیا ہے۔ بجلی کی مسلسل بندش کے باعث شہر کے مختلف علاقوں میں معمولاتِ زندگی بری طرح متاثر ہورہے ہیں، پینے کے پانی کی شدید قلت پیدا ہوگئی ہے جبکہ انٹرنیٹ سروس کی عدم دستیابی نے طلبہ، کاروباری طبقے، سرکاری ونجی ملازمین اور آن لائن کام کرنے والے افراد کو شدید مشکلات سے دوچار کردیا ہے۔ شہریوں کے مطابق بجلی کی عدم فراہمی کے باعث گھریلو زندگی سے لے کر کاروباری سرگرمیاں تک متاثر ہوچکی ہیں اور عوام شدید ذہنی ومعاشی پریشانی کا شکار ہیں۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ روزانہ 22 گھنٹے بجلی بند رہنے کے باعث گھروں میں پانی کی فراہمی کا نظام درہم برہم ہو چکا ہے، شہری پینے کے پانی کے حصول کے لیے دربدر ہیں جبکہ کاروباری مراکز، دکانوں، چھوٹے کارخانوں اور دیگر تجارتی سرگرمیوں کو بھی شدید نقصان پہنچ رہا ہے۔ انٹرنیٹ کی عدم دستیابی سے طلبہ کی آن لائن تعلیمی سرگرمیاں متاثر ہورہی ہیں، جبکہ بینکنگ، ڈیجیٹل کاروبار اور دیگر ضروری امور کی انجام دہی بھی مشکل ہوگئی ہے۔ شہریوں کے مطابق بجلی کی طویل بندش نے لورالائی جیسے ڈویژنل ہیڈکوارٹر کو بنیادی سہولیات کے حوالے سے شدید بحران سے دوچار کردیا ہے۔ شہریوں نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوام کے ووٹوں سے منتخب ہونے والے نمائندے عوامی مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کرنے کے بجائے اسلام آباد میں مصروف ہیں، انہیں اس بات کا احساس نہیں کہ ان کے حلقے کے عوام کس قدر مشکلات میں زندگی گزار رہے ہیں۔

بقیہ (07)

ہیں، جبکہ زرعی اسکیموں کے سولر سسٹم تباہ کردیے گئے ہیں۔ دوسری جانب مقامی آبادی کو 24 گھنٹوں کے اندر زبردستی علاقے سے نکلنے کے احکامات دیے جارہے ہیں، جس سے ہزاروں خاندان شدید خوف وہراس اور غیر یقینی صورتحال سے دوچار ہیں۔ وفد کے مطابق ان واقعات کے نتیجے میں چار یونین کونسلوں پر مشتمل علاقے کے تقریباً 70 ہزار افراد متاثر ہوئے ہیں۔ وفد نے نیشنل پارٹی کے سربراہ سے کردار ادا کرنے کی درخواست کی تاکہ عوام کو تحفظ حاصل ہو اور نقصانات کا ازالہ ہوسکے۔

بقیہ (08)

کروانے اور لوگوں کو اپنے آبائی علاقوں سے بے دخل کرنے کا اقدام ناقابلِ قبول ہے، نیشنل پارٹی عوام کی جبری بے دخلی کو مسترد کرتی ہے۔ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ افسوسناک امر یہ ہے کہ عوام کے احساسات اور مشکلات کو نظرانداز کیا جارہا ہے، دونوں جانب سے جاری صورتحال میں عام شہری شدید مشکلات، خوف اور عدم تحفظ کا شکار ہیں۔ کسی بھی اقدام میں شہری آبادیوں کے تحفظ، انسانی جانوں اور بنیادی حقوق کو اولین ترجیح دی جانی چاہیے۔ دریں اثنا نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ سے تحصیل کردگاپ کے متاثرہ علاقوں کے معتبرین اور معززین پر مشتمل وفد نے ملاقات کی۔ وفد میں گرگینہ، کلی پسند خان، کلی مزار خان، کلی ملک زکریا، موسیٰ خان، کلی ضیحگی، کلی خراسانی، کلی محمد حسنی نمبر 1 اور 2، کلی خان نمبر 1 اور 2، کلی میر احمد رودینی اور کلی رودینی کے نمائندے شامل تھے۔ نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے تحصیل کردگاپ کے مختلف علاقوں میں گولہ باری، عوامی املاک کو نذرِ آتش کرنے اور مقامی آبادی کو خوف و ہراس میں مبتلا کرنے پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ کلی پسند خان کے بازار کو جلانے کی اطلاعات نہ صرف انتہائی افسوسناک بلکہ قابلِ مذمت ہیں۔ عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ مختلف علاقوں کو خالی کروانے اور لوگوں کو اپنے آبائی علاقوں سے بے دخل کرنے کا اقدام ناقابلِ قبول ہے، نیشنل پارٹی عوام کی جبری بے دخلی کو مسترد کرتی ہے۔ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ افسوسناک امر یہ ہے کہ عوام کے احساسات اور مشکلات کو نظرانداز کیا جارہا ہے، دونوں جانب سے جاری صورتحال میں عام شہری شدید مشکلات، خوف اور عدم تحفظ کا شکار ہیں۔ کسی بھی اقدام میں شہری آبادیوں کے تحفظ، انسانی جانوں اور بنیادی حقوق کو اولین ترجیح دی جانی چاہیے۔ دریں اثنا نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ سے تحصیل کردگاپ کے متاثرہ علاقوں کے معتبرین اور معززین پر مشتمل وفد نے ملاقات کی۔ وفد میں گرگینہ، کلی پسند خان، کلی مزار خان، کلی ملک زکریا، موسیٰ خان، کلی ضیحگی، کلی خراسانی، کلی محمد حسنی نمبر 1 اور 2، کلی خان نمبر 1 اور 2، کلی میر احمد رودینی اور کلی رودینی کے نمائندے شامل تھے۔ نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے تحصیل کردگاپ کے مختلف علاقوں میں گولہ باری، عوامی املاک کو نذرِ آتش کرنے اور مقامی آبادی کو خوف و ہراس میں مبتلا کرنے پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ کلی پسند خان کے بازار کو جلانے کی اطلاعات نہ صرف انتہائی افسوسناک بلکہ قابلِ مذمت ہیں۔ عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ مختلف علاقوں کو خالی کروانے اور لوگوں کو اپنے آبائی علاقوں سے بے دخل کرنے کا اقدام ناقابلِ قبول ہے، نیشنل پارٹی عوام کی جبری بے دخلی کو مسترد کرتی ہے۔ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ افسوسناک امر یہ ہے کہ عوام کے احساسات اور مشکلات کو نظرانداز کیا جارہا ہے، دونوں جانب سے جاری صورتحال میں عام شہری شدید مشکلات، خوف اور عدم تحفظ کا شکار ہیں۔ کسی بھی اقدام میں شہری آبادیوں کے تحفظ، انسانی جانوں اور بنیادی حقوق کو اولین ترجیح دی جانی چاہیے۔ دریں اثنا نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ سے تحصیل کردگاپ کے متاثرہ علاقوں کے معتبرین اور معززین پر مشتمل وفد نے ملاقات کی۔ وفد میں گرگینہ، کلی پسند خان، کلی مزار خان، کلی ملک زکریا، موسیٰ خان، کلی ضیحگی، کلی خراسانی، کلی محمد حسنی نمبر 1 اور 2، کلی خان نمبر 1 اور 2، کلی میر احمد رودینی اور کلی رودینی کے نمائندے شامل تھے۔

بقیہ (09)

کونسل سے خطاب کے لیے جانے سے روکنے کی کوشش کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت کا یہ طرزِ عمل جمہوری اقدار، سیاسی رواداری اور بنیادی شہری آزادیوں کے منافی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک قومی سیاسی و مذہبی رہنما کو اپنے خیالات کے اظہار اور وکلاء کے نمائندہ فورم سے خطاب سے روکنے کی کوشش حکومتی بوکھلاہٹ اور عدم برداشت کا واضح ثبوت ہے۔ مولانا فضل الرحمٰن کی آواز دبانے کے لیے ریاستی طاقت کا استعمال کسی صورت قابل قبول نہیں، حکومت فوری طور پر تمام رکاوٹیں ختم کرکے انہیں بار کونسل جانے اور خطاب کرنے کا راستہ فراہم کرے۔ جمعیت علماء اسلام ایسے غیر جمہوری اقدامات کے سامنے خاموش نہیں رہے گی اور اپنے قائد کے آئینی، سیاسی اور جمہوری حقوق کے تحفظ کے لیے ہر قانونی و جمہوری فورم پر آواز بلند کرے گی۔

بقیہ (10)

(AdjustmentTaxInput) کے معاملے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ چیئرمین بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) عبداللہ خان کی زیر صدارت ٹیکسیشن امور سے متعلق ایک جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں خیبر پختونخوا سے تعلق رکھنے والے ٹیکس امور کے ماہر اور قانونی مشیر فضل امین، بی آر اے کے ممبران اور متعلقہ ٹیم نے شرکت کی اجلاس میں ٹیکس سے متعلقہ طریقہ کار کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور متعلقہ قانونی تقاضوں پر عملدرآمد کو یقینی بنانے سمیت اہم تکنیکی اور انتظامی امور پر غور کیا گیا، بالخصوص ان پٹ ٹیکس ایڈجسٹمنٹ (AdjustmentTaxInput) کے معاملے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ (11)

سہولیات کا مؤثر استعمال کاشتکاروں کے لیے آسانیاں پیدا کرنے اور زرعی پیداوار میں بہتری لانے میں معاون ثابت ہوتا ہے نصیرآباد ڈویژن کے زرعی پس منظر کو مدنظر رکھتے ہوئے محکمہ ایگریکلچرل انجینئرنگ کی خدمات نہایت اہمیت کی حامل ہیں۔ نصیرآباد ڈویژن میں محکمہ ایگریکلچرل انجینئرنگ کی کارکردگی قابلِ ذکر، انجینئر نادر علی سیال کی پیشہ ورانہ خدمات کو سراہا جارہا ہے تفصیلات کے مطابق محکمہ ایگریکلچرل انجینئرنگ نصیرآباد ڈویژن ڈیرہ مراد جمالی کے ڈپٹی ڈائریکٹر انجینئر نادر علی سیال اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں اور محکمانہ امور میں دلچسپی کے باعث توجہ کا مرکز ہیں۔ زرعی اہمیت کے حامل نصیرآباد ڈویژن میں محکمہ ایگریکلچرل انجینئرنگ کی ذمہ داریاں خصوصی اہمیت رکھتی ہیں، جہاں کاشتکاروں کو جدید زرعی سہولیات کی فراہمی اور زرعی شعبے میں مشینری وٹیکنالوجی کے استعمال کو فروغ دینے کی ضرورت ہے انجینئر نادر علی سیال کی پیشہ ورانہ خدمات، محکمانہ امور سے وابستگی اور اپنی ذمہ داریوں کی انجام دہی کے حوالے سے ان کے کردار کو سراہا جارہا ہے۔ زرعی شعبے کی بہتری کے لیے محکمہ ایگریکلچرل انجینئرنگ کا فعال کردار وقت کی اہم ضرورت ہے، کیونکہ جدید زرعی مشینری اور انجینئرنگ سہولیات کا مؤثر استعمال کاشتکاروں کے لیے آسانیاں پیدا کرنے اور زرعی پیداوار میں بہتری لانے میں معاون ثابت ہوتا ہے نصیرآباد ڈویژن کے زرعی پس منظر کو مدنظر رکھتے ہوئے محکمہ ایگریکلچرل انجینئرنگ کی خدمات نہایت اہمیت کی حامل ہیں۔

بقیہ (12)

انہیں لاہور بار ایسوسی ایشن سے خطاب سے روکنے کی مبینہ حکومتی کوششوں کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایک جمہوری ملک میں سیاسی قائدین کی نقل وحرکت اور اظہارِ رائے کی آزادی پر قدغن لگانا آمرانہ سوچ کی عکاسی ہے۔ جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، حاجی بشیر احمد کاکڑ، سیکرٹری مالیات حاجی صالح محمد، مفتی رضا خان، سیٹھ اجمل بازئی، میر حشمت لہڑی، حاجی ظفراللہ کاکڑ، میر سرفراز شاہوانی، سالار مولانا علی جان، مولانا سید سعداللہ آغا اور مولانا نقیب اللہ ملاخیل نے قائد جمعیت حضرت مولانا فضل الرحمٰن کی لاہور میں رہائش گاہ کے باہر پولیس کی بھاری نفری تعینات کرنے اور انہیں لاہور بار ایسوسی ایشن سے خطاب سے روکنے کی مبینہ حکومتی کوششوں کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایک جمہوری ملک میں سیاسی قائدین کی نقل وحرکت اور اظہارِ رائے کی آزادی پر قدغن لگانا آمرانہ سوچ کی عکاسی ہے۔

بقیہ (13)

حکومت نوجوانوں کی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے اور انہیں آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ اوڈیانو (ODIONO) کے ڈائریکٹر بالاچ خان نے رانا مشہود احمد خان سے ملاقات کی، جس میں بلوچستان کے نوجوانوں کو درپیش مسائل، یوتھ لون اسکیم اور نوجوانوں کے لیے کاروباری مواقع کی فراہمی کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر بالاچ خان نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے نوجوانوں میں بے پناہ صلاحیتیں اور ٹیلنٹ موجود ہے، تاہم بدقسمتی سے صوبے کے نوجوانوں کو یوتھ لون اسکیم تک مؤثر رسائی حاصل نہیں۔ انہوں نے اس اہم مسئلے کی نشاندہی کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ بلوچستان کے نوجوانوں کی اسکیم تک رسائی آسان بنائی جائے اور انہیں عملی طور پر مستفید کرنے کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ رانا مشہود احمد خان نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان یوتھ لون اسکیم میں ہماری اولین ترجیح ہے۔ بلوچستان کے نوجوانوں میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں، حکومت نوجوانوں کی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے اور انہیں آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ (14)

درمیان اسٹاف لیول معاہدہ اکتوبر میں ہوا تھا، پاکستان نے آئی ایم ایف مشن کے ساتھ اسٹینڈ بائی معاہدہ کامیابی سے کرلیا تھا۔ آئی ایم ایف سے موجودہ ای ایف ایف پروگرام کی 5ویں قسط کیلئے چوتھا جائزہ اجلاس اکتوبر میں ہوا تھا، پاکستان کو موجودہ قرض پروگرام ای ایف ایف کی 5ویں قسط 1ارب ڈالرمل سکے گی۔ موسمیاتی تبدیلیوں کے لیے آر ایس ایف پروگرام کے تحت تیسرے جائزے کے لیے بھی مذاکرات ہوئے، پاکستان کو موسمیاتی تبدیلیوں کے پروگرام آر ایس ایف کی چوتھی قسط 21 کروڑ ڈالرمل سکے گی۔

بقیہ (15)

خاطر خواہ اقدامات کرتے دکھائی نہیں دے رہے، گیس کی فراہمی بند ہے تو دوسری جانب صارفین کو بھاری بھرکم گیس بل ارسال کیے جارہے ہیں، جو عوام کے ساتھ سراسر ناانصافی کے مترادف ہے، گیس استعمال نہ ہونے کے باوجود بھاری بلوں کی وصولی نے پہلے سے مہنگائی کے ستائے ہوئے شہریوں کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے، دوسری جانب گیس کی عدم دستیابی کے باعث شہری متبادل ایندھن کے طور پر سوکھی لکڑی استعمال کرنے پر مجبور ہیں، تاہم لکڑی کی قیمتیں بھی آسمان سے باتیں کرنے لگی ہیں، جس کے باعث غریب اور متوسط طبقے کے لیے سردی سے بچا اور گھریلو ضروریات پوری کرنا مشکل ہوتا جارہا ہے، سوراب کے شہریوں نے متعلقہ حکام اور سوئی گیس انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ سوراب شہر میں فوری طور پر گیس کی فراہمی بحال کی جائے۔

بقیہ (16)

ہے۔ جمہوری وفلاحی ریاستوں میں صحافت اور آزاد میڈیا کو نہایت اہم مقام حاصل ھے لیکن ہمارے ملک اور ریاست میں آمرانہ اور کالے قوانین کے ذریعے آزاد اور تخلیقی صحافت پر قدغن لگا کر صحافیوں کو پابند سلاسل کرنے اور مختلف میڈیا چینلز سے برطرف کرنے کے غیر آئینی وغیر جمہوری اقدامات جاری ھے اور صحافت وصحافیوں کے خلاف مارشلائی دور کی آمرانہ و جبری پالیسی اپنائی گئی ہے جس کے تباہ کن اثرات پورے معاشرے پر مرتب ھورھے ہیں۔

بقیہ (17)

بہتر نہ ہونے کے سبب شدید مشکلات اور دشواریوں سے دوچار ہیں عوامی حلقوں نے اس امر پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہیکہ بی آئی ایس پی کی چیئر پرسن خاتون کمشنر لسبیلہ خاتون ڈپٹی کمشنر لسبیلہ خاتون ڈپٹی ڈائریکٹر بی آئی ایس پی لسبیلہ خاتون اسسٹنٹ کمشنر حب اور اسسٹنٹ کمشنر کنراج بھی خاتون کے باوجود مستحق خواتین مشکلات کا شکار ہیں انتظامی افسران خواتین ہونے کے باوجود گورنمنٹ آف پاکستان کی جانب سے خواتین کے حقوق ان کی دہلیز پر حل کرنے کے دعوے دھرے کے دھرے رہے گئے یہاں الٹی گنگا بہہ رہی ہے بی آئی ایس پی چیئر پرسن ڈپٹی ڈائریکٹر بی آئی ایس پی لسبیلہ کمشنر لسبیلہ ڈپٹی کمشنر لسبیلہ سمیت دیگر خواتین افسران بھی مستحق خواتین کے درد کو نہ سمجھ سکیں بلکہ مستحق خواتین ایجنٹ مافیا کے رحم کرم پر ہیں مستحق خواتین کی مشکلات اور دشواریوں کا ازالہ نہ ہونا تعجب کن ہیں عوامی حلقوں نے ضلع کی خواتین انتظامی افسران کی توجہ اس جانب مبذول کرواتے ہوئے کہا ہیکہ بی آئی ایس پی میں نظام کی بہتری اور خواتین کو درپیش مسائل کے حل کے لیےفوری عملی اقدامات کیے جائیں تاکہ سہہ مائی اقساط کی وصولی میں خواتین کو دشواریاں اور مشکلات لاحق نہ ہوں اور وصولی نظام کو بہتر بنانے پر بھی عملی اقدامات درکار ہیں ضرورت اس امر کی ہیکہ ایجنٹ مافیا کی من مانیاں اور مبینہ کٹوتیاں فوری بند کرکے مستحق خواتین کے لیے آسانیاں پیدا کی جائیں۔ حب وضلع لسبیلہ میں بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کی مستحق خواتین کو مشکلات اور شدید دشواریوں کا سامنا خواتین ایجنٹ مافیا کے رحم وکرم پر شنوائی کرنے والا کوئی نہیں ایجنٹ مافیا کی جانب سے مستحق خواتین کی رقم سے مبینہ کٹوتیوں کا بھی انکشاف سہہ مائی اقساط کی وصولیوں میں شدید دشواریوں کا سامنا تفصیل کے مطابق ضلع حب اور لسبیلہ میں بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کی رجسٹرڈ خواتین نظام بہتر نہ ہونے کے سبب شدید مشکلات اور دشواریوں سے دوچار ہیں عوامی حلقوں نے اس امر پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہیکہ بی آئی ایس پی کی چیئر پرسن خاتون کمشنر لسبیلہ خاتون ڈپٹی کمشنر لسبیلہ خاتون ڈپٹی ڈائریکٹر بی آئی ایس پی لسبیلہ خاتون اسسٹنٹ کمشنر حب اور اسسٹنٹ کمشنر کنراج بھی خاتون کے باوجود مستحق خواتین مشکلات کا شکار ہیں انتظامی افسران خواتین ہونے کے باوجود گورنمنٹ آف پاکستان کی جانب سے خواتین کے حقوق ان کی دہلیز پر حل کرنے کے دعوے دھرے کے دھرے رہے گئے یہاں الٹی گنگا بہہ رہی ہے بی آئی ایس پی چیئر پرسن ڈپٹی ڈائریکٹر بی آئی ایس پی لسبیلہ کمشنر لسبیلہ ڈپٹی کمشنر لسبیلہ سمیت دیگر خواتین افسران بھی مستحق خواتین کے درد کو نہ سمجھ سکیں بلکہ مستحق خواتین ایجنٹ مافیا کے رحم کرم پر ہیں مستحق خواتین کی مشکلات اور دشواریوں کا ازالہ نہ ہونا تعجب کن ہیں عوامی حلقوں نے ضلع کی خواتین انتظامی افسران کی توجہ اس جانب مبذول کرواتے ہوئے کہا ہیکہ بی آئی ایس پی میں نظام کی بہتری اور خواتین کو درپیش مسائل کے حل کے لیےفوری عملی اقدامات کیے جائیں تاکہ سہہ مائی اقساط کی وصولی میں خواتین کو دشواریاں اور مشکلات لاحق نہ ہوں اور وصولی نظام کو بہتر بنانے پر بھی عملی اقدامات درکار ہیں ضرورت اس امر کی ہیکہ ایجنٹ مافیا کی من مانیاں اور مبینہ کٹوتیاں فوری بند کرکے مستحق خواتین کے لیے آسانیاں پیدا کی جائیں۔

بقیہ (18)

علیہم السلام کے واقعات، اسلامی بنیادی معلومات، اخلاقیات اور روزمرہ زندگی میں قرآنِ مجید کی تعلیمات پر عمل سے متعلق مختلف سوالات پوچھے گئے۔ طلبا نے بھرپور دلچسپی کے ساتھ حصہ لیتے ہوئے اپنی معلومات کا اظہار کیا اور سوالات کے جوابات دینے کی کوشش کی۔ معلوماتی سوال وجواب کے اس دلچسپ طریقہ تدریس سے طلبا میں سیکھنے کا شوق، ذہنی صلاحیت، یادداشت، اعتماد اور مثبت مقابلے کا جذبہ پیدا ہوا۔

بقیہ (19)

سٹی غلام سرور مینگل نے سی آئی اے آفس نصیرآباد میں میڈیا کو کارروائی کی تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ ایس ڈی پی او سرکل چھتر حبیب اللہ لاشاری کی نگرانی میں انچارج سی آئی اے نصیرآباد بہادر علی ڈوکی اور ایس ایچ او پولیس تھانہ سٹی نے ٹیم کے ہمراہ مشترکہ کارروائی کی۔ کارروائی کے دوران پولیس تھانہ شہید عبدالوہاب پیچوہا چھتر کے اقدام قتل کے مقدمے میں مطلوب تین مفرور ملزمان علی گوہر ولد سیوہ عرف میوہ، زمان خان ولد غلام حیدر اور موج علی عرف موج دین ولد شیرو خان عرف صاحبان، اقوام بگٹی، ساکنان چھتر کو گرفتار کرلیا گیا۔ ایس ڈی پی او غلام سرور مینگل کے مطابق گرفتار ملزمان کے خلاف مزید قانونی کارروائی اور تفتیش جاری ہے۔ نصیرآباد پولیس جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مؤثر کارروائیوں اور علاقے میں امن وامان کے قیام کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ (20)

بازار کا شاندار انعقاد کیا گیا جس میں طالبات نے بھرپور جوش وجذبے کے ساتھ شرکت کرتے ہوئے اپنی تخلیقی صلاحیتوں، سائنسی مہارتوں اور ثقافتی روایات کا خوبصورت مظاہرہ کیا تقریب کی مہمانِ خصوصی ڈپٹی ڈائریکٹر ایجوکیشن مس ماہ جبیں تھیں تقریب کے مہمان خاص ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر عبدالستار لانگو ہوئے مہمان خصوصی کی آمد پر پرنسپل سکول زرینہ بلوچ اور مس یاسمین حمید نے استقبال کیا ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر میل عبدالستار لانگو، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر فیمیل ارم نورین پرنسپل گورنمنٹ گرلز ہائی سکول سیوی ٹان سمیرا آفتاب اساتذہ، اسکول اسٹاف اور طالبات نے شرکت کی مہمانِ خصوصی مس ماہ جبیں نے دیگر تعلیمی افسران کے ہمراہ مختلف اسٹالز کا افتتاح کیا اور سائنس نمائش میں طالبات کی جانب سے تیار کردہ مختلف سائنسی ماڈلز اور تخلیقی منصوبوں کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر طالبات نے اپنے فن، صلاحیتوں اور قابلیت کا بھرپور مظاہرہ کیا بینا بازار میں مختلف اشیا کے اسٹالز بھی توجہ کا مرکز بنے رہے بلوچ وسندھی کلچر ڈے کے موقع پر طالبات نے دونوں ثقافتوں کے روایتی لباس ثقافتی رنگوں رسم ورواج اور علاقائی روایات کو اجاگر کرکے اپنی ثقافتی وابستگی کا خوبصورت اظہار کیا۔

بقیہ (21)

انعقاد کچھ امقرئی میں ایف اے او کے آر بی ڈبلیو آر پی (NRB) پروگرام کے تحت قائم لائیوسٹاک فارمر فیلڈ اسکول کے تربیتی پروگرام کی کامیاب تکمیل کے سلسلے میں کیا گیا۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر لائیوسٹاک عبدالرحیم نیازی، ڈویژنل فارسٹ آفیسر زبیر احمد، ایف اے او کے نمائندگان اور دیگر معزز شخصیات بھی موجود تھیں تقریب کے دوران ڈاکٹر امین اللہ نے شریک چھوٹے ودرمیانے درجے کے کاروباری افراد (SMEs) کو بڑے گرانٹس پروگرام کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔

بقیہ (22)

جاری رہیں گے۔ بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سابق وزیراعلیٰ بلوچستان سردار اختر جان مینگل اور سردار اسد اللہ مینگل نے شاہ نورانی میں مختلف اسکولوں کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران دونوں رہنماؤں نے کلاس رومز کا معائنہ کیا، طلبا سے ملاقات کی اور ان سے تعلیم، مستقبل کے خوابوں اور علاقے کے مسائل کے بارے میں سوال جواب کیے۔ طلبا نے اپنے مسائل کھل کر بیان کیے، جن پر سردار اختر جان مینگل نے انہیں تعلیم پر خصوصی توجہ دینے کی تلقین کرتے ہوئے کہا کہ تعلیم ہی قوم کی اصل طاقت ہے۔ شاہ نورانی کے بچے ہمارا مستقبل ہیں، ان کو بہتر تعلیم دینا ہم سب کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے طلبا کو محنت، سچائی اور اپنے علاقے کی خدمت کا درس دیا۔ اس موقع پر سردار اختر جان مینگل اور سردار اسداللہ مینگل نے اساتذہ سے بھی ملاقات کی اور انہیں بہتر انداز میں تدریس، بچوں کی اخلاقی تربیت اور حاضری کو یقینی بنانے کے حوالے سے ہدایات کیا۔ انہوں نے کہا کہ اساتذہ قوم کے معمار ہیں، اگر استاد محنت کرے گا تو پورا معاشرہ بدل جائے گا۔ استاد ہی کی وجہ سے طلبا تعلیم کے میدان کو عبور کرکے ملک وقوم کی بہتر خدمات انجام دے سکتے ہیں۔ دورے کے اختتام پر مقامی عمائدین اور والدین نے دونوں رہنماں کا شکریہ ادا کیا اور امید ظاہر کی کہ شاہ نورانی میں تعلیم کے فروغ کے لیے ایسے دورے جاری رہیں گے۔

بقیہ (23)

کاروباری اور مالیاتی مرکز میں واقع بلند عمارت سے ٹکرایا۔ خیال رہے کہ اس عمارت میں سعودی عرب کے خودمختار سرمایہ کاری فنڈ (پی آئی ایف) کا مرکزی دفتر بھی ہے۔ سعودی قیادت میں یمن کے حوثیوں کے خلاف لڑنے والے فوجی اتحاد کے ترجمان ترکی المالکی نے بھی حملے کی تصدیق کرتے ہوئے اسے بزدلانہ حملہ قرار دیا۔ تاحال سعودی حکام نے حملے میں ہونے والے جانی و مالی نقصان کی تفصیلات جاری نہیں کیں اور نہ ہی تازہ حملے کی ذمہ داری کسی گروہ نے قبول کی ہے۔ یادر ہے کہ 19 نومبر کو بھی ریاض کے اسی مالیاتی مرکز میں واقع پی آئی ایف ٹاور پر حملہ ہوا تھا جس سے عمارت کی متعدد منزلوں اور قریبی عمارتوں کو نقصان پہنچا تھا۔

بقیہ (24)

میں بھی عوام تک حقائق پہنچانے اور معاشرے کے مسائل اجاگر کرنے کی ذمہ داریاں نبھاتے ہیں۔ آزادی صحافت اور آزاد یا اظہار جمہوری معاشرے کی بنیادی ضرورت ہیں۔ اہل سنت و جماعت کے رہنما فیضان اولیاء کے بانی ذوالفقار علی طارق قادری نے صافیوں کو درپیش مسائل پر ہونے والی احتجاج کا حمایت کرتے ہوئے کہا کہ صحافیوں کے جائز مطالبات اور ان کے حقوق کے حصول کے لیے کوئٹہ میں جاری احتجاجی دھرنے کی بھرپور حمایت کرتے ہیں۔ صحافی معاشرے کا اہم ستون اور عوام کی آواز ہوتے ہیں، جو نامساعد حالات کے باوجود عوامی مسائل، معاشرتی مشکلات اور حکومتی پالیسیوں کو منظرعام پر لانے میں اپنا کردار ادا کرتے ہیں۔ صحافیوں کو درپیش معاشی مشکلات، بے روزگاری، میڈیا اداروں کی بندش اور تنخواہوں کی عدم ادائیگی جیسے مسائل انتہائی قابل تشویش ہیں۔ بلوچستان سمیت ملک بھر میں صحافیوں کو اپنے فرائض کی انجام دہی کے دوران مختلف مشکلات کا سامنا ہے۔ متعدد صحافیوں اور میڈیا ورکرز کے بے روزگار ہونے سے ان کے خاندان بھی معاشی مشکلات سے دوچار ہیں۔ حکومت اور متعلقہ میڈیا اداروں کی ذمہ داری ہے کہ صحافیوں کے روزگار کا تحفظ کریں، واجب الادا تنخواہیں ادا کریں اور انہیں بہتر پیشہ ورانہ ماحول فراہم کریں۔ صحافیوں کے تمام جائز مطالبات تسلیم کیے جائیں اور ان کے جان و مال کے ساتھ ساتھ روزگار کا تحفظ بھی یقینی بنایا جائے۔ انہیں بے روزگار کرنے کے بجائے ان کی صحافتی خدمات کو سراہا جائے، کیونکہ صحافی مشکل حالات میں بھی عوام تک حقائق پہنچانے اور معاشرے کے مسائل اجاگر کرنے کی ذمہ داریاں نبھاتے ہیں۔ آزادی صحافت اور آزاد یا اظہار جمہوری معاشرے کی بنیادی ضرورت ہیں۔

بقیہ (25)

کر کے شہریوں میں خوف وہراس پھیلانے والے ملزم کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ گرفتار دونوں ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے قانون کے مطابق مزید تفتیش اور کارروائی عمل میں لائی جارہی ہے۔

بقیہ (26)

ڈائریکٹر ایجوکیشن اسکولز مس ماہ جبیں نے ڈویژنل ڈائریکٹر ایجوکیشن سیوی ڈویژن بلال احمد بڑیچ، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر میل عبدالستار لانگو ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر فیمیل ارم نورین اور دیگر افسران کے ہمراہ مختلف امتحانی مراکز کا دورہ کیا دورے کے دوران انہوں نے امتحانی انتظامات، طلبا وطالبات کو فراہم کردہ سہولیات، امتحانی عملے کی موجودگی اور امتحانی طریقہ کار کا تفصیلی جائزہ لیا اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر ایجوکیشن مس ماہ جبیں نے امتحانی مراکز میں تعینات سپرنٹنڈنٹس اور دیگر عملے کو سختی سے ہدایت کی کہ امتحانی مراکز میں موبائل فون سمیت کسی بھی قسم کا غیر ضروری سامان لانے کی ہرگز اجازت نہ دی جائے امتحانی ضابطہ اخلاق پر مکمل عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ صوبے بھر کی طرح سیوی میں بھی مڈل اسٹینڈرڈ کے سالانہ امتحانات جاری ہیں، جن کے لیے ضلع بھر میں مجموعی طور پر 10 امتحانی مراکز قائم کیے گئے ہیں، جہاں 1680 طلبا و طالبات امتحانات میں حصہ لے رہے ہیں۔ امتحانات کے شفاف، منظم اور پرامن انعقاد کو یقینی بنانے کے لیے محکمہ تعلیم کے افسران کی جانب سے امتحانی مراکز کی مسلسل نگرانی کی جارہی ہے اس سلسلے میں ڈپٹی ڈائریکٹر ایجوکیشن اسکولز مس ماہ جبیں نے ڈویژنل ڈائریکٹر ایجوکیشن سیوی ڈویژن بلال احمد بڑیچ، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر میل عبدالستار لانگو ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر فیمیل ارم نورین اور دیگر افسران کے ہمراہ مختلف امتحانی مراکز کا دورہ کیا دورے کے دوران انہوں نے امتحانی انتظامات، طلبا وطالبات کو فراہم کردہ سہولیات، امتحانی عملے کی موجودگی اور امتحانی طریقہ کار کا تفصیلی جائزہ لیا اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر ایجوکیشن مس ماہ جبیں نے امتحانی مراکز میں تعینات سپرنٹنڈنٹس اور دیگر عملے کو سختی سے ہدایت کی کہ امتحانی مراکز میں موبائل فون سمیت کسی بھی قسم کا غیر ضروری سامان لانے کی ہرگز اجازت نہ دی جائے امتحانی ضابطہ اخلاق پر مکمل عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔

بقیہ (27)

کرنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی، دشمن ایران کو طویل اور تھکا دینے والی کشمکش میں دھکیلنا چاہتا ہے، ملک سے جنگ کے خطرے کو ہمیشہ کے لئے ختم کرنے کا واحد راستہ قومی اتحاد اور پائیدار دفاعی قوت کا حصول ہے۔ موجودہ تعطل کو محض روایتی سیاسی بحثوں کے بجائے واضح اور عملی اقدامات کے ذریعے حل کرنا ناگزیر ہے، اس صورتحال کا فیصلہ یا تو میدانِ جنگ میں ہوگا یا پھر واشنگٹن کو ایران کی شرائط تسلیم کرنا ہوں گی۔

بقیہ (28)

کے شعبے میں تعاون کے معاہدوں پر دستخط ہوئے، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، ترک وزیر توانائی، وفاقی وزیر پیٹرولیم اور گورنر سندھ تقریب میں شریک ہوئے۔ پاکستان منرل ڈویلپمنٹ کارپوریشن اور ترکیہ کی ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے درمیان شیئر ہولڈرز کا معاہدہ طے پا گیا، پشین بلوچستان میں اہم معدنیات اینٹیمونی کی ترقی کیلئے معاہدے پر دستخط ہوگئے۔ ماری منرلز اور ترکیہ کی ایم ٹی اے آئی سی کے درمیان مشترکہ منصوبے کا معاہدہ طے پا گیا۔ چاغی بلوچستان میں تانبے، سونے اور دیگر معدنی ذخائر کی تلاش وترقی ہوگی۔ جیولوجیکل سروے پاکستان، ترکیہ کے ایم ٹی اے اور ایم ٹی اے آئی سی میں سہ فریقی مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہوگئے، تکنیکی تبادلے اور معدنی وسائل کی ترقی میں استعداد کار بڑھانے پر اتفاق کیا گیا، پاکستان اور ترکیہ کے درمیان معدنیات کے شعبے میں تعاون مزید مضبوط ہوگی۔ تقریب سے خطاب میں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان اور ترکیہ کے تعلقات تاریخی بنیادوں پر قائم ہیں، تاہم اب وقت ہے کہ اس دوستی کو عملی اقتصادی منصوبوں اور عوام کے لئے ترقی کے مواقع میں تبدیل کیا جائے۔ اسحاق ڈار نے بتایا کہ 87 میٹر طویل اورچ رئیس جدید سیسمک، صوتی اور سمندر کی تہہ کا سروے کرنے والے آلات سے لیس ہے۔ یہ جہاز صوتی لہروں کے ذریعے سمندر کی تہہ میں موجود چٹانوں کی ساخت کا جائزہ لے گا اور حاصل ہونے والے ڈیٹا کی مدد سے زیر سمندر ارضیاتی ساخت کی سہ جہتی تصاویر تیار کی جائیں گی۔ اس تحقیق سے مستقبل میں تیل وگیس کی تلاش اور کھدائی کے امکانات کا تعین کرنے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے بتایا کہ ترک حکام کے مطابق سروے میں تقریباً 5 سے 6 ماہ لگ سکتے ہیں۔ اسحاق ڈار نے امید ظاہر کی کہ یہ مشن پاکستان کے لیے تیل وگیس کے ذخائر کی دریافت کی خوش خبری لائے گا۔ انہوں نے واضح کیا کہ سمندر میں توانائی کے ذخائر کی تلاش ایک پیچیدہ اور مہنگا عمل ہے اور سیسمک سروے سے ذخائر ملنے کی ضمانت نہیں ہوتی، تاہم یہ مستقبل کی تلاش کے لیے بنیادی معلومات فراہم کرتا ہے۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ پاکستانی ماہرینِ ارضیات اور انجینیئر ز اپنے ترک ہم منصبوں کے ساتھ مل کر کام کریں گے۔ دونوں ملکوں کی جامعات اور تحقیقی اداروں کے درمیان سمندری ارضیات اور سمندر میں توانائی کی تلاش سے متعلق انجینیئر نگ کے شعبوں میں اشتراک کے امکانات بھی موجود ہیں۔ انہوں نے ترک سرمایہ کاروں کو پاکستان میں سرمایہ کاری کی دعوت دیتے ہوئے کہا کہ حکومت اہم منصوبوں میں ہر ممکن سہولت فراہم کرے گی اور اداروں کے درمیان رابطے کو بہتر بنایا جائے گا تاکہ منصوبوں میں غیر ضروری تاخیر نہ ہو۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ سمندری سرگرمیوں میں بحری تحفظ اور ماحولیاتی معیار کا مکمل خیال رکھا جائے، کیونکہ سمندر معاشی اثاثہ ہونے کے ساتھ قدرتی امانت بھی ہے۔ ان کے مطابق پاکستان اور ترکیہ کا یہ مشترکہ مشن سائنسی معلومات میں اضافے، قومی صلاحیتوں کی ترقی اور دونوں ملکوں کے درمیان تعاون کے نئے راستے کھولے گا۔ تقریب سے خطاب میں الپرسلان بیرکتار نے کہا کہ پاکستان اور ترکیہ کے درمیان شعبہ توانائی میں تعاون کے وسیع مواقع موجود ہیں، پاکستان اور ترکیہ کیتوانائی تعلقات میں نئیدور کا آغاز ہورہاہے۔ پاکستان کے ساتھ توانائی کے شعبے میں تعاون کو مزید فروغ دیں گے۔ الپرسلان بیرکتار نے کہا کہ پاکستان ترکیہ مشترکہ تاریخ، اقدار، بھائی چارے کے مضبوط رشتیمیں بندھے ہیں، توانائی کے شعبے میں تعاون دونوں ممالک کے مستقبل کو نئی سمت دیگا۔

بقیہ (29)

اور باہمی تعاون پر مبنی سلامتی پالیسی ناگزیر ہے۔ یورپی یونین کے زیرِ اہتمام یورپی پارلیمنٹ برسلز میں منعقد ہونے والے تیسرے شومان سکیورٹی اینڈ ڈیفنس فورم میں پاکستان نے اعلیٰ سطح پر شرکت کرتے ہوئے عالمی امن و سلامتی، موسمیاتی خطرات اور خطے کے دیرینہ تنازعات کے پرامن حل پر اپنا مؤقف پیش کیا ہے۔ 17 اور 18 نومبر کو ہونے والے اس دوروزہ فورم میں پچاسی سے زائد شراکت دار ممالک، یورپی یونین، اقوام متحدہ اور دیگر بین الاقوامی اداروں کے نمائندوں نے شریک ہوکر بدلتے ہوئے عالمی نظام اور سکیورٹی چیلنجز پر تبادلہ خیال کیا۔ وفاقی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے یورپی یونین کی خارجہ امور اور سلامتی پالیسی کی اعلیٰ نمائندہ کایا کالاس کی خصوصی دعوت پر فورم میں شرکت کی، جہاں یورپی پارلیمنٹ آمد پر ان کا ریڈ کارپٹ استقبال کیا گیا۔ فورم کے خصوصی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیرِ دفاع نے بتایا کہ گزشتہ سات دہائیوں کے دوران پاکستان کے تقریباً دو لاکھ سینتیس ہزار فوجی اور دیگر اہلکار اقوام متحدہ کے اڑتالیس امن مشنز میں خدمات انجام دے چکے ہیں، جبکہ ایک سو تراسی پاکستانی اہلکار عالمی امن کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر چکے ہیں۔ خواجہ محمد آصف نے کہا کہ اقوام متحدہ کے امن مشنز کو درپیش مالی مشکلات اور وسائل کی کمی عالمی سلامتی کے لیے چیلنج بن سکتی ہے، اور اہلکار فراہم کرنے والے ممالک کو پالیسی سازی میں موثر نمائندگی ملنی چاہیے۔ انہوں نے عالمی سلامتی کے تصور کو وسیع کرتے ہوئے کہا کہ سلامتی صرف فوجی طاقت تک محدود نہیں بلکہ موسمیاتی تبدیلی، غذائی عدم تحفظ اور معاشی کمزوریاں بھی عدم استحکام کو جنم دے سکتی ہیں، اور پاکستان موسمیاتی خطرات سے شدید متاثر ہونے والے ممالک میں شامل ہے۔ وزیر دفاع نے دیرینہ تنازعات کو بین الاقوامی قانون اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا اور یورپی پارلیمنٹ میں چیئرمین کشمیر کونسل ای یو علی رضا سید سے ملاقات کرکے مسئلہ کشمیر کے لیے ان کی کاوشوں کو سراہا۔ دورہ برسلز کے دوران یورپی حکام سے ملاقاتوں، سفارتی رابطوں اور انتظامات میں بیلجیئم، لکسمبرگ اور یورپی یونین کے لیے پاکستانی سفیر رحیم حیات قریشی اور سفارتی ٹیم نے اہم کردار ادا کیا۔

بقیہ (30)

داری سونپی جائے گی۔ کمیٹی پیپلز پارٹی، ایم کیو ایم پاکستان سمیت ایوان میں موجود تمام پارلیمانی جماعتوں کی قیادت سے رابطہ کرے گی اور انہیں موجودہ سیاسی صورتحال اور انتظامی ڈھانچے میں ممکنہ تبدیلیوں کے حوالے سے مشاورت میں شامل کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق مسلم لیگ (ن) کی قیادت چاہتی ہے کہ اہم قومی اور سیاسی معاملات پر انفرادی فیصلوں کے بجائے تمام سیاسی قوتوں کو اعتماد میں لے کر آگے بڑھا جائے۔ اس سلسلے میں مختلف جماعتوں کے مقف اور تجاویز حاصل کی جائیں گی تاکہ باہمی مشاورت سے کسی مشترکہ حکمت عملی پر اتفاق رائے پیدا کیا جاسکے۔ رابطہ کار کمیٹی کی تشکیل کو سیاسی جماعتوں کے درمیان رابطوں میں بہتری اور قومی معاملات پر اتفاق رائے پیدا کرنے کی کوشش قرار دیا جارہا ہے۔ یادر ہے پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے سندھ کی جبری تقسیم اور ریفرنڈم کی مبینہ تجاویز پر انتہائی سخت ردعمل کا اظہار کیا تھا، انہوں نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ سندھ کی تقسیم زور زبردستی کرنے کی کوشش کی گئی تو اس کے انتہائی خطرناک اور تباہ کن نتائج برآمد ہوں گے۔ کراچی پریس کلب میں میٹ دی پریس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے سخت وارننگ دیتے ہوئے کہا کہ زور زبردستی کے ذریعے سندھ کی تقسیم کی گئی تو کراچی کی سڑکوں پر جو خون بہے گا، اس پر کڑی بازپرس اور سوالات کیے جائیں گے، صوبے کی زبردستی تقسیم معاشرے کو ٹکڑے ٹکڑے کردے گی اور یہ دشمنی کی حد تک چلی جائے گی، ایسی صورت میں عام آدمی ہتھیار اٹھانے پر مجبور ہوجائے گا اور یہ خون خرابا کسی ایک مقام تک محدود نہیں رہے گا، سندھ کی تقسیم کے معاملے پر صوبائی اسمبلی نے ایک نہیں بلکہ دس بار اپنا واضح مقف اور قرارداد پیش کرکے ردعمل دے دیا ہے۔ ملک میں ریفرنڈم کرانے کی تجاویز پر کڑی تنقید کرتے ہوئے چیئرمین پی پی پی نے کہا کہ محسن بھائی کرنا کیا چاہتا ہے؟ ریفرنڈم کی بات دراصل نیت اور غیر آئینی طریقہ کار کی تلاش کی علامت ہے، جب بھی کوئی غیر جمہوری کام کرنا مقصود ہوتا ہے تو ریفرنڈم کا سہارا لیا جاتا ہے جبکہ آئین میں باقاعدہ طریقہ کار موجود ہے، ایک صوبے کا وزیر کہتا ہے کہ ریفرنڈم کرالیں، ارے بھئی! پہلے وہ جا کر اپنی ہی اسمبلی کا ریفرنڈم تو کرا کے دیکھیں، ہم ہر غیر آئینی طریقے کا بھرپور اور ڈٹ کر مقابلہ کرنے کے لیے تیار ہیں۔

بقیہ (31)

سے فرٹیلائزر کمپلیکس قائم کرنے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ دو ارب روپے کی ابتدائی لاگت سے بلوچستان میں رجسٹرڈ بلوچستان انشورنس کمپنی لمیٹڈ قائم کی جائے گی۔ اس کمپنی کے قیام سے صوبے کے سرکاری اداروں اور مقامی شہریوں کو انشورنس کی بہتر اور معیاری سہولیات مقامی سطح پر دستیاب ہوں گی۔ اس اقدام سے صوبے میں مالیاتی خدمات کے شعبے کو وسعت دینے اور سرمایہ کاری کے نئے امکانات پیدا کرنے میں بھی مدد ملے گی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت انشورنس کمپنی کا قیام صوبے میں مالیاتی خدمات کے فروغ اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا کرنے کی جانب اہم قدم ہے۔ حکومت بلوچستان نجی شعبے کے اشتراک سے ایسے منصوبوں پر کام کر رہی ہے جن کے ذریعے صوبے کی معاشی استعداد سے بھرپور استفادہ کیا جاسکے اور عوام کو بہتر سہولیات فراہم ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں میں نجی شعبے کی شراکت داری کو فروغ دے کر معاشی سرگرمیوں میں وسعت اور پائیدار ترقی کی بنیاد رکھی جاسکتی ہے۔ اجلاس میں ضلع ڈیرہ بگٹی کے علاقے سوئی میں لو بی ٹی یو گیس کو بروئے کار لاتے ہوئے فرٹیلائزر کمپلیکس کے قیام پر بھی اتفاق کیا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ اس منصوبے سے مقامی قدرتی وسائل کے مؤثر استعمال کے ساتھ صنعتی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا اور مقامی آبادی کے لیے روزگار کے وسیع مواقع پیدا ہوں گے۔ فرٹیلائزر کمپلیکس کے قیام سے علاقے میں تجارتی سرگرمیوں میں اضافے اور متعلقہ شعبوں میں معاشی مواقع پیدا ہونے کی بھی توقع ہے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان قدرتی وسائل سے مالا مال صوبہ ہے اور ان وسائل کو مقامی سطح پر صنعتی ترقی، سرمایہ کاری اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے لیے استعمال کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان کی کوشش ہے کہ قدرتی وسائل سے حاصل ہونے والے معاشی فوائد میں مقامی آبادی کو بھی بھرپور حصہ ملے اور نوجوانوں کے لیے روزگار کے نئے راستے کھلیں۔ سوئی میں فرٹیلائزر کمپلیکس کا قیام اسی سوچ کے تحت ایک اہم پیش رفت ہے، جس سے علاقے میں صنعتی اور تجارتی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبے میں معاشی ترقی کے لیے ایسے منصوبوں کی حوصلہ افزائی کی جارہی ہے جن میں سرکاری اور نجی شعبہ مشترکہ طور پر سرمایہ کاری کرے۔ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے ذریعے دستیاب وسائل، نجی شعبے کی مہارت اور سرمایہ کاری کی صلاحیت کو یکجا کرکے ترقیاتی منصوبوں کو عملی شکل دی جاسکتی ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ منظور شدہ منصوبوں پر پیش رفت کو مؤثر انداز میں آگے بڑھایا جائے تاکہ ان کے ثمرات جلد عوام تک پہنچ سکیں۔ اجلاس میں صوبائی وزیر ترقیات ومنصوبہ بندی میر ظہور احمد بلیدی، صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ت ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات ومنصوبہ بندی زاہد سلیم، پرنسپل سیکرٹری عمران زرکون، سیکرٹری خزانہ جہانگیر خان، سیکرٹری قانون اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔

بقیہ (32)

دیتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان ترکمانستان مشترکہ بین الحکومتی کمیشن کے چھٹے اجلاس سے خطاب اور ترکمانستان کے وزیر خارجہ رشید میریدوف کے ساتھ ملاقات کے دوران کیا۔ مشترکہ بین الحکومتی کمیشن کے اجلاس سے خطاب میں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کا کہنا تھا کہ پاکستان اور ترکمانستان کے درمیان دوستانہ تعلقات باہمی احترام پر مبنی ہیں، مشترکہ تاریخی روابط اور علاقائی خوشحالی کے مشترکہ مفادات پر مبنی ہیں، پاکستان ترکمانستان کے ساتھ مضبوط اور دیرینہ دوستانہ تعلقات کو خصوصی اہمیت دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مشترکہ بین الحکومتی کمیشن دوستی کو مضبوط معاشی شراکت داری میں بدلنے کا اہم فورم ہے، دونوں ممالک کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری کے مواقع موجود ہیں، توانائی، ٹرانسپورٹ اور عوامی روابط میں تعاون بڑھانے کے مواقع موجود ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ گزشتہ فیصلوں پر عملدرآمد اور اب تک ہونے والی پیشرفت کا جائزہ لینے کا موقع ملے گا، مختلف شعبوں میں تعاون آگے بڑھانے کیلئے عملی اقدامات پر اتفاق کیا جائے گا، متعلقہ وزارتیں اور ادارے طے شدہ امور پر پیش رفت کے لئے موثر اقدامات کریں۔ ترکمانی وزیر خارجہ رشید میریدوف نے کہا کہ شاندار میزبانی پر پاکستانی قیادت اور عوام کے تہہ دل سے مشکور ہیں، چھٹے بین الحکومتی اجلاس کے موقع پر پاکستان کی جانب سے پرتپاک استقبال کیا گیا، پاکستان اور ترکمانستان دیرینہ اور دوستانہ تعلقات کی لڑی میں پروئے ہوئے ہیں۔ پاکستان کے ساتھ اپنے دوطرفہ تعلقات کو انتہائی اہمیت دیتے ہیں، پاکستان کے ساتھ اعلیٰ سطح کے روابط کے مزید فروغ کیلئے پرعزم ہیں۔ اجلاس کا مقصد باہمی تعاون کے نئے شعبوں کی نشاندہی کرنا ہے، دوطرفہ تعلقات کی مضبوطی کیلئے مسلسل رابطے ناگزیر ہیں، علاقائی و دوطرفہ امور کے متوازن اور پائیدار حل کے خواہاں ہیں۔ قبل ازیں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور ترکمانستان کے وزیر خارجہ رشید میریدوف کے درمیان ملاقات ہوئی جس میں دوطرفہ تعلقات کا جائزہ لیا گیا اور زیرالتوا مسائل کے حل پر زور دیا گیا۔ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور ترکمانی وزیر خارجہ رشید میریدوف کے درمیان یہ ملاقات پاکستان اور ترکمانستان کے مشترکہ بین الحکومتی کمیشن کے چھٹے اجلاس سے قبل ہوئی۔ وزرائے خارجہ نے پاکستان اور ترکمانستان کے دیرینہ اور برادرانہ تعلقات کا جائزہ لیا اور تجارت،

Daily
ASKAR INTERNATIONAL
QUETTA
MEMBER A.P.N.S
روزنامہ
عسکر انٹرنیشنل کوئٹہ
چیف ایڈیٹر :
سید فاروق شاہ
رجسٹرڈ نمبر BC-A-21

ریاستی حصار میں ہوں، مولانا فضل؛ نظر بندی کے کوئی احکامات جاری نہیں ہوئے، ڈی سی لاہور

لاہور(اے این این) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ وہ اس وقت ریاستی حصار میں ہیں اور لاہور کے تمام راستے بند ہونے کے باعث لاہور ہائی کورٹ بار کے وکلا سے براہِ راست خطاب نہیں کر سکے۔وہ لاہور بار ایسوسی ایشن کی جانب سے منعقدہ آل پارٹیز سیمینار میں شرکت کے لیے گزشتہ شب لاہور پہنچے تھے۔تاہم ان کی پارٹی نے دعویٰ کیا کہ پنجاب پولیس نے ان کی قیام گاہ کے باہر اہلکار تعینات کرکے انہیں باہر آنے سے روک دیا۔پارٹی نے اس مبینہ محاصرے کے خلاف لاہور ہائی کورٹ سے بھی رجوع کیا ہے۔اس بارے میں ڈپٹی کمشنر لاہور کا کہنا ہے کہ

این ایچ اے چترال کے شہریوں کو بہترین سفری سہولیات فراہم کرے، عبدالعلیم خان

چترال کے آمدورفت کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر اپنی نگرانی میں حل کریں گے، وفاقی وزیر

چترال (جی این ایم) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے دورہ چترال کے دوران این 45 سمیت مختلف شاہراہوں کے ترقیاتی کام جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی ہے۔وفاقی وزیر مواصلات نے این ایچ اے حکام کے ہمراہ چترال کا ایک روزہ دورہ کیا اور قومی شاہراہ این 45 پر جاری ترقیاتی کاموں کا معائنہ کیا، اس موقع پر وفاقی سیکرٹری مواصلات، چیئرمین این ایچ اے اور مقامی حکام نے انہیں منصوبوں پر بریفنگ دی۔عبدالعلیم خان نے مستوج، شندور اور چترال سے کالاش جانے والی شاہراہوں کی تعمیر میں تاخیر پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کام کی جلد تکمیل کی ہدایت کی۔وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ این ایچ اے چترال کے شہریوں کو بہترین سفری سہولیات فراہم کرے، عوام کو محسوس ہونا چاہیے کہ ادارہ ان کی آسانی اور بہتر انفرااسٹرکچر کیلئے کام کر رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ چترال جیسے علاقے کو بہتر روڈ نیٹ ورک کے ذریعے سیاحت کا مرکز بنایا جاسکتا ہے، شمالی علاقوں کے دشوار گزار راستوں کو آسان بنانا ملکی معیشت کیلئے ضروری ہے۔دورے کے دوران چترال کے عمائدین نے این ایچ اے سے متعلق شکایات بھی پیش کیں، جس پر وفاقی وزیر نے فوری نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ حکام کو شہریوں کے مسائل حل

پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کیلئے بالکل تیار ہیں، عظمیٰ بخاری

لاہور(جی این ایم) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ وزیر اعظم شہباز شریف اتحادی جماعتوں کو لے کر چل رہے ہیں، وزیر اعظم پر ذمے داری بھی بڑی ہوتی ہے۔اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ ہمیں اہم ایشو کو متنازع نہیں بننے دینا، کوئی ہمیں نہیں بتا سکتا کہ اہم ایشو پر لائن کیسے لینی ہے۔وزیر اطلاعات پنجاب نے کہا کہ ماضی میں پنجاب میں جتنے بھی الیکشن ہوئے وہ ن لیگ نے کرائے۔عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ الیکشن کمیشن نے بلدیاتی انتخاب کا شیڈول دینا ہے، ہم پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کیلئے بالکل تیار ہیں۔ان کا کہنا ہے کہ حلقوں میں بلدیاتی امیدواروں کو تلاش کر رہے ہیں۔

صحبت پور کا دلیر فرزند بشیر احمد کھوسو نوشکی میں دہشت گردوں سے لڑتے ہوئے شہید

آبائی قبرستان میں سپرد خاک، شہید کو ایف سی دستے نے گارڈ آف آنر پیش کیا

صحبت پور(یو این اے) ضلع صحبت پور کی تحصیل فرید آباد کے علاقے چٹن پٹی سے تعلق رکھنے والا فرنٹیئر کور (ایف سی) کا دلیر نوجوان بشیر احمد کھوسو نوشکی میں دہشت گردوں سے بہادری سے لڑتے ہوئے جامِ شہادت نوش کر گیا۔حکام کی جانب سے ضروری کارروائی کے بعد شہید کا جسدِ خاکی ورثا کے حوالے کیا گیا، جو آبائی علاقے پہنچنے پر فضا سوگوار ہونے کے ساتھ ساتھ پاکستان زندہ باد کے فلک شگاف نعروں سے گونج اٹھی۔شہید کی نمازِ جنازہ میں مقامی ایف سی افسران، سندھ سے تعلق رکھنے والے حر فقرا اور علاقہ مکینوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی، جس کے بعد انہیں پورے فوجی اعزاز کے ساتھ آبائی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔تدفین کے موقع پر ایف سی کے چاق و چوبند دستے نے شہید کو گارڈ آف آنر اور سلامی پیش کی، جبکہ شہید کی قبر پر چیف آف آرمی اسٹاف فیلڈ مارشل، کور کمانڈر اور آئی جی ایف سی بلوچستان کی جانب سے پھولوں کے گلدستے چڑھائے گئے۔ضلع صحبت پور کی تحصیل فرید آباد کے علاقے چٹن پٹی سے تعلق رکھنے والا فرنٹیئر کور (ایف سی) کا دلیر نوجوان بشیر احمد کھوسو نوشکی میں دہشت گردوں سے بہادری سے لڑتے ہوئے جامِ شہادت نوش کر گیا۔حکام کی جانب سے ضروری کارروائی کے بعد شہید کا جسدِ خاکی ورثا کے حوالے کیا گیا، جو آبائی علاقے پہنچنے پر

کوئٹہ، ایوا جی الائنس اور عورت فاؤنڈیشن بلوچستان کی جانب سے یاسمین مغل، امبرین یوسف، فاطمہ خان، بہرام لہڑی، طاہر رشید، زارا حسن، وطن یار خلجی، بہرام بلوچ، سمیع شارک پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پاکستان اور بنگلہ دیش برادرانہ تعلقات کے مضبوط رشتوں میں بندھے ہوئے ہیں، ایاز صادق

دونوں ممالک کے درمیان پارلیمانی روابط کا فروغ دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے میں اہم کردار ادا کرے گا

بنگلہ دیشی سپیکر اور اعلی سطحی وفد کی پاکستان آمد باعثِ مسرت ہے، بنگلہ دیشی سپیکر حافظ الدین کی اعلی سطحی پارلیمانی وفد کے ہمراہ پاکستان آمد

اسلام آباد(جی این ایم) بنگلہ دیش کے سپیکر حافظ الدین احمد بیر بکرم اعلیٰ سطحی پارلیمانی وفد کے ہمراہ پاکستان پہنچ گئے، وہ سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی خصوصی دعوت پر پاکستان کا دورہ کر رہے ہیں۔سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے بنگلہ دیشی ہم منصب اور ان کے وفد کا پرتپاک استقبال کیا، پاک۔بنگلہ دیش پارلیمانی فرینڈشپ گروپ کی کنوینز ڈاکٹر شازیہ ثوبیہ اسلم سومرو بھی موجود تھیں۔اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا کہ بنگلہ دیشی پارلیمانی وفد کا دورہ دونوں برادر ممالک کے مابین پارلیمانی تعلقات کے ایک نئے دور کا آغاز ہے، بنگلہ دیشی اسپیکر کا دور پاکستان پارلیمانی روابط کے فروغ کے حوالے سے ایک تاریخی سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے، بنگلہ دیش کے کسی سپیکر کا پاکستان کا یہ پہلا دورہ ہے۔سردار ایاز صادق نے کہا کہ بنگلہ دیشی سپیکر اور اعلیٰ سطحی وفد کی پاکستان آمد باعثِ مسرت ہے، پاکستان اور بنگلہ دیش مشترکہ تاریخ، ثقافت اور برادرانہ تعلقات کے مضبوط رشتوں میں

سعودی ولی عہد کا امیر کویت سے رابطہ، خطے کی تازہ صورتحال پر تبادلہ خیال

ڈائیلاگ آگے بڑھانے اور نئے شعبوں میں وسعت کیلئے کوشاں ہیں، قطری وزیراعظم سے امریکی وزیر خارجہ کی ملاقات

ریاض، دوحہ(جی این ایم) سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان اور کویت کے امیر شیخ مشعل الاحمد الجابر الصباح کے درمیان ٹیلی فونک رابطہ ہوا ہے۔سعودی سرکاری خبر رساں ادارے کے مطابق دونوں رہنماؤں نے گفتگو کے دوران قریبی تعلقات اور خطے میں ہونے والی تازہ ترین پیش رفت پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا، ایک دوسرے کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان نے امیر کویت کو خادم الحرمین الشریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز کی جانب سے تہنیتی پیغام اور نیک تمنائیں بھی پہنچائیں۔دریں اثنا قطر کے وزیراعظم محمد بن عبدالرحمان سے امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے ملاقات کی۔اس موقع پر قطری وزیراعظم نے کہا کہ امریکی وزیر خارجہ سے تعمیری مذاکرات ہوئے، ڈائیلاگ آگے بڑھانے اور نئے شعبوں میں وسعت کیلئے کوشاں ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ نئے شعبوں میں وسعت کا مقصد دونوں ممالک کے مفادات اور امنگوں کو پورا کرنا ہے۔سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان اور کویت کے امیر شیخ مشعل الاحمد الجابر الصباح کے درمیان ٹیلی فونک رابطہ ہوا ہے۔سعودی سرکاری خبر رساں ا

ہمیں اپوزیشن کی دعوت دینے والی پی ٹی آئی پہلے خود تو اپوزیشن کرلے: نیئر بخاری

اسلام آباد(اے این این) پیپلز پارٹی کے سیکریٹری جنرل نیئر بخاری نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی ہمیں اپوزیشن کی دعوت دینے سے پہلے خود تو اپوزیشن کر لے، نہ تو یہ پارلیمان میں اپوزیشن کا کردار ادا کرتی نظر آتی ہے نہ پارلیمان کے باہر۔نیئر بخاری نے پی ٹی آئی کی مشروط اتحاد کی پیشکش پر جواب دیتے ہوئے کہا ہے کہ پی ٹی آئی صرف نعرے بازی نہیں، سیاسی ایجنڈا لے کر آئے۔انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کا صرف بانی پی ٹی آئی کی رہائی کا مطالبہ ہے، اب تو اس کے بس میں ہنگامہ آرائی بھی نہیں رہی، بلاول بھٹو نے تحریک انصاف کو قائمہ کمیٹیوں میں واپسی کی دعوت دے رکھی ہے، تاہم اس نے تاحال بلاول بھٹو کی دعوت کا جواب نہیں دیا۔پیپلز پارٹی کے

نورس اٹلانٹک پی آئی اے کو طیارہ فراہم کرنے سے قاصر، فلائٹ آپریشن متاثر ہونے کا خدشہ

پی آئی اے نے اپنے فلائٹ شیڈول میں تبدیلیوں کی تیاری شروع کردی، رپورٹ

کراچی(جی این ایم) ناروے کی فضائی کمپنی نورس اٹلانٹک کو درپیش مالی مشکلات نے قومی ایئرلائن (پی آئی اے) کیلئے بھی نئی پریشانی کھڑی کردی، لیز پر حاصل کئے گئے طیارے کی عدم دستیابی کے باعث برطانیہ اور یورپ کے فضائی آپریشن میں خلل پڑنے کا خدشہ ہے۔ذرائع کے حوالے سے میڈیا رپورٹ مطابق نورس اٹلانٹک کے ذریعے یورپی روٹس پر چلنے والی پروازوں کے آپریشن میں مشکلات سامنے آرہی ہیں، جس کے پیش نظر پی آئی اے نے اپنے فلائٹ شیڈول میں تبدیلیوں کی تیاری شروع کردی ہے۔اس سلسلے میں 23 نومبر کو بوئنگ 777 کے پائلٹس اور فضائی عملے کو داخلی ہدایات بھی جاری کی گئیں۔ذرائع کا کہنا ہے کہ اسلام آباد سے مانچسٹر جانے والی پیر کی پرواز کیلئے نورس اٹلانٹک کا لیز پر حاصل کردہ طیارہ دستیاب نہیں ہوسکا جس کے باعث پی آئی اے کو اپنا بوئنگ 777 ہنگامی طور پر استعمال کرنا پڑا۔دوسری جانب لندن سے اسلام آباد آنے والی پرواز پی کے 786 میں بھی دو گھنٹے سے زائد تاخیر کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔فلائٹ ریڈار 24 کے مطابق 24 اور 25 نومبر کو

علی پور میں والد نے مبینہ طور پر 2 کمسن بیٹیوں کو قتل کردیا

علی پور(جی این ایم) علی پور میں تھانہ سیت پور کے علاقے میں والد نے مبینہ طور پر 2 کمسن بیٹیوں کو قتل کر دیا۔پولیس کے مطابق تھانہ سیت پور میں موضع کجی لال میں یونس نامی شخص نے اپنی دو بیٹیوں نصرت اور عائشہ کا گلا کاٹ کر قتل کیا، ملزم نے بیوی نسیم کو چھریاں مار کر زخمی کر دیا، بعدازاں خودکشی کی کوشش بھی کی۔حکام کا کہنا ہے کہ موضع کجی لال میں یونس کی 5 بیٹیاں پیدا ہوئیں۔قریبی رشتہ دار کے مطابق ملزم کی بیوی پھر حاملہ ہوئی تو چیک اپ پر بیٹی ہونے کا پتہ چلا تھا۔علی پور میں تھانہ سیت پور کے علاقے میں والد نے مبینہ طور پر 2 کمسن بیٹیوں کو قتل کر دیا۔پولیس کے مطابق تھانہ سیت پور میں موضع کجی

کراچی: گلستانِ جوہر میں بھائی نے چھریوں کے وار کرکے بڑے بھائی کو قتل کردیا

جنریٹر کی دکان پر دونوں بھائیوں کے درمیان گھریلو تنازع پر تلخ کلامی ہوئی تھی، پولیس

کراچی(اے این این) گلستانِ جوہر کامران چورنگی کے قریب بھائی نے چھریوں کے وار کرکے بڑے بھائی کو قتل کردیا۔پولیس کے مطابق جنریٹر کی دکان پر دونوں بھائیوں کے درمیان گھریلو تنازع پر تلخ کلامی ہوئی، تلخ کلامی کے دوران چھوٹے بھائی نے بڑے بھائی پر تیز دھار آلے سے پے در پے وار کیے۔چھریوں کے وار سے زخمی شخص کو اسپتال منتقل کیا گیا جہاں وہ دم توڑ گیا، جاں بحق شخص کی شناخت شہزاد کے نام سے ہوئی۔واقعے کے بعد پولیس نے مبینہ ملزم فیصل کو حراست میں لیکر تھانے منتقل کردیا، ملزم فیصل کے قبضے سے واردات میں استعمال ہونے والا چاقو بھی برآمد کرلیا گیا۔گلستانِ جوہر کامران چورنگی کے قریب بھائی نے چھریوں کے وار کرکے بڑے بھائی کو قتل کردیا۔پولیس کے مطابق جنریٹر کی دکان پر دونوں بھائیوں کے درمیان گھریلو تنازع پر تلخ کلامی ہوئی، تلخ کلامی کے دوران چھوٹے بھائی نے بڑے بھائی پر تیز دھار آلے سے پے در پے وار کیے۔چھریوں کے وار سے زخمی شخص کو اسپتال منتقل کیا گیا جہاں وہ دم توڑ گیا، جاں بحق شخص کی شناخت شہزاد کے نام سے ہوئی۔واقعے کے بعد پولیس نے مبینہ

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر سردار کوہیار خان ڈومکی ملاقات کر رہے ہیں

حماس رہنما کو چہل قدمی کے دوران اسرائیل نے ڈرون حملے کا نشانہ بنا کر شہید کردیا

غزہ (اے این این) غزہ میں امریکی ثالثی میں ہونے والی جنگ بندی کے باوجود اسرائیلی حملوں کا سلسلہ جاری ہے جس میں حماس رہنما متعدد فلسطینیوں کو نشانہ بنایا گیا۔الجزیرہ کی رپورٹ کے مطابق حماس رہنما 50 سالہ نعیم ابونہل کو غزہ کی پٹی میں عین اس وقت ڈرون حملے کا نشانہ بنایا گیا جب وہ اپنے دفتر کے قریب سڑک پر پیدل جا رہے تھے۔اس حملے میں نعیم ابونہل شہید ہو گئے وہ حماس کے داخلی سلامتی کے ادارے کے ڈائریکٹر جنرل تھے۔حملے میں متعدد افراد زخمی بھی ہوئے جنہیں الشفا اسپتال منتقل کیا گیا۔حماس ذرائع نے بھی نعیم ابونہل کی شہادت ہلاکت کی تصدیق کی جبکہ اسرائیلی فوج اور داخلی خفیہ ادارے شن بیت نے مشترکہ بیان میں دعویٰ کیا کہ انھوں نے غزہ

ایل پی جی کی نئی پرائسنگ پالیسی اسلام آباد ہائیکورٹ میں چیلنج، ابتدائی دلائل پر فیصلہ محفوظ

ایڈیشنل اٹارنی جنرل کی ایل پی جی پرائسنگ پالیسی گائیڈ لائنز کی معطلی کی مخالفت

اسلام آباد(جی این ایم) ایل پی جی ڈسٹری بیوٹرز نے وفاقی حکومت کی نئی پرائسنگ پالیسی کو آئینی بنیادوں پر اسلام آباد ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیا، جس پر ابتدائی دلائل کے بعد عدالت نے فیصلہ محفوظ کرلیا۔جسٹس خادم حسین سومرو نے ایل پی جی ڈسٹری بیوٹرز کی درخواست پر سماعت کی۔ایل پی جی ڈسٹری بیوٹرز کی طرف سے وکیل اظہر صدیق جبکہ وفاقی حکومت کی جانب سے ایڈیشنل اٹارنی جنرل راشد حفیظ بھی عدالت میں پیش ہوئے۔وکیل درخواست گزار نے ایل پی جی گائیڈ لائنز معطل کرنے کی استدعا کی جس پر ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے ایل پی جی پرائسنگ پالیسی گائیڈ لائنز کی معطلی کی مخالفت کرتے ہوئے استدعا کی کہ عبوری حکم کے ذریعے پالیسی کے نفاذ کو نہ روکا جائے۔درخواست گزاروں کی معاونت کیلئے اٹارنی جنرل کو نوٹس جاری کرنے کی استدعا بھی کی گئی۔وکیل درخواست گزار نے دلائل دیئے کہ متنازع ایل پی جی پرائسنگ گائیڈ لائنز کے نفاذ اور عمل درآمد کو معطل کیا جائے، حتمی فیصلے تک اوگرا کو ان گائیڈ لائنز کے تحت کسی بھی کارروائی سے روکا جائے۔وکیل درخواست گزار نے

وزیراعظم کی پاکستانی خلاباز کو چینی اسٹیشن سے خلائی سفر پر روانگی کی مبارک باد

اسلام آباد(اے این این) وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستانی خلاباز ذیشان علی کی چین کے شینزو 24- مشن کے ذریعے تیانگونگ خلائی اسٹیشن سے خلائی سفر پر روانگی پر قوم کو مبارکباد پیش کی ہے۔اپنے بیان میں وزیراعظم نے کہا کہ آج پاکستان نے ستاروں سے آگے کا سفر شروع کر دیا ہے یہ صرف ایک خلاباز کا سفر نہیں، بلکہ 24 کروڑ پاکستانیوں کا سفر ہے، یہ ہماری نوجوان نسل، ہمارے سائنسدانوں اور ہمارے خوابوں کا سفر ہے۔وزیراعظم نے کہا کہ ذیشان علی اور خرم داد دونوں نے بے مثال محنت، نظم و ضبط اور لگن سے چین میں تربیت مکمل کی، پاکستان تیانگونگ خلائی اسٹیشن سے جانے والا چین کے بعد دنیا کا پہلا ملک بنے گا، یہ پاکستان اور چین کی آہنی دوستی

کوئٹہ، نیشنل پارٹی کے مرکزی سینئر نائب صدر میر شاوس بزنجو پی ایف یو جے کی کال پر بی یو جے اور کوئٹہ پریس کلب کے زیر اہتمام صحافیوں کی جبری برطرفیوں اور بیوروز کی بندش کیخلاف پریس کلب کے سامنے احتجاجی کیمپ میں خطاب کر رہے ہیں

امریکا اور اسرائیل مسلط کردہ جنگوں کے باوجود اپنے مقاصد میں ناکام رہے، عباس عراقچی

ان کا مطالبہ غیر مشروط ہتھیار ڈالنے سے تبدیل ہو کر غیر مشروط مذاکرات اور سفارت کاری پر آگیا، ایرانی وزیر خارجہ

تہران (جی این ایم) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ گزشتہ دو برسوں میں مسلط کردہ جنگوں کے باوجود امریکا اور اسرائیل اپنے مقاصد میں ناکام رہے۔ایرانی میڈیا کے مطابق وزیر خارجہ عباس عراقچی نے بیان میں کہا ہے کہ امریکا اور اسرائیل نے گزشتہ دو برسوں کے دوران مسلط کردہ 12 روزہ اور 40 روزہ جنگوں میں ایران کو غیر مشروط طور پر جھکانے، حکومت کی تبدیلی اور ملک کو تقسیم کرنے کی ہر ممکن سازش کی۔عباس عراقچی نے کہا کہ ایرانی قوم کی مزاحمت اور جوابی کارروائیوں کے سامنے وہ اپنے مقاصد حاصل کرنے میں مکمل طور پر ناکام رہے اور ان کا مطالبہ غیر مشروط ہتھیار ڈالنے سے تبدیل ہو کر غیر مشروط مذاکرات اور سفارت کاری پر آگیا۔اپنے بیان میں انہوں نے یورپی اور بعض علاقائی ممالک کی جانب سے امریکی طیاروں کو فضائی اڈے فراہم کرنے اور ایران مخالف پابندیوں میں شامل ہونے کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ اس سب کے باوجود کوئی بھی طاقت ایرانی قوم کو شکست نہیں دے سکی۔انہوں نے ملکی معاشی خودمختاری کے استحکام کیلئے سفارت کاری سے بھرپور فائدہ اٹھانے اور ہمسایہ ممالک کے

لورالائی: گرلز پرائمری اسکول شین آباد کی بحالی کے بعد افتتاح

لورالائی (خ ن) علاقے راغہ زنگیوال میں گورنمنٹ گرلز پرائمری اسکول شین آباد کی تزئین و آرائش اور بحالی کے بعد افتتاحی تقریب منعقد ہوئی، جس کے مہمانِ خصوصی اسسٹنٹ کمشنر بوری احمد زیب کاکڑ تھے، جنہوں نے اسکول میں مکمل ہونے والے ترقیاتی کاموں کا باقاعدہ افتتاح کیا اس موقع پر عبید ترین اور ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر لورالائی عبدالرزاق بھی ان کے ہمراہ موجود تھے اسکول کی عمارت کی مرمت و بحالی کے ساتھ طالبات کی بنیادی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے نیا واش روم بھی تعمیر کیا گیا ہے۔یہ تمام ترقیاتی کام ایجوکیشن سپورٹ پروگرام (ESP) کے تحت یونیسف (UNICEF) کے تعاون سے مکمل کیے گئے ہیں افتتاحی تقریب

کوئٹہ، کوئٹہ: قراقرم انٹرنیشنل یونیورسٹی گلگت بلتستان کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق اور جامعہ بلوچستان کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ظہور احمد بازئی ایک مفاہمتی یادداشت پر دستخط کر رہے ہیں

غزہ جنگ کے بعد 19ہزار 600 سے زائد اسرائیلی فوجی نفسیاتی مسائل کا شکار

غزہ(اے این این) غزہ میں جنگ شروع ہونے کے بعد سے 19ہزار 600 سے زائد اسرائیلی فوجی اور سیکیورٹی اہلکار ذہنی صحت سے متعلق مسائل کے علاج کے لیے حکام سے رجوع کر چکے ہیں۔اسرائیلی وزارتِ دفاع کے تازہ اعداد و شمار کے مطابق 7 اکتوبر 2023 سے اب تک 31 ہزار 500 سے زائد زخمی فوجیوں اور سیکیورٹی اہلکاروں نے وزارت کے بحالی کے شعبے سے علاج حاصل کیا ہے، جن میں سے تقریبا 62 فیصد یعنی 19 ہزار 600 افراد نفسیاتی مسائل سے دوچار ہیں۔10 ہزار 100 افراد صرف نفسیاتی مسائل کا سامنا کر رہے ہیں۔9 ہزار 400 افراد جسمانی چوٹوں کے ساتھ نفسیاتی مسائل کا بھی شکار ہیں۔ان مسائل میں پوسٹ

عمان کی سماجی و اقتصادی ترقی میں پاکستانی و عمانی کمیونٹی کا کردار قابل تحسین ہے، علی پرویز

پاکستان اور عمان کے عوام کے درمیان مضبوط روابط دونوں ممالک کی دوستی کا اہم سرمایہ ہیں

مسقط (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر برائے پیٹرولیم علی پرویز ملک نے پاکستان اور عمان کے درمیان دیرینہ دوستانہ تعلقات مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان اور عمان کے عوام کے درمیان مضبوط روابط دونوں ممالک کی دوستی کا اہم سرمایہ ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے مسقط میں پاکستان سکول کے زیر اہتمام عمان کے 56ویں قومی دن کی تقریب سے بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر وفاقی وزیر نے عمان کے سلطان ہیثم بن طارق اور عوام کو قومی دن پر مبارکباد پیش کی۔انہوں نے کہا کہ پاکستان اور عمان کے عوام کے درمیان مضبوط روابط دونوں ممالک کی دوستی کا اہم سرمایہ ہیں، پاکستانی و عمانی کمیونٹی دونوں ممالک کے درمیان دوستی کے پل کا کردار ادا کر رہی ہے۔علی پرویز ملک نے کہا کہ عمان میں پاکستان سکولز سسٹم کی مسلسل معاونت پر وزارت تعلیم عمان کے شکر گزار ہیں، عمان کی سماجی و اقتصادی ترقی میں پاکستانی و عمانی کمیونٹی کا کردار قابل تحسین ہے۔وفاقی وزیر نے کہا کہ بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی فلاح و بہبود حکومت پاکستان کی ترجیحات

میں اس وقت ریاستی حصار میں ہوں، مولانا فضل الرحمان

کارکنوں کو جبر کا نشانہ بنایا جارہا ہے، سربراہ جمعیت علماء اسلام

لاہور(سی ایم لنکس) جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن نے کہا ہے کہ میں اس وقت ریاستی حصار میں ہوں، ہمارے کارکنوں کو ریاستی جبر کا نشانہ بنایا جارہا ہے۔لاہور ہائیکورٹ بار کے وکلا سے بذریعہ ویڈیو لنک خطاب کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمٰن نے کہا کہ پورا لاہور شہر ریاستی رکاوٹوں سے بھرا ہوا ہے، تمام راستے بند ہیں، ناکے لگے ہوئے ہیں، ایک مہذب شہری کو دانشوروں کی محفل میں جانے سے روکا جارہا ہے، ریاستی جبر اور رکاوٹوں نے مجھے لاہور ہائی کورٹ بار کے وکلا سے براہِ راست مخاطب ہونے سے محروم رکھا۔مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ جبر کو کبھی دوام حاصل نہیں ہوتا لیکن صبر کو پوری تاریخ میں ہمیشہ دوام حاصل رہا ہے، ہم ملک میں امن کے داعی ہیں، قیامِ امن کے لیے ہمیشہ اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا ہے، ہم کسی حکمران یا ریاستی ادارے سے وطن سے وفا کا سرٹیفکیٹ لینے نہیں آئے۔امیر جے یو آئی نے کہا کہ پاکستان کے ساتھ ہماری وفاداریاں شک و شبہ سے بالاتر ہیں، ان شاءاللہ اُن کی سازشیں بے نقاب ہوں گی، جمعیت علمائے اسلام کا ایک ایک کارکن

چیف جسٹس پاکستان سے سابق صدر سوئٹزرلینڈ کی ملاقات، جیل اصلاحات پر گفتگو

اسلام آباد(اے این این) چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی سے سوئٹزرلینڈ کی سابق صدر روتھ ڈریفس نے ملاقات کی، روتھ ڈریفس گلوبل کمیشن آن ڈرگ پالیسی کی سٹیئرنگ کمیٹی کی رکن بھی ہیں۔ملاقات میں قومی کمیشن برائے انسانی حقوق کی چیئرپرسن رابعہ جویری آغا اور ان کے وفد سمیت ڈی جی ریفارمز سپریم کورٹ، ڈی جی وفاقی عدالتی اکیڈمی اور سیکرٹری لا اینڈ جسٹس کمیشن آف پاکستان نے شرکت کی۔ملاقات میں فوجداری نظامِ انصاف میں اصلاحات، جیلوں میں گنجائش سے زائد قیدیوں اور انصاف تک رسائی میں حائل رکاوٹوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔خواتین، بچوں اور منشیات پر انحصار کرنے والے افراد کے حقوق کے تحفظ پر بھی

نئے صوبوں کے قیام کیلئے آئینی طریقہ کار پر عمل ضروری ہے، ملک احمد خان

آئین پاکستان میں اس کیلئے واضح طریقہ کار موجود ہے، آئینی اور سیاسی دونوں پہلوؤں سے بحث ہونی چاہیے

لاہور(جی این ایم) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک احمد خان نے کہا ہے کہ نئے صوبوں کے قیام کیلئے آئین میں واضح طریقہ کار موجود ہے۔طلبہ یونینز نوجوانوں میں قیادت پیدا کرنے کا اہم ذریعہ بن سکتی ہیں، جبکہ پنجاب کی تقسیم کے لئے متعلقہ صوبائی اسمبلی سے دو تہائی اکثریت سے منظوری لینا آئینی تقاضا ہے، ریفرنڈم اس کا متبادل نہیں بن سکتا۔میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ملک محمد احمد خان نے کہا ہے کہ نئے صوبوں کے قیام کے معاملے پر آئینی اور سیاسی دونوں پہلوؤں سے بحث ہونی چاہیے۔ملک محمد احمد خان نے کہا کہ طلبہ یونینز کے ذریعے جامعات میں ایسی نسل تیار کی جاسکتی ہے جو مستقبل میں اپنے اپنے شعبوں میں قیادت کا کردار ادا کرے۔نوجوانوں کی تربیت اور مستقبل کی قیادت تیار کرنے کیلئے طلبہ یونینز اہم کردار ادا کرسکتی ہیں۔نئے صوبوں کے قیام کے حوالے سے ملک محمد احمد خان نے کہا کہ آئین پاکستان میں اس کیلئے واضح طریقہ کار موجود ہے۔آئین کے تحت قومی اور صوبائی اسمبلیوں کو آئینی ترمیم کا اختیار حاصل ہے۔آرٹیکل 239 کی شق ایک اور دو کے تحت آئینی ترمیم کیلئے

نومبر کا سپر مون آج رات 7 بج کر 53 منٹ پر مکمل ہوگا

صاف آسمان کی صورت میں سپر مون کا نظارہ عام آنکھ سے بھی با آسانی دیکھا جا سکے گا

اسلام آباد(اے این این) نومبر کا سپر مون پاکستانی معیاری وقت کے مطابق آج رات 7 بج کر 53 منٹ پر مکمل ہوگا۔نومبر کے اس مکمل چاند کو بیور مون (MoonBeaver) بھی کہا جاتا ہے، صاف آسمان کی صورت میں سپر مون کا نظارہ عام آنکھ سے بھی با آسانی دیکھا جا سکے گا۔ماہرین کے مطابق چاند زمین کے گرد بیضوی مدار میں گردش کرتا ہے، اس مدار میں ایک مقام ایسا ہوتا ہے جہاں چاند زمین کے سب سے قریب ہوتا ہے جسے پیریجی کہا جاتا ہے۔جب مکمل چاند اس مقام کے قریب ہو تو اسے سپر مون کہا جاتا ہے۔نومبر کا سپر مون پاکستانی معیاری وقت کے مطابق آج رات 7 بج کر 53 منٹ پر مکمل ہوگا۔نومبر کے اس مکمل چاند کو بیور مون (MoonBeaver) بھی کہا جاتا ہے، صاف آسمان کی صورت میں سپر مون کا نظارہ عام آنکھ سے بھی با آسانی دیکھا جا سکے گا۔ماہرین کے مطابق چاند زمین کے گرد بیضوی مدار میں گردش کرتا ہے، اس مدار میں ایک مقام ایسا ہوتا ہے جہاں چاند زمین کے سب سے قریب ہوتا ہے جسے پیریجی کہا جاتا ہے۔جب مکمل چاند اس مقام کے قریب ہو تو اسے

پنجاب اسمبلی میں ممتاز چانگ کا احتجاج، اپوزیشن میں بیٹھنے کی دھمکی دے دی

لاہور (اے این این) پنجاب اسمبلی کے اجلاس میں پیپلز پارٹی کے رکن اسمبلی ممتاز چانگ کو بات کرنے کی اجازت نہ ملنے پر ایوان میں احتجاج، ممتاز چانگ نے اپوزیشن میں بیٹھنے کی دھمکی دے دی۔پینل آف چیئرپرسن ملک ارشد نے ممتاز چانگ کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ آپ کی بات سن لی ہے، اپنی نشست پر جا کر بیٹھیں، جس پر ممتاز چانگ نے احتجاج کرتے ہوئے کہا کہ صبح سے ایوان میں بیٹھے ہیں، کیا ہم بھیک مانگنے آئے ہیں؟ ہمیں بات کرنے کی اجازت نہیں دی جاتی۔ممتاز چانگ نے کہا کہ جب ہماری قیادت حکم کرے گی تو ہم اپوزیشن میں بیٹھ جائیں گے، اگر اپوزیشن میں بیٹھ گئے تو پھر اپوزیشن کر کے دکھائیں گے اور آپ کی حکومت

پنجاب اسمبلی میں نہری نظام جدید خطوط پر استوار کرنے کی تجویز پیش

نہروں کا پرانا نظام ختم کرکے جدید نہری نظام متعارف کرانے کی ضرورت ہے

لاہور(اے این این) پنجاب اسمبلی کے اجلاس میں حکومتی رکن احسن رضا خان نے نہری نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے کی تجویز دیتے ہوئے کہا ہے کہ نہروں کا پرانا نظام ختم کرکے جدید نہری نظام متعارف کرانے کی ضرورت ہے۔احسن رضا خان کا کہنا تھا کہ نہروں کی بحالی نہ ہونے کے باعث پانی ضائع ہورہا ہے جبکہ کسانوں کے ٹیوب ویلز کے ذریعے زیرزمین پانی کی سطح مسلسل گر رہی ہے، زیرزمین پانی کی گرتی سطح زراعت کے لیے انتہائی تشویشناک ہے۔انہوں نے کہا کہ نہری نظام کی بحالی کے بغیر پانی کے مسائل حل نہیں ہو سکتے، دنیا جدید ٹیکنالوجی میں آگے نکل گئی لیکن ہمارا نہری نظام آج بھی پرانا ہے اور روایتی ودستی طریقہ کار کے تحت چلایا جارہا ہے۔احسن رضا خان نے کہا کہ 1952 سے آج تک ہم اپنے نہری نظام کو جدید خطوط پر استوار نہیں کرسکے، نہروں کی پختگی اور بحالی سے پانی کی بڑی مقدار بچائی جا سکتی ہے۔پنجاب اسمبلی کے اجلاس میں حکومتی رکن احسن رضا خان نے نہری نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے کی تجویز دیتے ہوئے کہا ہے کہ نہروں کا پرانا نظام ختم کرکے جدید نہری نظام

پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹ کی کال پر بلوچستان یونین آف جرنلسٹس اور کوئٹہ پریس کلب کے زیر اہتمام احتجاجی دھرنے کے شرکاء سے انسانی حقوق کمیشن کے وائس چیئرمین ظہور احمد شاہوانی خطاب کر رہے ہیں

دکی کے رہائشی وڈیرہ عیسیٰ خان مری، جاوید خان، امان اللہ اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

شمالی غزہ میں اسرائیلی فوج کی دہشت گردی، رہائشی عمارتیں تباہ 3 امدادی کارکن شہید

امدادی قافلے پر حملہ اسرائیلی جنگی جرائم میں نیا اضافہ ہے، حماس کی مذمت

غزہ (جی این ایم) غزہ میں اسرائیلی فوج کے حملے جاری، شمالی غزہ میں رہائشی عمارتیں دھماکوں سے تباہ کردی گئیں، کھانا تقسیم کرنے والی گاڑی پر حملے میں تین امدادی کارکن شہید ہو گئے۔عرب میڈیا کے مطابق اسرائیلی فوج نے شمالی غزہ کے زیرِ قبضہ علاقوں میں رہائشی عمارتوں کو دھماکوں سے تباہ کر دیا، جنوبی غزہ کے علاقے المواصی میں بے گھر فلسطینیوں کے کیمپ پر بھی حملہ کیا گیا۔دوسری جانب غزہ میں شہریوں اور امدادی کارکنوں کو بھی نشانہ بنایا گیا، اسرائیلی فوج نے کھانا تقسیم کرنے والی گاڑی پر بمباری کرکے اسے تباہ کردیا، حملے میں تین امدادی کارکن شہید ہوگئے۔حماس نے مدادی قافلے پر حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھوک اور محاصرے کے دوران امدادی گاڑی کو نشانہ بنانا اسرائیلی درندگی کی نئی مثال ہے، یہ کارروائی شہریوں اور انسانی امدادی سرگرمیوں کو نشانہ بنانے کے تسلسل کا ثبوت ہے۔حماس نے ثالثوں اور ضامن فریقوں سے مطالبہ کیا ہے کہ صورتحال پر غور کے لیے فوری اجلاس بلایا جائے غزہ میں اسرائیلی فوج کے حملے جاری، شمالی غزہ میں رہائشی عمارتیں دھماکوں سے تباہ کردی گئیں، کھانا تقسیم کرنے والی گاڑی پر حملے میں تین امدادی کارکن شہید ہو گئے۔عرب میڈیا کے مطابق اسرائیلی فوج نے شمالی غزہ کے زیرِ قبضہ علاقوں میں رہائشی عمارتوں کو دھماکوں سے تباہ کر دیا، جنوبی غزہ کے علاقے المواصی میں بے گھر فلسطینیوں کے کیمپ پر بھی حملہ کیا گیا۔دوسری جانب غزہ

ایران کے سپریم لیڈر کا آبادی بڑھانے پر زور، جلد شادی اور زیادہ بچوں کی اپیل

تہران (اے این این) ایران کے سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای نے ملک میں آبادی بڑھانے پر زور دیتے ہوئے شہریوں کو جلد شادی، بہتر صحت، بچوں کی پیدائش اور خاندانی نظام کو مضبوط بنانے کی ترغیب دی ہے۔سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری پیغام کے مطابق مجتبیٰ خامنہ ای نے چوتھے قومی آبادی میں اضافے کے ایوارڈ کی تقریب کے نام اپنے پیغام میں کہا کہ آبادی میں اضافہ ایران کی سائنسی، ثقافتی، اقتصادی اور سماجی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے میں مددگار ثابت ہوگا۔انہوں نے آبادی میں اضافے کو دشمنوں کے خطرات اور عزائم کا مقابلہ کرنے سے بھی جوڑا اور کہا کہ ملک کے روشن مستقبل کے خواہش مند ایرانیوں کو آئندہ نسلوں کے تسلسل کو یقینی بنانے میں اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ایرانی سپریم لیڈر نے اس مقصد کو ایک ''نئی اسلامی تہذیب'' کے

ڈپٹی کمشنر نصیر آباد وریندر لعل کی زیرِ صدارت انسدادِ پولیو مہم کا جائزہ اجلاس

پولیو کا خاتمہ مشترکہ قومی ذمہ داری ہے، مہم میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی: ڈپٹی کمشنر نصیر آباد

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد وریندر لعل کی زیرِ صدارت آج انسدادِ پولیو مہم کے سلسلے میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ایس ایس پی نصیر آباد، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر ایاز حسین جمالی، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر حبیب اللہ پندرانی سمیت محکمہ صحت اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی اجلاس میں ضلع بھر میں پولیو مہم کی تیاریوں انتظامات اور مہم کو کامیابی سے ہمکنار کرنے کے لیے کیے جانے والے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اس موقع پر گزشتہ پولیو مہم کی مجموعی کارکردگی فیلڈ ٹیموں کو درپیش مشکلات بچوں تک رسائی والدین کے تعاون انکاری والدین کو قائل کرنے اور حساس علاقوں میں درپیش چیلنجز پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اجلاس کو بتایا گیا کہ پولیو جیسے موذی مرض کے مکمل خاتمے کے لیے ضروری ہے کہ تمام متعلقہ محکمے باہمی رابطے اور مربوط حکمت عملی کے تحت اپنی ذمہ داریاں ادا کریں اس سلسلے میں پولیو ٹیموں کی مؤثر مانیٹرنگ سیکیورٹی کے مناسب انتظامات مائیکرو پلان پر عملدرآمد اور ہر علاقے میں پانچ سال تک کی عمر کے تمام بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کو یقینی بنانے کی اہمیت پر زور دیا گیا ڈپٹی کمشنر وریندر لعل نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پولیو کا

ویزا کیلئے جعلی برتھ سرٹیفکیٹ، ایف آر سی امریکن سفارتخانے میں جمع کرانے والا گرفتار

اسلام آباد(اے این این) ایف آئی اے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل اسلام آباد نے امریکی ویزا کے لیے جعلی دستاویزات امریکن سفارت خانے میں جمع کرانے والے ملزم کو گرفتار کرلیا۔ایف آئی اے حکام کے مطابق امریکی سفارت خانے اسلام آباد کی جانب سے شکایت سامنے آئی تھی، ملزم نے دیگر ساتھیوں کے ہمراہ مبینہ طور پر امریکی ویزا حاصل کرنے کے لیے جعلی پیدائشی سرٹیفکیٹ اور فیملی رجسٹریشن سرٹیفکیٹ (FRC) تیار کیے تھے۔ملزم چوہدری اسلم کے خلاف ایف آئی آر درج کرلی گئی جس کے متن کے مطابق ملزمان نے مبینہ طور پر ایک شہری کو امریکی ویزا دلوانے کے لیے 1 کروڑ 20 لاکھ روپے وصول کیے تھے، دورانِ تفتیش یہ بات بھی سامنے آئی کہ ویزا حاصل کرنے کے لیے جعلی

روس کا یوکرین پر حملہ، بچے سمیت 2 افراد ہلاک، 60 زخمی

روسی میزائل پولینڈ کی حدود میں بھی گرے، ایک مشتبہ جیٹ انجن والا ڈرون بھی پولینڈ کی فضائی حدود میں داخل

ماسکو، کیف (جی این ایم) روس نے یوکرین کے وسطی صنعتی شہر کریوی ریح پر بیلسٹک میزائلوں اور ڈرونز سے حملہ کیا جس کے نتیجے میں سات سالہ بچے اور ایک خاتون سمیت 2 افراد ہلاک جبکہ 60 افراد زخمی ہوگئے۔غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق روسی حملے کے دوران میزائلوں اور ڈرونز کے ذریعے مختلف مقامات کو نشانہ بنایا گیا، جس سے شہر میں جانی نقصان ہوا۔دوسری جانب روسی میزائل پولینڈ کی حدود میں بھی گرے، جبکہ ایک مشتبہ جیٹ انجن والا ڈرون بھی پولینڈ کی فضائی حدود میں داخل ہوا۔خبر رساں ادارے کے مطابق نیٹو نے پولینڈ میں روسی میزائل گرنے کے واقعے کو فضائی حدود کی خلاف ورزی قرار دیا ہے۔امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے پولینڈ میں روسی میزائل گرنے کے واقعے کو دانستہ حملہ قرار دینے کے بجائے غلطی قرار دیدیا جبکہ پولینڈ کے وزیراعظم پولینڈ ڈونلڈ ٹسک نے روسی حملے کو دانستہ اشتعال انگیزی قرار دیا ہے۔سیکرٹری جنرل نیٹو مارک روٹے کا اس حوالے سے کہنا ہے کہ نیٹو پولینڈ کی سرزمین کے ہر انچ کا دفاع کرے گا، 23 نومبر کو اجلاس طلب کیا گیا ہے جس میں اتحادی ممالک دفاعی انتظامات کا جائزہ لیں گے۔دریں اثنا یوکرین کے صدر ولادیمیر زیلنسکی نے کہا ہے کہ امریکا نے کرسمس سے قبل سہ فریقی امن مذاکرات کا اگلا دور منعقد کرنے کی تجویز دی ہے۔زیلنسکی نے تجویز دی کہ مذاکرات G 20 سربراہی اجلاس کے موقع پر،

بقیہ 01

خطوط ارسال کر دیے ہیں۔ خطوط میں بانی پاکستان تحریک انصاف عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ عمران خان کی زندگی، صحت اور بنیادی آئینی و انسانی حقوق کے تحفظ کے لیے فوری عدالتی مداخلت کی استدعا کرتے ہوئے سپریم کورٹ کے 18 اگست 2026 کے حکم نامے پر من وعن اور مکمل عملدرآمد یقینی بنانے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔

بقیہ 02

جتک کوئی ذمہ داریاں سنبھالنے پر دلی مبارکباد پیش کی اور ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ 03

کشمیر پر فوکس کرنے کی ضرورت ہے، لاکھوں کشمیریوں نے قربانیاں دی ہیں۔ آزاد کشمیر کے معاملے پر بھی معاہدہ ہونا چاہیے، حکومت کو آزاد کشمیر پر حکمت عملی بنانی چاہیے۔ حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ ملک میں مہنگائی کی صورتحال مزید خراب ہو چکی ہے، حکومت کی رٹ کسی جگہ نہیں ہے، حکومت مکمل گورننس قائم کرنے میں ناکام ہو چکی ہے۔ ملک میں مہنگائی کی شرح بڑھی ہے، پیٹرول کی قیمتیں کم ہوئیں لیکن مہنگائی کم نہ ہو سکی۔ انہوں نے کہا کہ حکومتیں ناکام ہو گئی ہیں، صوبے اور وفاق اپنی ذمہ داری ادا کریں۔ 10 کرپٹ اداروں میں ڈسکوز کی کرپشن زیادہ پائی گئی ہے، جبکہ صوبہ سندھ کی صورتحال ابتر ہے۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ سندھ حکومت 10 لاکھ گھر بنانے کا دعوی کر رہی ہے، سندھ حکومت 21 لاکھ گھر کیسے بنائے گی؟ 10 لاکھ گھر کہاں بنائے گئے ہیں، کوئی ہمیں بتائے۔ کراچی کی ساڑھے 3 کروڑ کی آبادی ہو چکی ہے، کراچی کی آبادی کو کم کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ کراچی سے بلوچستان سفر کرنا مشکل ہو گیا ہے۔ بلوچستان میں عوامی اعتماد سے امن قائم ہو سکتا ہے۔ جمہوریت کی وجہ سے مسائل کا حل نکل سکتا ہے۔ حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ 29 نومبر کو مینار پاکستان پر جلسہ عام ہوگا، ہم عام شہری کے حقوق کی بات کر رہے ہیں۔ 12 دسمبر کو پشاور میں جلسہ عام ہوگا، جبکہ 20 دسمبر کو کراچی میں جلسہ عام کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ سندھی مہاجر کی سیاست اب نہیں چلے گی۔

بقیہ 04

اے ٹی ٹیمیں جدید اسلحہ سے لیس ہو کر فوری طور پر جائے وقوع کی جانب روانہ ہوئیں، جہاں جوانوں نے دہشت گردوں کی گرفتاری کیلئے حکمت عملی کے ساتھ پوزیشنیں سنبھالیں۔ سی ٹی ڈی کے مطابق دہشت گردوں نے جوانوں کو دیکھتے ہی اندھا دھند فائرنگ شروع کر دی، جس پر جوانوں نے اپنی حفاظت کو یقینی بناتے ہوئے دہشت گردوں کے خلاف مؤثر جوابی کارروائی کی۔ دونوں جانب سے فائرنگ کا تبادلہ تقریبا 20 سے 25 منٹ تک جاری رہا، جس کے بعد علاقے میں سرچ آپریشن کیا گیا۔ فائرنگ کا سلسلہ تھمنے کے بعد سرچ آپریشن کے دوران 5 دہشت گرد ہلاک پائے گئے، جن کی شناخت کا عمل جاری ہے۔ دوران آپریشن کالعدم تنظیم ٹی ٹی پی کا کمانڈر تاج محمد عرف شینے اپنے دو تین ساتھیوں سمیت فرار ہو گیا۔ ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے 3 عدد کلاشنکوف، 2 عدد پستول، ایک عدد دستی بم، 6 عدد میگزین اور متعدد کارتوس برآمد ہوئے۔ اس موقع پر بھاری نفری بھی موقع پر پہنچ گئی۔ بعد ازاں فرار ہونے والے دہشت گردوں کی گرفتاری کیلئے علاقے میں سرچ آپریشن جاری ہے۔ انسپکٹر جنرل آف پولیس خیبر پختونخوا ذوالفقار حمید اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ خیبر پختونخوا نے ملک دشمن عناصر کے خلاف مؤثر کارروائی پر جوانوں کو داد دی۔ انہوں نے واضح کیا کہ خیبر پختونخوا سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک دہشت گردوں کے خلاف مؤثر کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 05

ٹیکنالوجی سے ہم آہنگی اور پارلیمانی امور کی انجام دہی میں جدت لانے کے لیے پاکستان انسٹی ٹیوٹ فار پارلیمنٹری سروسز (PIPS) کے زیر اہتمام چار روزہ تربیتی ورکشاپ کا آغاز اسمبلی کے کمیٹی روم ہو گیا۔ ورکشاپ کا افتتاح سیکرٹری بلوچستان اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ نے کیا۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سیکرٹری اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ نے کہا کہ اس تربیتی پروگرام میں گریڈ 17 اور 18 کے ایسے افسران کو شامل کیا گیا ہے جو اپنی ملازمت کے MID دور میں ہیں اور مستقبل میں اسمبلی سیکرٹریٹ کی انتظامی و پارلیمانی ذمہ داریوں کو مزید مؤثر انداز میں انجام دینے میں اہم کردار ادا کریں گے۔ا

بقیہ 06

ان کی حوصلہ افزائی کی اور ان کے بہتر مستقبل کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ تھیلیسیمیا کے مریض بچوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ بلوچستان میں تھیلیسیمیا کے مریضوں کے لئے اسٹیٹ آف دی آرٹ سینٹرز قائم کیے جا رہے ہیں، جہاں بچوں کو جدید طبی سہولیات، معیاری علاج اور بہتر نگہداشت فراہم کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان صحت کے شعبے میں انقلابی اقدامات کر رہی ہے۔ جدید ہسپتالوں، طبی مراکز اور علاج کی سہولیات کو بہتر بنانے کا مقصد صوبے کے ہر شہری کو معیاری صحت کی سہولیات اس کی دہلیز پر فراہم کرنا ہے۔ تھیلیسیمیا کے خلاف جنگ میں علاج کے ساتھ ساتھ عوامی آگاہی اور اس مرض کی روک تھام پر بھی خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ وزیر صحت نے مزید کہا کہ یہ بچے ہماری ذمہ داری اور ہمارے مستقبل کا سرمایہ ہیں۔ ان کے چہروں پر مسکراہٹ لانا اور انہیں زندگی کی بہتر سہولیات فراہم کرنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ اس موقع پر تھیلیسیمیا کے مریض بچوں اور ان کے والدین نے وزیر صحت بخت محمد کاکڑ کی آمد، بچوں کے ساتھ سالگرہ کی خوشیاں منانے اور انہیں تحائف دینے پر شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 07

علاوہ ازیں، یکم جنوری 2025 سے 13 اکتوبر 2026 کے دوران ڈگری مکمل کرنے والے تمام ایم ایس اور ایم فل اسکالرز بھی کانووکیشن میں شرکت کرنے کے لئے شرکت کرا سکتے ہیں۔ اعلامیہ کے مطابق رجسٹریشن فیس 3,500 روپے مقرر کی گئی ہے، جو بینک چالان یا بینک ڈرافٹ کے ذریعے بنام ڈائریکٹر فنانس، نیشنل بینک آف پاکستان، یونیورسٹی برانچ کے اکاؤنٹ نمبر 2257003139765868، میں جمع کرائے جا سکتے ہیں۔ درخواست فارم مطلوبہ ڈاکومنٹس کی چیک لسٹ کے ساتھ مین کیمپس میں کنٹرولر امتحانات اور سٹی کیمپس کی فیکلٹی آف لا سے حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ فارم یونیورسٹی کی ویب سائٹ 2027form-convocation-uot-downloads-uoted.upk/https سے ڈاؤن لوڈ کرنے کے علاوہ آن لائن پورٹل Rm15VgSn9YykY596forms.gle//:https پر بھی جمع کیے جا سکتے ہیں۔ مزید معلومات یا رہنمائی کے لیے امیدوار کنٹرولر امتحانات کے دفتر یا ٹیلیفون نمبرز 400508-0852 اور 400510-0852 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

بقیہ 08

ایک مشتبہ موٹر سائیکل سوار کو روک کر تلاشی لی اور اسے حراست میں لے لیا۔ گرفتار ملزم کی شناخت عنایت اللہ ولد دولت خان قوم زہری سکنہ گدر ضلع سوراب کے نام سے ہوئی ہے، جس کے قبضے سے سوزوکی 110 موٹر سائیکل (رجسٹریشن نمبر KQI-1021) برآمد کر لی گئی جو کراچی کے علاقے تھانہ سہراب گوٹھ کی حدود سے چھینی گئی تھی۔ پولیس نے واقعے کا مقدمہ تھانہ اوتھل میں درج کر کے ملزم سے مزید تفتیش شروع کر دی ہے۔

بقیہ 09

طبقے اور سرحدی علاقوں کے عوام کو درپیش معاشی مشکلات سے آگاہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ بارڈر کی بندش سے چمن اور ملحقہ علاقوں میں تجارتی سرگرمیاں شدید متاثر ہوئی ہیں، جس کے باعث ہزاروں افراد کے روزگار اور کاروبار کو مشکلات کا سامنا ہے۔ انہوں نے امپورٹ اور ایکسپورٹ کی بحالی کو علاقے کی معاشی سرگرمیوں کے لیے ناگزیر قرار دیا۔ جمال شاہ کاکڑ نے چمن آئی ٹی ٹی ای میس کو ڈرائی پورٹ ڈکلیئر کرنے اور چمن انڈسٹریل زون کو مکمل طور پر فعال بنانے کے مطالبات بھی پیش کیے تاکہ علاقے میں تجارتی سرگرمیوں کو فروغ دینے کے ساتھ روزگار کے نئے مواقع پیدا کیے جا سکیں۔ اس موقع پر اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے وفد کو یقین دہانی کرائی کہ چمن بارڈر کی بندش اور تاجروں کو درپیش دیگر مسائل کے حل کے لیے متعلقہ حکام اور فورمز سے رابطہ کیا جائے گا اور ان مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن کوششیں بروئے کار لائی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان اور وسطی ایشیائی ممالک کے ساتھ تجارت پاکستان کے وسیع تر معاشی مفاد میں ہے، تجارتی سرگرمیوں اور برآمدات میں اضافے سے نہ صرف ملکی معیشت کو تقویت ملے گی بلکہ زرمبادلہ کے ذخائر میں بھی اضافہ ہوگا۔ افغانستان اور وسطی ایشیائی ممالک کے ساتھ تجارتی روابط کا فروغ پاکستان کے معاشی مفاد میں ہے، چمن بارڈر کے ذریعے امپورٹ اور ایکسپورٹ کی بحالی سمیت تاجروں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔

بقیہ 10

کارروائی میں بروقت ایکشن لیتے ہوئے اقدام قتل کے ملزم سردار خان ولد دولس خان کو واردات کے چوبیس گھنٹوں کے اندر گرفتار کر کے اس کے قبضے سے واردات میں استعمال ہونے والا پستول برآمد کر لیا گیا اور ملزم کے خلاف دو الگ الگ مقدمات درج کیے گئے۔ دوسری کارروائی میں ڈکیتی کے مقدمہ نمبر 99/26 (بجرم 395 تعزیرات پاکستان) میں نامزد ملزم یسین خان جبکہ تیسری کارروائی میں لڑائی جھگڑے کے مقدمہ نمبر 144/26 (بجرم 337-AD، 504 اور 34 تعزیرات پاکستان) میں مطلوب ملزم عقیل شاہ کو حراست میں لے لیا گیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 11

سیف اللہ نے شرکت کی دورے کے دوران تفصیلی اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈویژن کے تمام اہم مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ انتظامیہ نے مستقبل کے لیے واضح ہدایات اور رہنمائی بھی دی، جن پر من و عن عملدرآمد کیا جائے گا۔ اجلاس میں ڈویژن کے لائن لاسز کو ہر ممکن طریقے سے کم کرنے اور ریکوری کا 100 فیصد ہدف حاصل کرنے پر خصوصی زور دیا گیا۔ ملازمین نے بھی انتظامیہ کو یقین دلایا کہ وہ ہر حال میں ریکوری ہدف کے حصول اور لائن لاسز میں کمی کے لیے ہر ممکن کوشش کریں گے۔

بقیہ 12

کے مطابق سرد موسم میں گیس کی ضرورت بڑھ جاتی ہے، تاہم کئی علاقوں میں گیس پریشر انتہائی کم ہونے کے باعث گھروں میں کھانا پکانا اور پانی گرم کرنا بھی مشکل ہو گیا ہے۔ گیس کی غیر اعلانیہ بندش کے باعث خواتین، بچوں، بزرگوں اور طلبہ کو خصوصی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ سردی کی شدت میں مزید اضافے کے پیش نظر گیس کی فراہمی کا مؤثر نظام بنایا جائے اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا خاتمہ کرتے ہوئے پریشر میں بہتری لائی جائے۔ عوامی حلقوں نے سوئی سدرن گیس کمپنی اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ موسم سرما میں بلوچستان کے سرد علاقوں کو ترجیحی بنیادوں پر گیس فراہم کی جائے تاکہ شہریوں کو شدید سردی میں مشکلات سے بچایا جا سکے۔

بقیہ 13

شعبوں کو بھی فروغ ملتا ہے۔ حکومت کی کوشش ہے کہ ترقیاتی منصوبوں میں عوامی ضروریات اور مقامی آبادی کی تجاویز کو ترجیح دی جائے انہوں نے مزید کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، متعلقہ حکام کو منصوبوں کی نگرانی اور شفافیت یقینی بنانے کی ہدایت کی جائے گی۔ ہمارا مقصد بلوچستان کے تمام علاقوں میں یکساں ترقی اور عوام کو بہتر بنیادی سہولیات کی فراہمی ہے۔

بقیہ 14

کے ہوائی اڈوں پر کسٹم کلیئرنس، امیگریشن سمیت دیگر آپریشنز کو تیز تر بنانے کی ہدایت کی۔ وزیراعظم نے پاکستان کے تمام بین الاقوامی ہوائی اڈوں پر اسمارٹ اسکیننگ سسٹم کو جلد فعال بنانے کی بھی ہدایت کی۔ وزیراعظم نے امید ظاہر کی کہ چیئرمین ایف بی آر کے کراچی اور لاہور کے دوروں اور وہاں کے تاجروں اور صنعت کاروں کے ساتھ ملاقاتوں کے ملک کی تجارت، برآمدات اور سرمایہ کاری پر مثبت نتائج مرتب ہوں گے۔ اجلاس میں بانڈڈ ویئر ہاسز کے حوالے سے حال ہی میں کی گئی انکوائری کے نتیجے میں آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کی جانب سے ٹیکس بے ضابطگیاں سامنے آنے پر وزیراعظم نے بلا تفریق کارروائی اور ریکوری کی ہدایت دی۔ اجلاس کو ایف بی آر کے مختلف آپریشنز کے متعلق بریفنگ دی گئی۔ اجلاس کو آگاہ کیا گیا کہ متعلقہ اداروں کی معاونت سے پاکستان کے بڑے بین الاقوامی ہوائی اڈوں پر اسمارٹ اسکیننگ کا سسٹم لگایا جا رہا ہے، جس سے مسافروں کے سامان کو خودکار طریقے سے گرین چینل اور ریڈ چینل میں بھیجا جا سکے گا۔ اجلاس کو مزید بتایا گیا کہ جدید کارگو ٹریکنگ سسٹم پر بھی کام جاری ہے، جس سے سیلز ٹیکس گیپ اور اسمگلنگ پر قابو پانے میں مدد ملے گی۔ کارگو ٹریکنگ سسٹم کے ذریعے سامان کی ترسیل لوڈنگ سے ڈیلیوری تک ایک ہی ڈیجیٹل سسٹم سے منسلک ہوگی۔ یہ سسٹم ای بلٹی، رسک منیجمنٹ سسٹم، فیلڈ انفورسمنٹ اور اینالیٹکس ڈیش بورڈ پر مشتمل ہوگا۔ اس سسٹم کے بہتر نفاذ کو یقینی بنانے کے لیے ایک اسٹیئرنگ کمیٹی بھی تشکیل دی جا رہی ہے

بقیہ 15

اشیاء جل کر تباہ ہو رہی ہیں، جس سے عوام کو شدید مالی نقصان اٹھانا پڑ رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کیسکو کمپنی علاقے میں بجلی کی بلاتعطل فراہمی میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے۔ مولانا محمد حیات نیچاری نے وفاقی وزارت پانی و بجلی سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ کیسکو حکام کی اس نااہلی کا فوری نوٹس لیا جائے اور قلات کے شہریوں کو طویل لوڈشیڈنگ کے عذاب سے نجات دلائی جائے۔

بقیہ 16

بھارت فنڈنگ کر رہا ہے، کالعدم ایکشن کمیٹی کے 38 میں سے 37 مطالبات مانے گئے، شہزاد نامی شخص اصل میں کشمیر کا رہنے والا ہے۔ طلال چودھری کا کہنا تھا کہ کالعدم ایکشن کمیٹی کی کور کمیٹی کے شرپسندوں کی آڈیوز میڈیا کے سامنے پیش کیں، کالعدم ایکشن کمیٹی کی تحریک ہرگز حقوق کی تحریک نہیں۔ کالعدم کمیٹی کے شرپسند عناصر کا خاتمہ ضروری ہے۔ کشمیر کے مستقبل سے متعلق فیصلہ کشمیریوں کو خود کرنا چاہیے، تاہم ان کے بقول کمیٹی نہیں چاہتی کہ کشمیریوں کے حقوق انہیں ملیں۔

بقیہ 17

درمیان معاملات افہام و تفہیم اور اتفاق سے آگے بڑھنے چاہیں، وفاقی وزرا کے ایک دوسرے کے خلاف بیان بازی سے منفی تاثر پیدا ہوتا ہے اور تعمیر و ترقی کی سیاست سے توجہ ہٹتی ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ وفاقی کابینہ کے وزرا اچھا کام کر رہے ہیں اور ان کی توجہ صرف عوامی خدمت و تعمیر ترقی پر ہی رہنی چاہیے، صوبائی حکومتوں کے نمائندے بھی ایسی بیان بازی سے گریز کریں اور مثبت بات چیت کو فروغ دیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ ایک دوسرے کے خلاف بیان بازی مکمل طور پر بند ہونی چاہیے، ہم سب کا فرض ہے کہ ہم سیاسی استحکام کے حوالے سے اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔

بقیہ 18

تھے۔ سینئر صحافی رانا عظیم کو حراست میں لے لیا گیا۔ پی ایف یو جے کے صدر رانا عظیم کو لاہور ہائیکورٹ آتے ہوئے نامعلوم افراد گاڑی سے اتار کر اپنے ساتھ لے گئے۔ رپورٹ کے مطابق نامعلوم افراد رانا عظیم کو سی سی پی او آفس کی طرف لے گئے، رانا عظیم لاہور ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن میں آل پارٹیز کانفرنس میں شرکت کے لیے جا رہے تھے۔

بقیہ 19

ایکٹ کے خلاف اپنے عزم کا اظہار کیا۔ احتجاجی کیمپ میں صدر پی ایف یو جے افضل بٹ، صحافتی تنظیموں کے رہنماں، سیاسی جماعتوں کے نمائندوں، سول سوسائٹی، ٹریڈ یونینز، خواتین صحافیوں اور بلوچستان بھر سے آئے صحافیوں و میڈیا ورکرز نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ احتجاجی کیمپ کے اختتامی خطاب میں پی ایف یو جے کے صدر افضل بٹ نے بلوچستان یونین آف جرنلسٹس کی قیادت، کوئٹہ پریس کلب کے عہدیداروں کو کامیاب احتجاجی کیمپ کے انعقاد پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ شدید سردی اور منفی درجہ حرارت کے باوجود صحافیوں کا 27 گھنٹے تک احتجاجی کیمپ میں موجود رہنا اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ بلوچستان کے صحافی اپنے حقوق کے لیے فیصلہ کن جدوجہد کرنے کو تیار ہیں۔ پی ایف یو جے کی تحریک صرف صحافیوں کی تحریک نہیں بلکہ یہ پاکستان کے 25 کروڑ عوام کی تحریک ہے، کیونکہ آزادی اظہار اور معلومات تک رسائی ہر شہری کا بنیادی آئینی حق ہے۔

بقیہ 20

شہری بھی موبائل فون سے بارکوڈ اسکین کر کے دوا کے اصلی یا نقلی ہونے کی تصدیق کر سکیں گے۔ کمپنیوں کیلئے ہر دوا کی تیاری کے بعد مارکیٹ میں لانے سے پہلے اس کا ٹو ڈی بارکوڈ ڈریپ کو بھیجنا لازم ہوگا، ڈریپ کے ایم آئی ایس سسٹم میں ہر دوا کا ٹو ڈی بارکوڈ اور منفرد سیریل نمبر رجسٹر کیا جائے گا۔ انجکشن، کیپسول، گولیاں اور سیرپ سمیت تمام ادویات کو اسکین کیا جا سکے گا، ایک ہزار درآمد کنندگان بھی ادویات کی ٹو ڈی بارکوڈ سیریلائزیشن کی تصدیق کروائیں گے۔ وزارت صحت کے مطابق محفوظ دوا ایپ کے ذریعے دوا کی اصلیت، میعاد، قیمت اور استعمال کی مستند معلومات دستیاب ہوں گی، ٹو ڈی بارکوڈ کے بغیر ادویات کی درآمد اور فروخت کی اجازت نہیں ہوگی۔

بقیہ 21

انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ حلقے کے عوام کو درپیش مسائل سے بخوبی آگاہ ہیں اور پینے کے صاف پانی، بجلی، گیس، تعلیم، صحت، سڑکوں اور روزگار کے مسائل کے حل کے لیے متعلقہ محکموں کے ساتھ رابطے میں ہیں۔ عوامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے ترقیاتی منصوبوں کی نشاندہی اور ان پر عمل درآمد کے لیے کوششیں جاری ہیں۔ شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا کہ ترقی کے ثمرات کسی مخصوص علاقے یا طبقے تک محدود نہیں رہنے چاہئیں بلکہ بلا رنگ و نسل تمام شہریوں کو یکساں سہولیات اور ترقی کے مواقع فراہم کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو روزگار اور تعلیم کے بہتر مواقع فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ عوامی نمائندگی ایک ذمہ داری ہے اور اس ذمہ داری کو عوام کی توقعات کے مطابق نبھانے کے لیے ہر ممکن کوشش جاری رکھیں گے۔

بقیہ 22

کی جانب سے طلبا کو بوٹی فراہم کرنے کی سخت مذمت کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ فوتی طور پر ہشتم بورڈ امتحان کو منسوخ کر کے غیر جانبدارانہ تحقیقات کی جائے انہوں نے کہا ہے کہ پرائمری اور مڈل کلاسز کے لیے اسسمنٹ کمیشن بنایا گیا تھا تاکہ ہشتم تک تعلیمی نظام کا جائزہ لیا جائے۔ خرابی کمزوری کو دور کر کے وقت کے ساتھ ساتھ جدیدیت لائی جائے لیکن پورے ملک میں یہ کمیشن اسسمنٹ کا کام کرتی ہے جبکہ ضرورت کے مطابق اختیاری امتحان بھی لیتے ہیں لیکن بلوچستان میں کرپشن کا بازار گرم کرنے کے لیے انہیں تعلیمی بورڈ بنا کر بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کے خلاف ایک اور علیحدہ بورڈ بنایا اور پنجم اور ہشتم بورڈ امتحان کو لازمی کر دیا۔ جس کے خلاف بلوچستان پرائیویٹ سکولز گرینڈ الائنس نے صوبہ بھر میں تحریک چلائی سیمینار۔ کانفرنس۔ جلسے جلوس مظاہرے۔ کیے بلاخر پنجم بورڈ امتحان کو ختم کیا اور ہشتم بورڈ امتحان تا حال لازمی قرار دیا ہے۔ ہشتم بورڈ امتحان صرف کرپشن اور تعلیمی نظام کو تباہ کرنا بلوچستان کے طلبا کو نقل کے ناسور کے ذریعے ان کا مستقبل تباہ کرنے کی سازش ہے۔ اور اس سازش میں چند عناصر کا کردار نمایاں ہے۔ کل سے ہشتم بورڈ کا امتحان شروع ہے۔ چند افسران بالخصوص پبلشرز جیسے کاروباری عناصر کا کاروبار عروج پر ہین۔ پیپرز بنانے والوں نے پیپرز طرز پر خلاصے چھاپ کر امتحان سے قبل بچوں کو پکڑوا دیتے ہیں اور خود امتحانی ڈیوٹی کے ساتھ پیپرز چیکنگ کر کے مرضی کے نتائج بنا کر سرکار اور عوام کو گمراہ کر رہے ہیں۔ انہوں نے چیف سیکرٹری۔ سیکرٹری تعلیم و دیگر اعلی احکام سے فوری طور نقل کرپشن۔ موبائل کا سرعام استعمال اور اس گھناونے جرم میں سہولت کاروں شامل افسران کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے نقل کے ناسور سے طلبا کو بچانے کے لیے اقدامات اٹھائے اور فوری طور پر ہشتم بورڈ امتحان کو لازمی کے بجائے اختیاری کے ساتھ اسسمنٹ کمیشن کو اسسمنٹ حد تک محدود رکھیں۔ بصورت دیگر آل پاکستان پرائیویٹ سکولز فیڈریشن صوبے بھر میں ہشتم بورڈ امتحان اور اس میں ہونے والے ظلم کے خلاف بھرپور احتجاج کرے گی۔

بقیہ 23

ہے۔ اشیائے خورونوش کی قیمتوں میں مسلسل اضافے سے ایرانی عوام کی قوت خرید مزید متاثر ہو رہی ہے، اس صورتحال کا سب سے زیادہ بوجھ کم آمدنی والے خاندانوں کو برداشت کرنا پڑ رہا ہے۔

بقیہ 24

نقشوں میں ڈیورنڈ لائن کے بجائے انٹرنیشنل بارڈر کی اصطلاح استعمال کی جائے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ اسلامیات اور شہریات میں منفی پیغام دینے والے مواد کی شمولیت سے گریز کیا جائے، نصابی کتب میں قابل اعتراض اور متنازع مواد کی نشاندہی کر کے جائزہ لیا جائے۔ سیکرٹری ٹیکسٹ بک بورڈ نے کہا کہ تمام سبجیکٹ سپیشلسٹ نئی ہدایات پر عمل درآمد یقینی بنائیں، نصابی کتب سے متعلق جاری کردہ ہدایات پر من و عن عمل درآمد یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 25

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر شیرانی، اسسٹنٹ کمشنر سب ڈویژن ستو راغہ حبیب الرحمان ناصر، RTSM کے ممبران، گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن (GTA) اور GTA آئینی کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران تعلیمی نظام کی بہتری، اساتذہ کی حاضری، سکولوں میں تعلیمی سرگرمیوں کے فروغ اور طلبہ کو معیاری تعلیم کی فراہمی سے متعلق امور پر غور و خوض کیا گیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر شیرانی کلیم اللہ کاکڑ نے کہا کہ ضلع میں تعلیمی معیار کو بہتر بنانا اور سرکاری تعلیمی اداروں کی کارکردگی کو مؤثر بنانا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے متعلقہ تعلیمی افسران اور اساتذہ پر زور دیا کہ وہ اپنی ذمہ داریاں ایمانداری اور محنت کے ساتھ ادا کریں اور طلبہ کے روشن مستقبل کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید ہدایت کی کہ تعلیمی اداروں میں اساتذہ اور طلبہ کی حاضری یقینی بنائی جائے اور تعلیمی نظام میں موجود مسائل کو باہمی مشاورت سے حل کیا جائے۔

بقیہ 26

ہو گئے۔ واقعے کے بعد شہریوں میں تشویش پائی جاتی ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ خاران میں چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں میں مبینہ اضافے کے باعث عوام خود کو غیر محفوظ محسوس کر رہے ہیں۔ انہوں نے ضلعی انتظامیہ اور پولیس کے اعلی حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ واردات میں ملوث ملزمان کو فوری گرفتار کر کے موٹر سائیکل برآمد کی جائے اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ 27

کے لیے پارلیمان میں لے جایا جا رہا ہے اچھا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ بلاول بھٹو کی بات ٹھیک ہے ریفرنڈم کی تاریخ پاکستان میں بہت بھیانک رہی ہے، سندھ کا فیصلہ ہم نہیں کر سکتے، وہاں کے عوام اس کا فیصلہ کریں گے، سندھ والے تو ہمیشہ سے کہتے آئے ہیں، مرسوں مرسوں سندھ نہ ڈیسوں، جو بھی ہو اتفاق رائے سے ہونا چاہیے۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ جیسا کرو گے ویسا بھرو گے اللہ کا قانون ہے، گورنر کے پی کو جب پارٹی کہے گی وہ عہدہ چھوڑ دیں اور ڈی آئی خان چلے جائیں گے، ایک صوبے کے وزیراعلی کا جیل میں ہونا جمہوری نظام کے خلاف ضرور ہے لیکن عمران خان نے بھی اپنے دور میں یہی سب کیا، امریکا جا کر عمران خان نے کہا کہ میں تو اے سی ہٹا دوں گا جیل میں دی گئیں سہولیات واپس لے کر انہیں رلاں گا، جو اپنا راستہ نہ بنانا چاہتا ہو اس کے لیے کوئی کیا کرے؟ انہوں نے کہا کہ ایک خاص بیانیے کے تحت پنجاب سے پیپلز پارٹی کو سائیڈ لائن کیا گیا، صوبہ سندھ میں صحت کا نظام پنجاب سے بہتر ہے، وہاں دل جگر اور گردے کے ٹرانسپلانٹ دس روپے کی پرچی پر ہو جاتا ہے، سندھ میں ایمرجنسی سروسز بہتری ہے جہاں ایک سے ڈیڑھ گھنٹے میں آپ کو صوبے کے کسی بھی کونے سے مرکزی اسپتال پہنچایا جاتا ہے، سندھ کے سرکاری اسکول کو بہترین اسکول ہونے کا اعزاز حاصل ہوا، ایک بیانیہ ہے کہ سندھ لٹ گیا کھنڈر ہو گیا برباد ہو گیا، صحافیوں کے ذریعے بیانیے بنائے گئے کہ سندھ میں کچھ نہیں، سندھ گیا تو پتا چلا کہ یہاں کی سڑکیں تعلیمی نظام اور صحت کا نظام کتنا اچھا ہے۔

بقیہ 28

شامل ہیں۔ زخمیوں و بی ایچ یو منتقل کیا گیا جہاں ان کو ابتدائی طبی امداد ملنے کے بعد ریسکیو ایمبولینسز کے ذریعے ڈی ایچ کیو اسپتال بٹگرام منتقل کر دیا گیا۔ آپریشن میں تین ایمبولینسز اور 10 ریسکیور نے حصہ لیا۔

بقیہ 29

اقدامات کو اجاگر کرنے کے حوالے سے سیکرٹری محکمہ بلدیات و دیہی ترقی عبدالروف بلوچ کی زیر صدارت اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ بشیر بڑیچ، ڈپٹی سیکرٹری الیاس بلوچ اور فوکل پرسن محکمہ بلدیات طہٰ جنید، سیکشن آفیسر مختیار زہری نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سیکرٹری عبدالروف بلوچ نے کہا کہ محکمہ بلدیات جدید ڈیجیٹل نظام کے فروغ، سرکاری خدمات کی مؤثر فراہمی اور شہریوں کے بنیادی حقوق کے تحفظ کے لیے عملی اقدامات کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے استعمال سے بلدیاتی اداروں کی کارکردگی، شفافیت اور عوامی خدمات کے معیار کو مزید بہتر بنایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ ڈیجیٹل بلوچستان ایکسپو 2026 کے لیے محکمہ بلدیات کے جاری اقدامات، جدید منصوبوں اور ڈیجیٹل سہولیات کو مؤثر انداز میں پیش کرنے کے لیے مربوط حکمت عملی مرتب کی جائے، تاکہ عوام کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور محکمہ کی ڈیجیٹل پیش رفت کو نمایاں کیا جا سکے۔

بقیہ 30

ایئرپورٹ روڈ ٹینک چوک پر کارکنوں نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ بلاول بھٹو زرداری ٹینک چوک سے گیلانی ہاس جائیں گے جہاں وہ چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی کے چچازاد بھائی کے انتقال پر تعزیت کریں گے۔ بلاول بھٹو زرداری گیلانی ہاس سے بہاالدین زکریا یونیورسٹی چوک پر استقبالیہ میں شرکت کریں گے، جس کے بعد بلاول ہاس روانہ ہوں گے جہاں وہ قیام کریں گے۔ دورہ ملتان کے دوران بلاول بھٹو زرداری کارکنوں، تاجروں اور پارٹی عہدیداروں سے ملاقاتیں کریں گے جبکہ میٹ دی پریس پروگرام میں بھی شرکت کریں گے۔ چیئرمین پیپلز پارٹی ڈیرہ غازی خان اور بہاولپور کا دورہ بھی کریں گے۔

بقیہ 31

کے حل کے لیے متعلقہ حکام سے رابطہ کر کے عملی اقدامات اٹھائے جائیں گے انہوں نے کہا کہ عوامی خدمت اور لوگوں کے مسائل کا بروقت حل ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور زیارت، ہرنائی اور سنجاوی کے عوام کو درپیش مشکلات کے ازالے کے لیے ہر ممکن کوشش کی جائے گی صوبائی وزیر حاجی نور محمد دمڑ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ عوام کو درپیش مسائل کے حل کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے اور متعلقہ محکموں کے ذریعے مسائل کے حل کو یقینی بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں گے اور اپنی تمام تر توانائیاں صرف کریں گے اس موقع پر فوکل پرسن ہرنائی حاجی باز محمد دمڑ، پرسنل سیکرٹری موسیٰ کاکڑ اور اسٹاف آفیسر کمال اختر بھی موجود تھے۔

بقیہ 32

ہو گئے۔ ایرانی میڈیا رپورٹس کے مطابق پاسداران انقلاب کا کہنا ہے کہ چند گھنٹوں کے دوران تین آئل ٹینکرز میں زوردار دھماکے ہوئے اور شدید آگ بھڑک اٹھی، ایک آئل ٹینکر جنوبی ساحل کے قریب، دو آبنائے ہرمز کے مشرق میں متاثر ہوئے۔ پاسداران انقلاب نے مزید بتایا کہ تینوں آئل ٹینکرز امریکی فضائی نگرانی اور عسکری تحفظ میں سفر کر رہے تھے، امریکی عسکری تحفظ کسی جہاز کو ایرانی بحری قوانین سے استثنیٰ نہیں دیتا۔ ایران کا مزید کہنا ہے کہ غیر مجاز سمندری راستوں سے گزرنے والوں کو سخت کارروائی کا سامنا ہوگا، ایرانی وارننگ نظرانداز کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ 33

حاجی خان لاشاری نے اپنی ٹیم کے ہمراہ کامیاب کارروائی کرتے ہوئے مقدمات میں نامزد دو روپوش ملزمان پیر محمد عرف حاجن ولد محمد صالح اور ثنا اللہ ولد محمد یاسین قوم رند ساکنان گوٹھ سبی جدید کو گرفتار کر لیا ہے۔ پولیس حکام کے مطابق گرفتار ملزمان کے خلاف ضابطے کے مطابق مزید قانونی کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے، جبکہ ضلع بھر میں امن و امان کے قیام اور جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کے لیے پولیس کی کارروائیوں کا سلسلہ بلاامتیاز جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 34

فصیلات نہیں بتائیں۔ امریکی صدر نے اپنے بیان میں ایران کے میزائل اور ڈرون حملوں کو امریکی دفاعی نظام نے روکنے کا دعوی کرتے ہوئے کہا کہ ان حملوں سے کوئی نقصان نہیں ہوا۔ تاہم، انہوں نے اپنے دعوے کے حق میں مزید تفصیلات یا شواہد پیش نہیں کیے۔ ٹرمپ نے ایران کے خلاف مبینہ فوجی سرگرمیوں میں اضافے کو 3 نومبر کے امریکی وسط مدتی انتخابات میں ڈیموکریٹک پارٹی کی کامیابی سے بھی جوڑا۔ ان کا کہنا تھا کہ انہوں نے انتخابات سے قبل 2 پیش گوئیاں کی تھیں، جن میں پہلی یہ تھی کہ اگر ڈیموکریٹس کامیاب ہوئے تو اسٹاک مارکیٹ میں نمایاں کمی آئے گی، جبکہ دوسری پیش گوئی یہ تھی کہ ایران اپنے حملوں میں شدت لائے گا۔ ٹرمپ نے کہا کہ دونوں پیش گوئیاں درست ثابت ہوئیں۔ انہوں نے دعوی کیا کہ انتخابات کے نتائج کے بعد ایران کی جارحیت میں اضافہ ہوا ہے اور ایرانی قیادت ڈیموکریٹس کو کمزور اور غیر مؤثر سمجھتی ہے۔ ٹرمپ نے یہ الزام بھی عائد کیا کہ ڈیموکریٹس اور ایران نے انتخابی نتائج سے قبل تیل کی قیمتیں بلند رکھنے کی کوشش کی، تاہم انتخابات کے بعد تیل کی قیمتوں میں ریکارڈ کمی آئی ہے۔ امریکی صدر نے ایران میں مظاہروں کے دوران ہلاکتوں سے متعلق بھی سنگین دعوی کرتے ہوئے کہا کہ ایرانی حکومت اب تک 81 ہزار مظاہرین کو قتل کر چکی ہے۔ تاہم، انہوں نے اس تعداد کا ذریعہ یا تفصیلات فراہم نہیں کیں اور اس دعوے کی آزادانہ تصدیق بھی سامنے نہیں آئی۔

بقیہ 35

سے فرٹیلائزر کمپلیکس قائم کرنے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ دو ارب روپے کی ابتدائی لاگت سے بلوچستان میں رجسٹرڈ بلوچستان انشورنس کمپنی لمیٹڈ قائم کی جائے گی۔ اس کمپنی کے قیام سے صوبے کے سرکاری اداروں اور مقامی شہریوں کو انشورنس کی بہتر اور معیاری سہولیات مقامی سطح پر دستیاب ہوں گی۔ اس اقدام سے صوبے میں مالیاتی خدمات کے شعبے کو وسعت دینے اور سرمایہ کاری کے نئے امکانات پیدا کرنے میں بھی مدد ملے گی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت انشورنس کمپنی کا قیام صوبے میں مالیاتی خدمات کے فروغ اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا کرنے کی جانب اہم قدم ہے۔ حکومت بلوچستان نجی شعبے کے اشتراک سے ایسے منصوبوں پر کام کر رہی ہے جن کے ذریعے صوبے کی معاشی استعداد سے بھرپور استفادہ کیا جا سکے اور عوام کو بہتر سہولیات فراہم ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں میں نجی شعبے کی شراکت داری کو فروغ دے کر معاشی سرگرمیوں میں وسعت اور پائیدار ترقی کی بنیاد رکھی جا سکتی ہے۔ اجلاس میں ضلع ڈیرہ بگٹی کے علاقے سوئی میں لو بی ٹی یو گیس کو بروئے کار لاتے ہوئے فرٹیلائزر کمپلیکس کے قیام پر بھی اتفاق کیا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ اس منصوبے سے مقامی قدرتی وسائل کے مؤثر استعمال کے ساتھ صنعتی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا اور مقامی آبادی کے لیے روزگار کے وسیع مواقع پیدا ہوں گے۔ فرٹیلائزر کمپلیکس کے قیام سے علاقے میں تجارتی سرگرمیوں میں اضافے اور متعلقہ شعبوں میں معاشی مواقع پیدا ہونے کی بھی توقع ہے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان قدرتی وسائل سے مالا مال صوبہ ہے اور ان وسائل کو مقامی سطح پر صنعتی ترقی، سرمایہ کاری اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے لیے استعمال کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان کی کوشش ہے کہ قدرتی وسائل سے حاصل ہونے والے معاشی فوائد میں مقامی آبادی کو بھی بھرپور حصہ ملے اور نوجوانوں کے لیے روزگار کے نئے راستے کھلیں۔ سوئی میں فرٹیلائزر کمپلیکس کا قیام اسی سوچ کے تحت ایک اہم پیش رفت ہے، جس سے علاقے میں صنعتی اور تجارتی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبے میں معاشی ترقی کے لیے ایسے منصوبوں کی حوصلہ افزائی کی جا رہی ہے جن میں سرکاری اور نجی شعبہ مشترکہ طور پر سرمایہ کاری کرے۔ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے ذریعے دستیاب وسائل، نجی شعبے کی مہارت اور سرمایہ کاری کی صلاحیت کو یکجا کر کے ترقیاتی منصوبوں کو عملی شکل دی جا سکتی ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ منظور شدہ منصوبوں پر پیش رفت کو مؤثر انداز میں آگے بڑھایا جائے تاکہ ان کے ثمرات جلد عوام تک پہنچ سکیں۔ اجلاس میں صوبائی وزیر ترقیات و منصوبہ بندی میر ظہور احمد بلیدی، صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ت ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات و منصوبہ بندی زاہد سلیم، پرنسپل سیکرٹری عمران زرکون، سیکرٹری خزانہ جہانگیر خان، سیکرٹری قانون اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔

بقیہ 36

طاقت ہے۔ انہوں نے کہا کہ شاید پاکستان کی تاریخ میں صحافی اتنا کمزور نہیں تھا جتنا آج ہے تو اس کو ری سیٹ کرنا پڑے گا تاکہ آپ کے پاس وہ طاقت ہو جو آپ کا حق ہے، اگر آپ کو سچ بولنے کیلئے سوچنا پڑے گا تو میڈیا کا ادارہ چل نہیں سکے گا، سیاستدان کردار ادا نہیں کریں گے تو عوام کے بنیادی مسائل کے حل کی طرف نہیں جائیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ سب سے پہلے ہمیں قانونی حیثیت بحال کرنا ہوگی جو ہر ادارے میں ہم نے کھوئی ہے، سب سے پہلے میڈیا سے شروع کرتے ہیں، کراچی پریس کلب سے آغاز کرتے ہیں، میڈیا کی آزادی کے لیے ہم نسل در نسل جدوجہد کرتے آ رہے ہیں، ہم صحافیوں کی آواز بننے کیلئے تیار ہیں۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ پارلیمنٹ میں بحث اور اختلاف رائے جمہوریت کا حسن ہے، اختلاف رائے کا جواب گولی، بندوق اور دھمکیوں سے نہیں دینا چاہیے، اپوزیشن پر تنقید کی بنیاد پر اسے محب وطن نہ ہونے کا الزام دینا ناانصافی ہے، حکومت کی جانب سے اپوزیشن کی حب الوطنی پر شک کرنا پارلیمان اور ملک کے ساتھ ناانصافی ہے۔ چیئرمین پیپلز پارٹی کا کہنا تھا کہ سسٹم خود تباہ نہیں ہوا اسے تباہ کیا گیا ہے، سسٹم کا جو علاج بتایا جا رہا ہے وہ اس بیماری کا علاج نہیں، ری سیٹ کرنے کیلئے غیر سیاسی نہیں سیاسی ہونا پڑے گا، سسٹم کو پارلیمان کے ذریعے ری سیٹ کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ جتنا بھی برا لگے لیکن مولانا فضل الرحمان کی باتوں کا جواب دیں، مولانا فضل الرحمان کے بغیر آپ آج کرسی پر نہ بیٹھے ہوتے، مولانا اور پی ٹی آئی کا اعتماد بحال کرنا ہے، اگر چاہتے ہیں کہ پارلیمان کام کرے تو انتقامی کارروائیاں بند کرنا ہوں گی، آخر مزید کتنا انتقام لینا ہے؟ بلاول بھٹو کا مزید کہنا تھا کہ جو بھی وزیراعظم بنتا ہے وہ جیل چلا جاتا ہے، اپنی زندگی میں اتنے برے معاشی حالات نہیں دیکھے، خوف ہے ان حالات میں پاکستان کے عوام کا کیا حال ہوگا، سیاستدان عوامی مسائل بھول چکے ہیں باقی ہر موضوع یاد ہے۔

بقیہ 37

ٹیکس، ایف ای ڈی، پینلٹی سرچارج کی وصولی، ضبط شدہ سامان کی نیلامی میں بھی مسائل سامنے آ گئے۔ دستاویز کے مطابق 527 ٹیکس کیسز میں 117 ارب 77 کروڑ روپے سپر ٹیکس کم وصول ہوا۔ فیلڈ دفاتر نے 159 افراد کو 41 ارب 78 کروڑ کا ان پٹ ٹیکس کریڈٹ غلط دیا۔ 601 کیسز میں 15 ارب 29 کروڑ روپے جبکہ 870 کیسز میں 13 ارب روپے سے بھی زائد کا سیلز ٹیکس شارٹ فال رہا۔ 12 ارب 78 کروڑ روپے کی ضبط شدہ گاڑیاں اور دیگر سامان ڈسپوز آف کرنے میں گھپلے اور 14 کیسز میں 4 ارب 84 کروڑ روپے کے ناجائز ڈپریسی ایشن کلیم کی ادائیگی کا بھی انکشاف ہوا۔ رپورٹ کے مطابق تقریبا 2 ارب روپے کی ان پٹ ٹیکس کی غلط تقسیم۔ 22 افراد سے ایک ارب 73 کروڑ روپے کم ٹیکس وصول کیا گیا۔ درآمد مال کی غلط درجہ بندی اور کم قیمت لگانے سے قومی خزانے کو 3 ارب 56 کروڑ روپے کا نقصان پہنچایا گیا۔ آڈیٹر جنرل آف پاکستان کے مطابق بار بار نشاندہی کے باوجود کئی سال سے وہی غلطیاں دہرائی جا رہی ہیں۔ بلیک لسٹڈ لوگوں کی انوائسز کی نگرانی، اندرونی کنٹرول مضبوط بنانے اور ناجائز کلیمز روکنے کی سفارش کی گئی۔ کیش انعام کے اصولوں پر سخت عملدرآمد کی ہدایت بھی کر دی گئی۔

بقیہ 38

تک خالی رہنے والے اس کے کیمپ سے ایک ٹی شرٹ یا چائے کا کپ تک غائب نہیں ہوا تھا، یہ بلوچستان کے عوام کے کردار اور ثقافت کی ایک واضح مثال ہے۔ حکومت معدنی راہداری سمیت پورے صوبے میں سرمایہ کاروں کو مکمل سیکیورٹی، ون ونڈو آپریشن اور تمام ضروری سہولیات فراہم کرے گی جبکہ ریڈ ٹیپ ازم کی کوئی گنجائش نہیں ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو یہاں پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم 2026 کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ ریکوڈک کے حوالے سے سوالات کا جواب دینے سے پہلے وہ دنیا کو بلوچستان کے عوام اور ان کی ثقافت کے بارے میں ایک خوبصورت کہانی بتانا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جب بیرک کمپنی چند سال قبل ریکوڈک منصوبے سے الگ ہوئی تو ایک دہائی سے زیادہ عرصے تک اس کا کیمپ خالی پڑا رہا اور وہاں کوئی سیکیورٹی گارڈ بھی تعینات نہیں تھا، لیکن جب کمپنی دس سال بعد واپس آئی تو کیمپ سے ایک ٹی شرٹ تک چوری نہیں ہوئی تھی اور نہ ہی چائے کا ایک کپ غائب تھا۔ انہوں نے کہا کہ یہی بلوچستان ہے اور یہی یہاں کے عوام کی روایات، ثقافت اور مہمان نوازی کا حقیقی عکس ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ جب سرمایہ کاری اور سیکیورٹی کی بات ہوتی ہے تو سب سے پہلے عوام اہمیت رکھتے ہیں۔ بلوچستان کے عوام ملکی اور بین الاقوامی شراکت داروں کا خیرمقدم کرتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ سرمایہ کار صوبے میں آئیں اور یہاں دستیاب مواقع سے فائدہ اٹھائیں۔ حکومت کی پالیسی بھی یہی ہے کہ مقامی آبادی کو ساتھ ملا کر، ان کے دل اور ذہن جیت کر سرمایہ کاروں اور شراکت داروں کے لیے ایک محفوظ اور سازگار ماحول بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ امن و امان کے قیام کے لیے وفاقی اور صوبائی حکومتیں پوری طرح پرعزم ہیں جبکہ سیکیورٹی اداروں کے پاس مطلوبہ صلاحیت اور استعداد موجود ہے۔ معدنی راہداری کے تحفظ کے لیے ایک علیحدہ سیکیورٹی ڈویژن قائم کیا گیا ہے جبکہ فرنٹیئر کور کا نیا ونگ بھی تشکیل دیا جا رہا ہے تاکہ صوبے بھر بالخصوص معدنی راہداری میں سرمایہ کاروں کو مکمل سیکیورٹی فراہم کی جا سکے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ ان کے نزدیک بلوچستان میں سرمایہ کاری کے حوالے سے اصل چیلنج سیکیورٹی سے زیادہ صوبے کے بارے میں پائے جانے والے منفی تاثر اور زمینی حقائق کے درمیان فرق ہے، کیونکہ منفی تاثر ہمیشہ حقیقت کے مقابلے میں زیادہ تیزی سے پھیلتا ہے۔ بلوچستان کے بارے میں ذرائع ابلاغ پر دکھائے جانے والے مناظر پورے صوبے کی حقیقی تصویر پیش نہیں کرتے۔ بلوچستان ایک مختلف خطہ ہے، یہاں کے عوام سرمایہ کاروں کا خیرمقدم کرتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ ملکی و غیر ملکی سرمایہ کار صوبے کی ترقی میں اپنا کردار ادا کریں۔ میر سرفراز بگٹی نے ملکی اور بین الاقوامی سرمایہ کاروں کو یقین دہانی کرائی کہ صوبائی حکومت ان کے تحفظ اور سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول فراہم کرنے کی ذمہ داری پوری کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان معدنیات، تیل اور گیس سمیت قدرتی وسائل سے مالا مال ہے اور صوبے کی زیر زمین معدنی دولت میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ ریکوڈک منصوبہ اس حوالے سے ایک نمایاں مثال ہے جو 2029 تک شروع ہونے کی توقع ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے علاقے سرونہ سے بھی آئندہ چند ماہ میں تیل اور گیس کے ذخائر کے حوالے سے اچھی خبریں متوقع ہیں۔ وہاں موجود ذخائر کے بارے میں دستیاب معلومات کے مطابق ان کی مقدار سوئی کے تاریخی گیس ذخائر سے بھی زیادہ ہے، جنہوں نے سات دہائیوں سے زائد عرصے تک پاکستان کی توانائی ضروریات پوری کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبائی حکومت وفاقی حکومت کے تعاون سے سوئی میں فرٹیلائزر سٹی کے قیام کی منصوبہ بندی کر رہی ہے، کیونکہ علاقے میں کم بی ٹی یو گیس موجود ہے جسے صنعتی اور زرعی شعبے کے لیے مؤثر انداز میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔ سرمایہ کاروں کو اس منصوبے سمیت دیگر صنعتی و معدنی منصوبوں میں سرمایہ کاری کی دعوت دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت نہ صرف سیکیورٹی بلکہ سرمایہ کاروں کی ضروریات کے مطابق تمام شہری اور بنیادی سہولیات کی فراہمی بھی یقینی بنائے گی۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ سرمایہ کاروں کا پہلا تقاضا تحفظ اور سرمایہ کاری کے لیے یقین دہانی ہے، جس کی ضمانت وہ صوبائی حکومت، وفاقی حکومت اور بلوچستان کے عوام کی جانب سے دیتے ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ بلوچستان میں سرمایہ کاروں کو سرخ فیتے کی رکاوٹوں کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا بلکہ ون ونڈو آپریشن کے ذریعے تمام ضروری امور کو سہل بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں معدنیات سے متعلق قانون سازی بھی سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے اہم پیش رفت ہے۔ صوبائی اسمبلی نے مائنز اینڈ منرلز ایکٹ تمام سیاسی جماعتوں کے اتفاق رائے سے منظور کیا ہے اور اسے پاکستان کے مجموعی قانونی و پالیسی فریم ورک سے ہم آہنگ رکھا گیا ہے۔ اس قانون سازی کا مقصد معدنی شعبے میں شفافیت، سہولت اور سرمایہ کاری کے لیے ایک واضح نظام فراہم کرنا ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاروں پر زور دیا کہ وہ بلوچستان کو محض خبروں اور منفی تاثر کی بنیاد پر نہ دیکھیں بلکہ خود صوبے کا دورہ کریں، یہاں کے عوام سے ملیں اور دستیاب سرمایہ کاری کے مواقع کا جائزہ لیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان سرمایہ کاروں کے ساتھ محض انتظامی سطح پر نہیں بلکہ ایک حقیقی شراکت دار کے طور پر کام کرنا چاہتی ہے تاکہ صوبے کے قدرتی وسائل کو بروئے کار لا کر معاشی سرگرمیوں، روزگار اور ترقی کے نئے مواقع پیدا کیے جا سکیں۔

بقیہ 39

منرل سیکٹر کو مزید بہتر بنایا جا سکتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کا کہنا تھا کہ پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم 2026 میں شریک مندوبین کا خیرمقدم کرتے ہیں، فورم 2026 کا انعقاد معدنی شعبے کی ترقی کے لیے خوش آئند اور بیرونی سرمایہ کاروں کی پاکستان میں دلچسپی کا عکاس ہے۔ انہوں نے کہا کہ مباحثے میں تمام رہنماؤں نے اپنے خیالات میں اتحاد اور واضح موقف کا اظہار کیا، پورے پاکستان کی قیادت کے خیالات میں آہنگی اور یکجہتی قابل تحسین ہے، قیادت کے خیالات میں اہم آہنگی دیکھ کر خوشی ہوئی۔ ان کا کہنا تھا کہ معدنی شعبے میں دیرپا شراکت داری کے عزم پر عالمی سرمایہ کاروں کا اعتماد قابل تحسین ہے، وزیراعظم اور حکومت کی طرف سے فورم کے انعقاد کا خیرمقدم کرتا ہوں، معدنی صلاحیتوں کو متعارف کرانے میں وزارت خارجہ و سفارتی مشنز نے اہم کردار ادا کیا۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان صاف توانائی، ڈیجیٹل ٹیکنالوجی اور صنعتی پیداوار کے عالمی شعبوں میں فعال کردار چاہتا ہے، پاکستان اپنی معاشی ترقی کے اہم مرحلے پر کھڑا ہے، مالیاتی نظم و ضبط، اصلاحات اور احتیاطی مالیاتی انتظام سے معاشی استحکام میں اہم پیشرفت ہوئی۔ وزیر خارجہ کا کہنا تھا کہ پاکستان کے میکرو لیول سٹاک کیلئے کافی کام کیا گیا ہے، معدنی وسائل کی ترقی پاکستان کی معاشی تبدیلی کے اگلے مرحلے کا اہم حصہ ہے، پاکستان کا مقصد صرف معدنیات نکال کر خام شکل میں برآمد کرنا نہیں، پاکستان کی پوری معدنی ویلیو چین کو ترقی دینا ہے۔ انہوں نے کہا کہ معدنیات پراسیسنگ، صفائی و مصنوعات تیار کرنے کی صلاحیت بتدریج بڑھانا چاہتے ہیں، معدنی شعبے میں کن کنی، ٹیکنالوجی، پراسیسنگ اور توانائی میں سرمایہ کاری درکار ہے، معدنی ترقی سے انجینئرنگ، آٹومیشن، خدمات اور مصنوعات تیاری کے مواقع پیدا ہوں گے۔ نائب وزیراعظم کا کہنا تھا کہ بلوچستان پاکستان کا منرلز کا مستقبل ہے، کلین انرجی اور الیکٹرک گاڑیوں کے باعث تانبے اور دیگر معدنیات کی طلب بڑھ گئی، عالمی سطح پر عدم فراہمی کے ذرائع میں تنوع اور مضبوط سپلائی چین کیلئے کوشاں ہیں۔

بقیہ 40

عبدالخالق اچکزئی کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں رکن اسمبلی زمرک خان اچکزئی نے نئے اضلاع اور ڈویژن بنانے پر وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ضلع پشین کا ہیڈ کوارٹر سرانان رکھنا درست فیصلہ تھا، تاہم ہیڈ کوارٹر کی تبدیلی کے معاملے پر متعلقہ نمائندوں کو اعتماد میں نہیں لیا گیا۔ بلوچستان پشتون، بلوچ، ہزارہ اور دیگر اقوام کا گلدستہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ خانوزئی کو ضلع کا درجہ دینے پر اتفاق کے باوجود تاحال نوٹیفکیشن جاری نہیں کیا گیا۔ اس موقع پر اسپیکر نے پشین ڈویژن کا ہیڈ کوارٹر سرانان سے منتقل کرنے کے معاملے پر کارروائی روکنے کی رولنگ دیتے ہوئے سرانان ہیڈ کوارٹر کی تبدیلی سے متعلق رپورٹ طلب کر لی۔ رکن اسمبلی اصغر ترین نے کہا کہ وزیراعلی میر سرفراز بگٹی کی جانب سے نئے ڈویژن اور اضلاع کے قیام سے متعلق فیصلے خوش آئند ہیں، تاہم اضلاع، ڈویژن اور ہیڈ کوارٹرز کے حوالے سے اسمبلی کو اعتماد میں لیا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ جو لوگ آج ان فیصلوں پر اعتراضات اٹھا رہے ہیں، انہیں اس وقت کیوں خیال نہیں آیا جب وہ خود کابینہ کا حصہ تھے۔ رکن اسمبلی زابد ریکی نے بھی مطالبہ کیا کہ نئے اضلاع، ہیڈ کوارٹرز اور ڈویژن کے قیام سے متعلق فیصلوں میں منتخب نمائندوں کو اعتماد میں لیا جائے۔ اسپیکر نے بتایا کہ آئندہ ہفتے سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو) ایم بی آر (کو طلب کیا گیا ہے، جہاں ارکان اسمبلی اپنے تحفظات اور خدشات پیش کر سکیں گے۔ سابق وزیراعلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ صرف ایک نوٹیفکیشن جاری کرنے سے ضلع نہیں بن جاتے، صوبے کے مالی وسائل اور انتظامی صلاحیت کو بھی مدنظر رکھنا ضروری ہے انہوں نے تنقید کرتے ہوئے کہا کہ صوبے کے پاس وسائل نہیں اور نئے اضلاع بنانے کے فیصلے کیے جا رہے ہیں اجلاس کے دوران گیس بحران پر اظہار خیال کرتے ہوئے رکن صوبائی اسمبلی عبدالصمد گورگیج اصغر خان ترین صوبائی وزیر نور محمد دومڑ ڈپٹی اسپیکر غزالہ گولہ صوبائی وزیر میر صادق عمرانی سید ظفر آغا نے کہا کہ وفاقی وزیر توانائی نے گیس کے معاملے پر بلوچستان کو دھوکہ دیا ہے۔ وزیراعظم کی ہدایت کے باوجود وفاقی وزیر کوئٹہ نہیں آئے۔ انہوں نے کہا کہ گیس کی لوڈشیڈنگ انتہائی خطرناک صورتحال اختیار کر چکی ہے اور اس کے باعث واقعات بھی پیش آ چکے ہیں۔ اگر دو ماہ کے لیے پنجاب کی فیکٹریاں بند کر دی جائیں تو بلوچستان میں گیس کا مسئلہ حل ہو سکتا ہے صوبائی وزیر میر صادق عمرانی نے کہا کہ بلوچستان میں گیس کی عدم فراہمی کے ساتھ بھاری بل بھی عوام کے لیے بڑا مسئلہ بن چکے ہیں۔ صارفین کو اوور بلنگ کے ذریعے بھاری رقوم کے بل بھیجے جا رہے ہیں، جو غریب عوام کے لیے ادا کرنا ممکن نہیں۔ حکومت گیس فراہم کرے یا نہ کرے، کم از کم بلوں کے معاملے میں عوام پر رحم کیا جائے اور انہیں ریلیف دیا جائے۔ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ بلوچستان کے گیس وسائل کو اس انداز میں لوٹا گیا کہ صوبے کی گیس پیداوار 80 فیصد سے کم ہو کر 15 فیصد تک آ گئی ہے۔ ملک میں گیس کی قلت موجود ہے جبکہ سرحدوں سے ایل پی جی کی ترسیل کو اسمگلنگ کے نام پر روک دیا گیا ہے۔ جب تک سرحدیں نہیں کھولی جاتیں، گیس کا مسئلہ حل نہیں ہوگا۔ صوبائی وزیر بخت محمد کاکڑ نے ایوان کو بتایا کہ وزیراعلی بلوچستان نے گیس کے مسئلے پر اجلاس طلب کر لیا ہے، جس میں آئندہ ہفتے سوئی گیس حکام بھی شرکت کریں گے۔ اجلاس میں گیس کی فراہمی کے حوالے سے مؤثر میکنزم طے کیا جائے گا تاکہ صوبے میں گیس کی صورتحال بہتر بنائی جا سکے۔ بعدازاں بلوچستان اسمبلی کا اجلاس جمعہ 13 نومبر 2026 کو سہ پہر 3 بجے تک ملتوی کر دیا گیا۔

بقیہ 41

تک خالی رہنے والے اس کے کیمپ سے ایک ٹی شرٹ یا چائے کا کپ تک غائب نہیں ہوا تھا، یہ بلوچستان کے عوام کے کردار اور ثقافت کی ایک واضح مثال ہے۔ حکومت معدنی راہداری سمیت پورے صوبے میں سرمایہ کاروں کو مکمل سیکیورٹی، ون ونڈو آپریشن اور تمام ضروری سہولیات فراہم کرے گی جبکہ ریڈ ٹیپ ازم کی کوئی گنجائش نہیں ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو یہاں پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم 2026 کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ ریکوڈک کے حوالے سے سوالات کا جواب دینے سے پہلے وہ دنیا کو بلوچستان کے عوام اور ان کی ثقافت کے بارے میں ایک خوبصورت کہانی بتانا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جب بیرک کمپنی چند سال قبل ریکوڈک منصوبے سے الگ ہوئی تو ایک دہائی سے زیادہ عرصے تک اس کا کیمپ خالی پڑا رہا اور وہاں کوئی سیکیورٹی گارڈ بھی تعینات نہیں تھا، لیکن جب کمپنی دس سال بعد واپس آئی تو کیمپ سے ایک ٹی شرٹ تک چوری نہیں ہوئی تھی اور نہ ہی چائے کا ایک کپ غائب تھا۔ انہوں نے کہا کہ یہی بلوچستان ہے اور یہی یہاں کے عوام کی روایات، ثقافت اور مہمان نوازی کا حقیقی عکس ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ جب سرمایہ کاری اور سیکیورٹی کی بات ہوتی ہے تو سب سے پہلے عوام اہمیت رکھتے ہیں۔ بلوچستان کے عوام ملکی اور بین الاقوامی شراکت داروں کا خیرمقدم کرتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ سرمایہ کار صوبے میں آئیں اور یہاں دستیاب مواقع سے فائدہ اٹھائیں۔ حکومت کی پالیسی بھی یہی ہے کہ مقامی آبادی کو ساتھ ملا کر، ان کے دل اور ذہن جیت کر سرمایہ کاروں اور شراکت داروں کے لیے ایک محفوظ اور سازگار ماحول بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ امن و امان کے قیام کے لیے وفاقی اور صوبائی حکومتیں پوری طرح پرعزم ہیں جبکہ سیکیورٹی اداروں کے پاس مطلوبہ صلاحیت اور استعداد موجود ہے۔ معدنی راہداری کے تحفظ کے لیے ایک علیحدہ سیکیورٹی ڈویژن قائم کیا گیا ہے جبکہ فرنٹیئر کور کا نیا ونگ بھی تشکیل دیا جا رہا ہے تاکہ صوبے بھر بالخصوص معدنی راہداری میں سرمایہ کاروں کو مکمل سیکیورٹی فراہم کی جا سکے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ ان کے نزدیک بلوچستان میں سرمایہ کاری کے حوالے سے اصل چیلنج سیکیورٹی سے زیادہ صوبے کے بارے میں پائے جانے والے منفی تاثر اور زمینی حقائق کے درمیان فرق ہے، کیونکہ منفی تاثر ہمیشہ حقیقت کے مقابلے میں زیادہ تیزی سے پھیلتا ہے۔ بلوچستان کے بارے میں ذرائع ابلاغ پر دکھائے جانے والے مناظر پورے صوبے کی حقیقی تصویر پیش نہیں کرتے۔ بلوچستان ایک مختلف خطہ ہے، یہاں کے عوام سرمایہ کاروں کا خیرمقدم کرتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ ملکی و غیر ملکی سرمایہ کار صوبے کی ترقی میں اپنا کردار ادا کریں۔ میر سرفراز بگٹی نے ملکی اور بین الاقوامی سرمایہ کاروں کو یقین دہانی کرائی کہ صوبائی حکومت ان کے تحفظ اور سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول فراہم کرنے کی ذمہ داری پوری کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان معدنیات، تیل اور گیس سمیت قدرتی وسائل سے مالا مال ہے اور صوبے کی زیر زمین معدنی دولت میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ ریکوڈک منصوبہ اس حوالے سے ایک نمایاں مثال ہے جو 2029 تک شروع ہونے کی توقع ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے علاقے سرونہ سے بھی آئندہ چند ماہ میں تیل اور گیس کے ذخائر کے حوالے سے اچھی خبریں متوقع ہیں۔ وہاں موجود ذخائر کے بارے میں دستیاب معلومات کے مطابق ان کی مقدار سوئی کے تاریخی گیس ذخائر سے بھی زیادہ ہے، جنہوں نے سات دہائیوں سے زائد عرصے تک پاکستان کی توانائی ضروریات پوری کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبائی حکومت وفاقی حکومت کے تعاون سے سوئی میں فرٹیلائزر سٹی کے قیام کی منصوبہ بندی کر رہی ہے، کیونکہ علاقے میں کم بی ٹی یو گیس موجود ہے جسے صنعتی اور زرعی شعبے کے لیے مؤثر انداز میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔ سرمایہ کاروں کو اس منصوبے سمیت دیگر صنعتی و معدنی منصوبوں میں سرمایہ کاری کی دعوت دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت نہ صرف سیکیورٹی بلکہ سرمایہ کاروں کی ضروریات کے مطابق تمام شہری اور بنیادی سہولیات کی فراہمی بھی یقینی بنائے گی۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ سرمایہ کاروں کا پہلا تقاضا تحفظ اور سرمایہ کاری کے لیے یقین دہانی ہے، جس کی ضمانت وہ صوبائی حکومت، وفاقی حکومت اور بلوچستان کے عوام کی جانب سے دیتے ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ بلوچستان میں سرمایہ کاروں کو سرخ فیتے کی رکاوٹوں کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا بلکہ ون ونڈو آپریشن کے ذریعے تمام ضروری امور کو سہل بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں معدنیات سے متعلق قانون سازی بھی سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے اہم پیش رفت ہے۔ صوبائی اسمبلی نے مائنز اینڈ منرلز ایکٹ تمام سیاسی جماعتوں کے اتفاق رائے سے منظور کیا ہے اور اسے پاکستان کے مجموعی قانونی و پالیسی فریم ورک سے ہم آہنگ رکھا گیا ہے۔ اس قانون سازی کا مقصد معدنی شعبے میں شفافیت، سہولت اور سرمایہ کاری کے لیے ایک واضح نظام فراہم کرنا ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاروں پر زور دیا کہ وہ بلوچستان کو محض خبروں اور منفی تاثر کی بنیاد پر نہ دیکھیں بلکہ خود صوبے کا دورہ کریں، یہاں کے عوام سے ملیں اور دستیاب سرمایہ کاری کے مواقع کا جائزہ لیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان سرمایہ کاروں کے ساتھ محض انتظامی سطح پر نہیں بلکہ ایک حقیقی شراکت دار کے طور پر کام کرنا چاہتی ہے تاکہ صوبے کے قدرتی وسائل کو بروئے کار لا کر معاشی سرگرمیوں، روزگار اور ترقی کے نئے مواقع پیدا کیے جا سکیں۔ تک خالی رہنے والے اس کے کیمپ سے ایک ٹی شرٹ یا چائے کا کپ تک غائب نہیں ہوا تھا، یہ بلوچستان کے عوام کے کردار اور ثقافت کی ایک واضح مثال ہے۔ حکومت معدنی راہداری سمیت پورے صوبے میں سرمایہ کاروں کو مکمل سیکیورٹی، ون ونڈو آپریشن اور تمام ضروری سہولیات فراہم کرے گی جبکہ ریڈ ٹیپ ازم کی کوئی گنجائش نہیں ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو یہاں پاکستان

خیبر پختونخوا میں سی ٹی ڈی کی کارروائی، 5 دہشتگرد ہلاک

ٹی ٹی پی کمانڈر ساتھیوں سمیت فرار، کلاشنکوف، پستول، دستی بم، میگزین، کارتوس اور دیگر اسلحہ برآمد کرلیا گیا

خیبر پختونخوا سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک دہشت گردوں کے خلاف موثر کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی، آئی جی کے پی ذوالفقار حمید

پشاور(جی این ایم) سی ٹی ڈی کے ایک انٹیلیجنس بیسڈ آپریشن کے دوران فائرنگ کے تبادلے میں 5 دہشت گرد ہلاک ہوگئے، جبکہ ٹی ٹی پی کمانڈر تاج محمد عرف شینے ساتھیوں سمیت فرار ہوگیا۔ کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) خیبر پختونخوا کے مطابق پشاور ریجن کی اہم کارروائی کے دوران جانے خوڑ میرہ باچا خیل، تھانہ بڈابیر کے علاقے میں انٹیلیجنس بیسڈ آپریشن کیا گیا، جہاں کالعدم تنظیم تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) کا کمانڈر تاج محمد عرف شینے ولد الماس، ساکن تیراہ، ضلع خیبر دیگر مسلح ساتھیوں سمیت موجود تھا۔ سی ٹی ڈی کو مصدقہ اطلاع موصول ہوئی تھی کہ دہشت گرد قانون نافذ کرنے والے اداروں پر حملے کی منصوبہ بندی کر رہے ہیں۔ مصدقہ اطلاع پر سی ٹی ڈی ایس ڈبلیو

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 7پر)

بلوچستان اسمبلی سیکرٹریٹ: اے آئی (AI) تربیتی ورکشاپ کا آغاز

کوئٹہ(خ ن) بلوچستان اسمبلی سیکرٹریٹ کے افسران کے لیے پارلیمانی امور میں مصنوعی ذہانت AI اور جدید ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے استعمال سے متعلق چار روزہ تربیتی ورکشاپ کا آغاز سیکرٹری بلوچستان اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ نے چار روزہ تربیتی ورکشاپ کا افتتاح کر دیا۔ بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ کے افسران کی پیشہ ورانہ استعداد کار میں اضافے، جدید

(بقیہ 5 اندرونی صفحہ 7پر)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف سے آزاد جموں وکشمیر کے وزیر اعظم سید افتخار گیلانی ملاقات کررہے ہیں

بلوچستان کی ترقی کے لیے سڑکوں اور بنیادی ڈھانچے کی بہتری ناگزیر ہے، میر سلیم کھوسہ

سڑکیں کسی بھی علاقے کی معاشی اور سماجی ترقی میں بنیادی کردار ادا کرتی ہیں‘ وزیر مواصلات

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات بلوچستان میر سلیم کھوسہ نے کہا ہے کہ صوبے کی ترقی، عوام کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی اور پسماندہ علاقوں کو ترقی کے قومی دھارے میں شامل کرنا حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے۔ سڑکیں کسی بھی علاقے کی معاشی اور سماجی ترقی میں بنیادی کردار ادا کرتی ہیں، اسی لیے مواصلاتی نظام کی بہتری پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے‘ یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی‘ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے مختلف اضلاع اور دور دراز علاقوں میں سڑکوں کی تعمیر و مرمت، رابطہ سڑکوں کی بحالی اور جاری ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں تاکہ عوام کو آمدورفت میں درپیش مشکلات سے نجات مل سکے میر سلیم کھوسہ نے کہا کہ بہتر سڑکوں سے نہ صرف عوام کو سفری سہولیات میسر آتی ہیں بلکہ تجارت، زراعت، کاروبار، تعلیم اور صحت کے

(بقیہ 13 اندرونی صفحہ 7پر)

قائدین حزبِ اختلاف سینیٹ اور قومی اسمبلی کا اعلیٰ عدلیہ کے چیف جسٹس صاحبان کے نام اہم خطوط

بانی اور بشریٰ کے بنیادی حقوق کے تحفظ کے لیے فوری عدالتی مداخلت اور 18 اگست کے حکم پر عملدرآمد کا مطالبہ

کوئٹہ، اسلام آباد(یو این اے) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین، تحریک تحفظِ آئین پاکستان کے سربراہ اور قومی اسمبلی میں قائدِ حزبِ اختلاف محمود خان اچکزئی اور سینیٹ میں قائدِ حزبِ اختلاف علامہ راجہ ناصر عباس نے چیف جسٹس سپریم کورٹ آف پاکستان، چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت اور چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ کے نام اہم

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 7پر)

علی مدد جتک نے عہدے کا چارج سنبھال کر باضابطہ ذمہ داریاں سنبھال لیں

سیاسی وقبائلی شخصیات اور معززین کی جانب سے مبارکباد اور نیک خواہشات کا اظہار

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی وزیر زراعت حاجی علی مدد جتک نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال کر باضابطہ طور پر ذمہ داریاں ادا کرنا شروع کردی ہیں۔ اس موقع پر سیاسی وقبائلی شخصیات میر حفیظ اللہ جتک، میر سعد اللہ خان جتک اور حاجی محمد یوسف بنگلزئی سمیت دیگر معززین بھی موجود تھے۔ تقریب کے دوران شرکا نے صوبائی وزیر زراعت حاجی علی مدد

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 7پر)

بلوچستان حکومت صحت کے شعبے میں انقلابی اقدامات کر رہی ہے، بخت محمد

تھیلیسیمیا کے مریض بچوں کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیحات میں شامل ہے، صوبائی وزیر صحت

کوئٹہ(جی این ایم) تھیلیسیمیا کے مریض بچوں کی اپنے ساتھ سالگرہ منانے کی خواہش پوری کرنے کے لئے وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ سول ہسپتال کے تھیلیسیمیا سینٹر پہنچ گئے، جہاں انہوں نے بچوں کے ساتھ سالگرہ کی خوشیاں منائیں، کیک کاٹا اور بچوں میں تحائف تقسیم کیے۔ اس موقع پر وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے بچوں کے ساتھ وقت گزارا،

(بقیہ 6 اندرونی صفحہ 7پر)

بلوچستان میں سردی کی شدت میں اضافے کے ساتھ گیس غائب پریشر میں کمی

لوڈشیڈنگ اور کم پریشر نے شہریوں کی مشکلات بڑھا دیں، عوام کا بلاتعطل گیس فراہمی کا مطالبہ

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان کے مختلف علاقوں میں سردی کی شدت میں اضافے کے ساتھ ہی گیس کی لوڈشیڈنگ اور کم پریشر کا مسئلہ سنگین ہوتا جا رہا ہے، جس کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ خصوصاً کوئٹہ سمیت سرد علاقوں میں صبح، شام اور رات کے اوقات میں گیس کی عدم دستیابی نے معمولات زندگی متاثر کر دیے ہیں۔ شہریوں

(بقیہ 12 اندرونی صفحہ 7پر)

چیف ایگزیکٹو آفیسر مجیب مری اور اعلیٰ افسران کا قلعہ سیف اللہ ڈویژن کا دورہ

ڈویژن کے تمام اہم مسائل پر غور، ملازمین کی جانب سے ریکوری ہدف کے حصول اور لائن لاسز کم کرنے کی مکمل یقین دہانی

کوئٹہ(یو این اے) چیف ایگزیکٹو آفیسر مجیب مری، چیف انجینئر نظام اچکزئی، پی ڈی کنسٹرکشن کلیم اللہ جوگیزئی صاحب اور امان اللہ ترین نے قلعہ سیف اللہ ڈویژن کا دورہ کیا۔ ڈویژن چیرمین صالحان جوگیزئی اراو چیرمین عبدالہادی کاکڑ مسلم باغ سب ڈویژن موسی خان کاکڑ اکبر خان ناصر ایس ڈی او مسلم باغ عبدالحد ایس ڈی او ژوب ایس ڈی او قلعہ

(بقیہ 11 اندرونی صفحہ 7پر)

لسبیلہ پولیس کی کارروائی، کراچی سے چھینی گئی موٹر سائیکل برآمد، ملزم گرفتار

ملزم کو آر سی ڈی روڈ پر دبئی مسجد چیک پوسٹ کے مقام پر اسنیپ چیکنگ کے دوران پکڑا گیا، تھانہ اوتھل میں مقدمہ درج

کوئٹہ(یو این اے) لسبیلہ پولیس نے اسنیپ چیکنگ کے دوران کامیاب کارروائی کرتے ہوئے کراچی سے چھینی گئی موٹر سائیکل برآمد کر کے واردات میں ملوث ملزم کو گرفتار کرلیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق سی آئی اے پولیس لسبیلہ نے قومی شاہراہ آر سی ڈی روڈ (این25-) پر دبئی مسجد چیک پوسٹ کے مقام پر معمول کی اسنیپ چیکنگ کے دوران

(بقیہ 8 اندرونی صفحہ 7پر)

ژوب پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مختلف کارروائیاں

کارروائی کے دوران اقدام قتل اور ڈکیتی سمیت تین مقدمات میں نامزد ملزمان گرفتار

ژوب(یو این اے) ایس ایس پی ژوب سید عبدالصبور آغا کی خصوصی ہدایات پر ڈی ایس پی گلاب الدین کاکڑ، ایس ایچ او عدنان افضل اور ڈی آئی بی انچارج روزی خان نے پولیس ٹیم کے ہمراہ مختلف کامیاب کارروائیاں کرتے ہوئے اقدام قتل، ڈکیتی اور لڑائی جھگڑے کے مقدمات میں نامزد تین ملزمان کو گرفتار کرلیا ہے۔ پولیس حکام کے مطابق پہلی

(بقیہ 10 اندرونی صفحہ 7پر)

دہشتگردی نفرت انگیز تقاریر سمیت ہماری 4 ریڈ لائنز ہیں، محسن نقوی

ملک میں کہیں حکومت کی رٹ نہیں، مہنگائی کی شرح بڑھی ہے، وفاقی اور صوبے اپنی ذمے داری ادا کریں

حکومت کی رٹ کسی جگہ نہیں ہے، 29 نومبر کو مینار پاکستان پر جلسہ عام ہوگا مسلم ممالک کو غزہ کی صورتحال پر متحد ہونے کی ضرورت ہے، حافظ نعیم الرحمٰن

کراچی (آئی این پی) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے لاہور، کراچی اور پشاور میں احتجاجی جلسوں کے شیڈول کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومتیں ناکام ہوچکی ہیں، کہیں کوئی حکومتی رٹ نہیں ہے۔ یہاں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ غزہ کی صورتحال خراب ہے، سردی بڑھنے سے خیموں کی ضرورت میں اضافہ ہوگیا ہے، مسلم ممالک کو غزہ کی صورتحال پر متحد ہونے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسرائیل کو امریکا کی پشت پناہی حاصل ہے، اسرائیل امن معاہدے کی ہمیشہ خلاف ورزیاں کرتا ہے اور پیس بورڈ اپنا کردار ادا نہیں کررہا۔ اسرائیل عالمی دہشت گرد ہے۔ انہوں نے کہا کہ بیت المقدس کے لیے بھی کوئی معاہدہ ہونا چاہیے۔ مسئلہ

(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 7پر)

کراچی: گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی سے وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان گورنر ہاؤس میں ملاقات کررہے ہیں

جامعہ تربت: چوتھے کانووکیشن کی رجسٹریشن کی آخری تاریخ میں 4 دسمبر تک توسیع

تربت (اے این این) جامعہ تربت نے چوتھے کانووکیشن 2027 کے لیے رجسٹریشن کی آخری تاریخ میں 4 دسمبر 2026 تک توسیع کر دی ہے۔ کنٹرولر امتحانات کی جانب سے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق سال 2025 میں ڈگری مکمل کرنے والے بی ایس اور ایم ایس/ایم فل کے فارغ التحصیل طلبہ رجسٹریشن کرانے کے اہل ہیں۔

(بقیہ 7 اندرونی صفحہ 7پر)

تاجروں کے مسائل حل کرنے کے لیے ہر ممکن کوشش کریں گے، سردار ایاز صادق

سردار ایاز صادق سے چمن چیمبر آف کامرس کے وفد کی ملاقات، چمن بارڈر کی بحالی پر تبادلہ خیال

کوئٹہ(یو این اے) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے منگل کے روز پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری جمال شاہ کاکڑ کی قیادت میں چمن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے وفد سے پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد میں ملاقات کی۔ ملاقات میں پاکستان مسلم لیگ(ن) کے بلوچستان اسمبلی میں پارلیمانی لیڈر وصوبائی وزیر میر سلیم احمد کھوسہ، چمن چیمبر آف کامرس کے صدر حاجی علاؤ الدین اچکزئی، سابق صدر حاجی رحمت اللہ پہلوان، کنوینر اسٹینڈنگ کمیٹی حاجی عبدالمنان خان درانی، ایڈووکیٹ ہمایوں خان اچکزئی، سیکرٹری چمن چیمبر نقیب اللہ اچکزئی اور ایگزیکٹو ممبر محمود خان بھی موجود تھے۔ ملاقات میں جمال شاہ کاکڑ نے اسپیکر قومی اسمبلی کو چمن بارڈر کی طویل بندش کے باعث مقامی تاجروں، کاروباری

(بقیہ 9 اندرونی صفحہ 7پر)

کوئٹہ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل کوئٹہ محمد انور کاکڑ انسداد پولیو مہم کے حوالے سے ڈی پیک کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

آزاد کشمیر میں کالعدم جوائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی انتشار پھیلا رہی ہے، طلال چوہدری

کہ کالعدم کمیٹی کے گرفتار شرپسندوں سے تفتیش کی بنیاد پر مزید گرفتاریاں ہوئیں بھارت سے فنڈنگ ہو رہی ہے

کالعدم کمیٹی کے شرپسند عناصر کا خاتمہ ضروری ہے، کشمیر کے مستقبل سے متعلق فیصلہ کشمیریوں کو خود کرنا چاہیے، بیان

اسلام آباد(جی این ایم) وزیر مملکت داخلہ طلال چودھری نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر میں کالعدم جوائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی انتشار پھیلا رہی ہے اور اسے بھارت کی جانب سے مالی معاونت فراہم کی جا رہی ہے۔ ایک بیان میں وزیر مملکت نے کہا کہ کالعدم کمیٹی کے گرفتار شرپسندوں سے تفتیش کی بنیاد پر مزید گرفتاریاں ہوئیں، امتیاز اسلم کالعدم کمیٹی کی کور کمیٹی کا ممبر ہے، امتیاز اسلم کالعدم ایکشن کمیٹی کی قیادت کے درمیان رابطہ کاری کرتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ لوگ گرفتار ہوئے جنہوں نے اسلحہ کشمیر لے کر جانا تھا، اصغر سرحدی علاقوں سے اسلحہ آگے پہنچاتا تھا، جبکہ ماجد نامی شخص ضیا سے رابطہ رکھ کر اسلحہ آگے فراہم کرتا تھا، ایک ناظم نامی شخص تھا جس کا عمار سہیل سے رابطہ تھا۔ انہوں نے بتایا کہ کالعدم ایکشن کمیٹی کو

(بقیہ 16 اندرونی صفحہ 7پر)

ادویات کی شناخت اور نگرانی کیلئے ڈریپ کا ٹو ڈی بارکوڈ سسٹم فعال

اسلام آباد(جی این ایم) ملک بھر میں ادویات کی شناخت اور نگرانی کے لئے ڈریپ کا ٹو ڈی بار کوڈ سسٹم فعال کردیا گیا۔ جعلی اور غیر معیاری ادویات کی فروخت روکنے کیلئے ڈریپ کا ٹو ڈی بارکوڈ سسٹم فعال کردیا گیا۔ اب ملک بھر میں ہر دوا کی شناخت اور نگرانی ممکن ہوگی۔ سات سو فارماسیوٹیکل کمپنیوں کی ہزاروں ادویات سسٹم سے منسلک کردیا گیا۔

(بقیہ 20 اندرونی صفحہ 7پر)

کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری کو کوئٹہ ڈویلپمنٹ پراجیکٹ کے منصوبوں کے حوالے سے بریفنگ دی جارہی ہے

ایران میں شدید معاشی بحران، اشیائے خورونوش کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ

تہران(جی این ایم) ایران میں معاشی بحران شدید ہوگیا، اشیائے خورونوش کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ ہوگیا۔ ایرانی میڈیا رپورٹس کے مطابق ایرانی عوام کو مہنگائی کے نئے طوفان کا سامنا ہے جس کے باعث انڈوں، دودھ اور مرغی کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگی ہیں، مارچ کے مقابلے میں انڈوں کی قیمتیں دوگنا سے بھی زیادہ بڑھ چکی ہیں۔ سرکاری اعدادوشمار کے مطابق 2026 کے موسم گرما میں اشیا اور خدمات کی پیداواری قیمتوں میں سالانہ بنیادوں پر مہنگائی کی شرح 120.9 فیصد تک پہنچ گئی، جو ایرانی گھرانوں کے بجٹ پر مزید دباؤ بڑھنے کا اشارہ

(بقیہ 23 اندرونی صفحہ 2پر)

عوامی مسائل کا حل اور بلاامتیاز ترقی ہماری سیاست کا بنیادی مقصد ہے، زرک مندوخیل

ترقی کے ثمرات کسی مخصوص علاقے یا طبقے تک محدود نہیں رہنے چاہئیں، رکن صوبائی اسمبلی

کوئٹہ(اے این این) رکن بلوچستان اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا ہے کہ سیاست کا اصل مقصد عوام کی خدمت، ان کے مسائل کا حل اور علاقے کی ترقی ہے۔ عوام نے اپنے نمائندوں کو اس امید کے ساتھ منتخب کیا ہے کہ ان کی آواز ایوانوں تک پہنچائی جائے اور انہیں درپیش مشکلات کے خاتمے کے لیے مؤثر کردار ادا کیا جائے‘ یہ بات

(بقیہ 21 اندرونی صفحہ 7پر)

ہشتم بورڈ امتحان میں سرِ عام نقل اور مبینہ بدعنوانی کی شدید مذمت

لازمی کے بجائے اختیاری قرار دیا جائے بصورتِ دیگر صوبہ بھر میں بھرپور احتجاج ہوگا، بیان

کوئٹہ(یو این اے) آل پاکستان پرائیویٹ سکولز فیڈریشن بلوچستان کے صوبائی آرگنائزر نذر بڑیچ۔ محمد جعفر خان۔ مولوی جیلانی البدری۔ گل محمد مستوئی۔ حق نواز شاہ۔ عابد ناصر۔ امان اللہ مینگل۔ ولی محمد زہری۔ بلال احمد خان۔ امیر محمد کاکڑ و دیگر رہنماؤں نے تعلیم دشمن ہشتم بورڈ امتحان میں سرعام نقل۔ امتحانی ہال میں موبائل فون کا استعمال امتحانی سٹاف

(بقیہ 22 اندرونی صفحہ 2پر)

وزیراعظم کی ایئرپورٹس پر اسمارٹ اسکیننگ سسٹم جلد فعال کرنے کی ہدایت

چیئرمین ایف بی آر کراچی اور لاہور کے دورے کرکے تاجروں اور صنعتکاروں سے ملاقات کریں، شہباز شریف

اسلام آباد (اے این این) وزیراعظم شہباز شریف نے ملکی ایئرپورٹس پر اسمارٹ اسکیننگ سسٹم جلد فعال کرنے کی ہدایت کردی۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے امور پر ہفتہ وار جائزہ اجلاس وزیراعظم کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں ٹیکس وصولیوں اور ایف بی آر کے مختلف آپریشنز کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے شرکا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعظم نے پاکستان

(بقیہ 14 اندرونی صفحہ 2پر)

کیسکو حکام سردی میں بجلی کی لوڈشیڈنگ ختم کیا جائے‘ مولانا حیات

قلات میں کیسکو کی جانب سے اٹھارہ گھنٹے کی طویل لوڈشیڈنگ نا قابل برداشت ہے‘ بیان

قلات (اے این این) جمعیت علماء اسلام قلات کے رہنما مولانا محمد حیات نیچاری نے کہا ہے کہ قلات میں کیسکو کی جانب سے اٹھارہ گھنٹے کی طویل لوڈشیڈنگ اور بجلی کی مسلسل آنکھ مچولی سے معمولاتِ زندگی بری طرح متاثر ہوکر رہ گئے ہیں۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ بجلی کی غیر اعلانیہ بندش اور بار بار ٹرپنگ کے باعث شہریوں کی قیمتی برقی

(بقیہ 15 اندرونی صفحہ 2پر)

کوئٹہ پریس کلب کے باہر بی یو جے کا دوروزہ احتجاجی کیمپ اختتام پذیر

چارٹر آف ڈیمانڈ کی منظوری تک جدوجہد جاری رہے گی، فیصلہ کن پاور شو اسلام آباد میں ہوگا، صدر پی ایف یو جے افضل بٹ کا خطاب

کوئٹہ(یو این اے) پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس کی کال پر بلوچستان یونین آف جرنلسٹس کی جانب سے کوئٹہ پریس کلب کے باہر لگایا گیا دوروزہ احتجاجی کیمپ اختتام پذیر ہوگیا، احتجاجی کیمپ میں پیکا ایکٹ، میڈیا اداروں سے صحافیوں اور میڈیا ورکرز کے خلاف ملک گیر تحریک مزید تیز کرنے کا اعلان کرتے ہوئے آزادی صحافت پر قدغن کسی طور قبول نہ کرنے اور چارٹر آف ڈیمانڈ پر مکمل عمل درآمد تک ملک گیر احتجاجی تحریک جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ پی ایف یو جے کا پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس)پی ایف یو جے (کی کال پر بلوچستان یونین آف جرنلسٹس (بی یو جے) کے زیر اہتمام کوئٹہ میں جاری دو روزہ احتجاجی کیمپ اختتام پذیر ہوگیا۔ شدید سردی اور منفی درجہ حرارت کے باوجود صحافیوں نے مسلسل 27 گھنٹے احتجاجی کیمپ میں موجود رہ کر آزادی صحافت، آزادی اظہار، صحافیوں کے تحفظ، معاشی حقوق کے حصول اور پیکا

(بقیہ 19 اندرونی صفحہ 2پر)

کوئٹہ، صوبائی وزیر کیمونٹی منیجمنٹ ڈیپارٹمنٹ وچیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد دمڑ اپنے علاقے کے لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

وزیراعظم کا وفاقی وزرا کی جانب سے ایک دوسرے کیخلاف جاری بیان بازی کا نوٹس

وفاقی کابینہ کے تمام وزرا کو یہ ہدایات کرتا ہوں ایک دوسرے کے خلاف سیاسی بیان بازی سے گریز کیا جائے

وفاقی حکومت کی تمام تر توجہ عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں پر مرکوز ہے، معاشی استحکام سے پائیدار معاشی ترقی کی جانب اپنا سفر جاری رکھے ہوئے ہے، شہباز شریف

اسلام آباد(جی این ایم) وزیراعظم شہباز شریف نے وزرا کی جانب سے حالیہ بیان بازی کا نوٹس لے لیا۔ جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے کہا کہ وفاقی حکومت کی تمام تر توجہ عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں پر مرکوز ہے، حکومت معاشی استحکام سے پائیدار معاشی ترقی کی جانب اپنا سفر جاری رکھے ہوئے ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ الحمدللہ، پاکستان کو بین الاقوامی سطح پر اور سفارتی محاذ پر بھی اللہ تعالی نے متعدد اہم کامیابیوں سے نوازا ہے، وفاقی حکومت نے ہمیشہ تعمیر و ترقی کی سیاست کو فروغ دیا ہے۔ وزیرِ اعظم نے کہا کہ اس موقع پر میں، وفاقی کابینہ کے تمام وزرا کو یہ ہدایات کرتا ہوں کہ ایک دوسرے کے خلاف سیاسی بیان بازی سے گریز کیا جائے۔ وفاقی کابینہ کے اراکین کے

(بقیہ 17 اندرونی صفحہ 7پر)

کوئٹہ، پارلیمانی سیکرٹری سماجی بہبود حاجی ولی محمد نورزئی اپنے دفتر میں عوامی مسائل سن رہے ہیں

سینئر صحافی رانا عظیم کو حراست میں لے لیا گیا

لاہور(اے این این) سینئر صحافی رانا عظیم کو حراست میں لے لیا گیا۔ پی ایف یو جے کے صدر رانا عظیم کو لاہور ہائیکورٹ آتے ہوئے نامعلوم افراد گاڑی سے اتار کر اپنے ساتھ لے گئے۔ رپورٹ کے مطابق نامعلوم افراد رانا عظیم کو سی پی او آفس کی طرف لے گئے، رانا عظیم لاہور ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن میں آل پارٹیز کانفرنس میں شرکت کے لیے جارہے

(بقیہ 18 اندرونی صفحہ 2پر)

خاران میں دن دیہاڑے ڈکیتی، نامعلوم مسلح افراد شہری سے نئی موٹر سائیکل چھین کر فرار

چوری وڈکیتی کی وارداتوں میں اضافے پر شہریوں میں تشویش، ملزمان کی فوری گرفتاری اور موٹر سائیکل برآمدگی کا مطالبہ

خاران(یو این اے) خاران کے علاقے کلان کور ڈیری فارم ایریا میں نامعلوم مسلح افراد اسلحے کے زور پر شہری سے نئی موٹر سائیکل چھین کر فرار ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق سفیان ولد امداد اللہ گرگناڑی کلان کور ڈیری فارم ایریا میں موجود تھے کہ اس دوران نامعلوم مسلح افراد نے انہیں اسلحے کے زور پر یرغمال بنا کر نئی موٹر سائیکل چھین لی اور موقع سے فرار

(بقیہ 26 اندرونی صفحہ 2پر)

خیبر پختونخوا بک بورڈ کا نصابی کتب کے مواد کا جائزہ لینے کا فیصلہ

پشاور(جی این ایم) خیبر پختونخوا ٹیکسٹ بک بورڈ نے نصابی کتب کے مواد کا جائزہ لینے کا فیصلہ کیا۔ خیبر پختونخوا ٹیکسٹ بک بورڈ نے تمام سبجیکٹ سپیشلسٹ کو نصابی کتب کی جانچ پڑتال کی ہدایات جاری کردی ہیں کہ نصابی کتب کا مواد قومی ترجیحات سے متصادم نہیں ہونا چاہیے۔ ٹیکسٹ بک بورڈ کی جانب سے کہا گیا ہے کہ کسی ملک کی علاقائی سالمیت کے خلاف مواد نصابی کتب کا حصہ نہ بنایا جائے، مذہبی یا سیاسی وابستگی کی بنیاد پر قانون ہاتھ میں لینے کی ترغیب دینے والا مواد ممنوع قرار ہے۔ نصابی کتب کے نقشوں اور علاقائی حوالوں میں ڈیورنڈ لائن کی اصطلاح استعمال نہ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے،

(بقیہ 24 اندرونی صفحہ 2پر)

ڈپٹی کمشنر شیرانی کلیم اللہ کاکڑ کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اجلاس

سرکاری تعلیمی اداروں کی کارکردگی کو مؤثر بنانا اولین ترجیح ہے، تمام مسائل باہمی مشاورت سے حل کیے جائیں، ڈپٹی کمشنر کی ہدایت

شیرانی(یو این اے) ڈپٹی کمشنر شیرانی کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اجلاس منعقد ڈپٹی کمشنر شیرانی کلیم اللہ کاکڑ کی زیرِ صدارت آج ڈپٹی کمشنر آفس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع شیرانی میں تعلیمی امور، تعلیمی اداروں کی کارکردگی اور درپیش مسائل کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں

(بقیہ 25 اندرونی صفحہ 2پر)

2026
23
2024/23
بلوچستان یونین آف جرنلسٹس بمقام کوئٹہ
کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان کے معاون خصوصی شاہد رند ااور سینئر جرنلسٹ پی ایف یو جے کے احتجاجی کیمپ میں شریک ہیں

امریکا فی الحال ایران کیخلاف کوئی قدم اٹھانے کا ارادہ نہیں رکھتا، ٹرمپ

مستقل معاہدہ کرنے کا خواہاں ہیں، انتخابات کے نتائج کے بعد ایران کی جارحیت میں اضافہ ہوا ہے، امریکی صدر

ایران نے گزشتہ ایک ہفتے کے دوران گزشتہ ایک سال کے مقابلے میں سب سے زیادہ ڈرونز اور میزائل داغے، تاہم امریکی دفاعی نظام نے تمام حملے ناکام بنا دیئے، بیان

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران کے خلاف فوجی کارروائی کرنے کا تاحال کوئی حتمی فیصلہ نہیں کیا گیا اور امریکا تہران کے ساتھ مستقل معاہدہ کرنے کا خواہاں ہے۔ انہوں نے دعوی کیا کہ ایران نے گزشتہ ایک ہفتے کے دوران گزشتہ ایک سال کے مقابلے میں سب سے زیادہ ڈرونز اور میزائل داغے، تاہم امریکی دفاعی نظام نے تمام حملے ناکام بنا دیئے۔ ٹرمپ نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر جاری بیان میں کہا کہ امریکا فی الحال 2027 تک ایران کے خلاف کوئی قدم اٹھانے کا ارادہ نہیں رکھتا۔ امریکی صدر نے کہا کہ واشنگٹن کی ترجیح ایران کے ساتھ ایک مستقل معاہدہ کرنا ہے، تاہم انہوں نے اس معاہدے کی ممکنہ شرائط یا سفارتی کوششوں کی

(بقیہ 35 اندرونی صفحہ 7پر)

اوستہ محمد پولیس کی کارروائی، مقدمات میں نامزد دو روپوش ملزمان گرفتار

گرفتار ملزمان کے خلاف مزید قانونی کارروائی جاری ہے، جرائم پیشہ عناصر کے خلاف آپریشن جاری رہے گا، پولیس حکام

اوستہ محمد(یو این اے) ایس پی اوستہ محمد حافظ معاذ الرحمٰن کی خصوصی ہدایات اور ڈی ایس پی سرکل گنداخہ محمد علی جمالی کی نگرانی میں ایس ایچ او تھانہ باغ ہیڈ

(بقیہ 34 اندرونی صفحہ 7پر)

آبنائے ہرمز میں سمندری بارودی سرنگوں سے ٹکرا کر مزید تین آئل ٹینکرز تباہ

تہران (جی این ایم) آبنائے ہرمز میں سمندری بارودی سرنگوں سے ٹکرا کر تین آئل ٹینکرز تباہ

(بقیہ 33 اندرونی صفحہ 7پر)

بلاول کی بات ٹھیک ہے ریفرنڈم کی تاریخ پاکستان میں بہت بھیانک رہی، گورنر پنجاب

سندھ کا فیصلہ ہم نہیں کرسکتے وہاں کے عوام اس کا فیصلہ کریں گے جو بھی ہو اتفاق رائے سے ہو، سردار سلیم حیدر

اسلام آباد(اے این این) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا ہے کہ بلاول بھٹو کی بات ٹھیک ہے ریفرنڈم کی تاریخ پاکستان میں بہت بھیانک رہی ہے، سندھ کا فیصلہ ہم نہیں کرسکتے، وہاں کے عوام اس کا فیصلہ کریں گے۔ یہ بات انہوں نے اسلام آباد ہائی کورٹ جرنلسٹس ایسوسی ایشن) کورٹ رپورٹرز (سے ملاقات میں کہی، ملاقات پنجاب ہاس اسلام آباد میں ہوئی۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ گورنر راج کے حق میں نہیں لیکن حالات کے باعث یہ وقت کی ضرورت بن چکا تھا، پی ٹی آئی کی 80 فیصد غلطیوں کی وجہ سے یہ ایمرجنسی نافذ ہوئی، معاملہ اب بحث

(بقیہ 27 اندرونی صفحہ 7پر)

صوبائی وزیر حاجی نور محمد دمڑ سے زیارت، ہرنائی اور سنجاوی کے وفود کی ملاقات

عوامی خدمت اور لوگوں کے مسائل کا بروقت حل اولین ترجیحات میں شامل ہے، صوبائی وزیر

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر کموڈیٹی منجمنٹ ڈیپارٹمنٹ وچیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد دمڑ سے زیارت، ہرنائی اور سنجاوی سے تعلق رکھنے والے مختلف عوامی وفود نے سول سیکرٹریٹ آفس میں ملاقات کی اس موقع پر وفود نے اپنے اپنے علاقوں کے عوام کو درپیش مختلف مسائل اور مشکلات سے صوبائی وزیر کو آگاہ کیا صوبائی وزیر حاجی نور محمد دمڑ نے وفود کی شکایات اور مسائل کو نہایت توجہ اور غور سے سنا اور انہیں یقین دہانی کرائی کہ عوامی مسائل

(بقیہ 31 اندرونی صفحہ 7پر)

ضلع تورغر میں مسافر گاڑی حادثے کا شکار، 8 افراد جاں بحق 7 زخمی

بریک فیل ہونے کے باعث گاڑی سڑک سے تین موڑ نیچے گرنے سے حادثے کا شکار ہوئی زخمیوں میں تین مرد، تین خواتین اور ایک بچہ شامل

زخمیوں و بی ایچ یو منتقل کیا گیا جہاں ان کو ابتدائی طبی امداد ملنے کے بعد ریسکیو ایمبولینسز کے ذریعے ڈی ایچ کیو اسپتال بٹگرام منتقل کردیا گیا

پشاور(جی این ایم) خیبر پختونخوا کے ضلع تورغر میں مسافر ڈاٹسن گاڑی سیری گیگانی کنڈو کے مقام پر گاڑی بریک فیل ہونے کے باعث حادثے کا شکار ہوگئی جس کے نتیجے میں خاتون سمیت 8 افراد جاں بحق اور 7 زخمی ہوگئے۔ تفصیل کے مطابق بریک فیل ہونے کے باعث گاڑی سڑک سے تین موڑ نیچے گرنے سے حادثے کا شکار ہوئی۔ اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 تورغر کی ایمبولینس مع میڈیکل ٹیم فوری طور پر جائے حادثہ پر پہنچ گئی۔ ریسکیو 1122 کے مطابق حادثے میں 7 افراد زخمی ہوئے جن میں تین مرد، تین خواتین اور ایک بچہ شامل ہے۔ بعض کی حالت تشویشناک بتائی جارہی ہے۔ حادثے میں جاں بحق ہونے والوں میں جے یو آئی کے مقامی رہنما مولانا سمیع اللہ زرین بھی

(بقیہ 28 اندرونی صفحہ 7پر)

بلاول بھٹو زرداری 3 روزہ دورے پر ملتان پہنچ گئے

ملتان (اے این این) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری 3 روزہ دورے پر ملتان پہنچ گئے،

(بقیہ 30 اندرونی صفحہ 7پر)

ڈیجیٹل بلوچستان ایکسپو میں، سیکرٹری بلدیات عبدالرؤف بلوچ کی زیرِ صدارت اجلاس

بلدیاتی اداروں کی کارکردگی، شفافیت اور عوامی خدمات کے معیار کو بہتر بنایا جا رہا ہے: سیکرٹری بلدیات

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے تحت ڈیجیٹل بلوچستان ایکسپو2026 میں محکمہ بلدیات و دیہی ترقی کی مؤثر شرکت اور ڈیجیٹل

(بقیہ 29 اندرونی صفحہ 7پر)

چیف ایڈیٹر و پبلشر سید فاروق شاہ نے روزنامہ عسکر انٹرنیشنل کوئٹہ کو انڈیپنڈنٹ پرنٹر سے چھپوا کر دفتر روزنامہ عسکر انٹرنیشنل آفس نمبر 315 یونیورسل کمپلیکس 3ed فلور سے شائع کیا۔ فون نمبر:۔ 0812092472 - 03318383955